بسم اللہ الرحمن الرحیم

هٰذَا بَصَائِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ

جزء ۹ رکوع ۱۴

یہ روشن دلیلیں ہیں تمہارے پروردگار کی طرف سے اور رحمت ہے مومنوں (مقبل مومنوں) کیلئے

الحمد للہ والمنۃ

مخزن الدلائل

مؤلفہ

حضرت علامہ قاضی منتجب الدین خلیفہ حضرت بندگی میاں شاہ نعمت رضی اللہ عنہ

مترجم

باہتمام

دار الاشاعت کتب سلف الصالحین

المعروف بہ جمعیۃ مہدویہ دائرہ زمستانپور مشیر آباد حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۷۳ ہجری

مطبوعہ

ابراہیمیہ مشین پریس حیدرآباد دکن

مخزن الدلائل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی شرح صدور اولیائہ بآثار معرفتہ حتی علموا حقائق الشریعۃ فتابعوھا و نور قلوب اصفیائہ بانوار محبتہ حتی عرفوا دقائق الطریقۃ فوافقوھا وکحل ابصار احبابہ باظہار جمالہ حتی فہموا لطائف الحقیقۃ فعاینوھا فسبحان من کشف عن بصائرھم حجب الاغیار و الاشکال فتجلی لھم بلا حجب و استار والصلوٰۃ والسلام علی من ھدٰھم من ظلم استار الجلال الی نور الجمال وھو محمد ن المصطفٰی خاتم الانبیاء وعلی آلہ و اصحابہ ثم الصلوٰۃ والسلام علی من ارشدھم الی من لہ الجلال والکمال وھو محمد ن المجتبٰی المھدی الموعود فی آخر الزمان خاتم

تمام تعریف ثابت ہے اللہ تعالیٰ کیلئے جسنے اپنے دوستوں کے سینوں کو اپنی معرفت کے آثار دیکھنے کیلئے کشادہ کیا تاکہ اس کشادگی میں شریعت کے حقایق کو جانیں (پیروی کریں) اور اپنے برگزیدہ بندوں کے دلوں کو اپنی محبت کے انوار سے منور کیا تاکہ ان انوار سے طریقت کی باریکیوں کو سمجھ کر اُن کے ساتھ موافقت کریں (عمل کریں) اور اپنے دوستوں کی آنکھوں میں اپنے ظہور جمال کا سرمہ لگایا تاکہ حقیقت کے اسرار کو سمجھیں پس دیکھ لیا انھوں نے ان تمام باریکیوں اور بھیدوں کو پاک ہے وہ ذات پاک جسنے اپنے دوستوں کے دل کی آنکھوں سے غیر اللہ کے پردوں اور باطنی امور کی مشکلوں کو دور کردیا۔ اور پھر اُنکے سامنے بے پردہ و بے حجاب جلوہ افروز ہوا اور درود و سلام ہو اُس پر جس نے اولیاء و اصفیاء کو جلال کے پردوں کی تاریکی سے ہٹا کر نور جمال کی ہدایت کی وہ محمد مصطفٰے خاتم الانبیاء ہے اور درود و سلام ہو آپ کی سب آل و اصحاب پر پھر درود و سلام ہو اس پر جس نے اولیاء و اصفیاء کو اُس ذات کی راہ دکھائی جس کی بزرگی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

التماس

مصدقان حضرت سید محمد جونپوری امام مہدی موعود آخر الزماں خلیفۃ الرحمان خاتم ولایت محمدی صلعم سے التماس ہے کہ

حضرت بندگیمیاں سید قاسم مجتہد گروہ مہدویہؒ نے لکھا ہے کہ

"قاضی منتجب جو علامۂ زماں تھے حضرت امام مہدی موعود علیہ السلام کی مہدیت کے ثبوت میں مدلل رسالہ لکھکر اس کا نام مخزن الدلائل رکھا ہے (ملاحظہ ہو اسامی مصدقین مولفہ مجتہد گروہؒ)

صاحب تاریخ سلیمانی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ

میاں قاضی منتجبؒ جو ملک خاندیس قصبہ جونیر کے باشندے تھے حضرت امام مہدی موعودؑ کے اوصاف حمیدہ سنکر ضلع بیدر آئے اور امامؑ کی قدمبوسی سے سرفراز ہو کر تصدیق سے مشرف ہوئے اور حضرت بندگی میاں شاہ نعمتؓ* کی خلافت میں مبشر اور منظور نظر ہوئے عالم عامل سالک کامل تھے حضرت مہدیؑ کی مہدیت کے ثبوت میں قوی دلیلوں اور حجتوں سے بھرا ہوا رسالہ عربی زبان میں لکھا ہے جس کا نام مخزن الدلائل ہے (ملاحظہ ہو تاریخ سلیمانی گلشن ششم چمن چہارم)

چونکہ مخزن الدلائل حضرت مہدی موعود خلیفۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مہدیت کے ثبوت کا بہترین خزانہ ہے لہذا ہر مہدوی کا فرض ہے کہ یہ خزانہ اپنے پاس رکھے فقط

المرقوم ۲۸ جمادی الاول ۱۳۷۳ھ

از

احقر دلاور

* حضرت شاہ نعمتؓ حضرت مہدیؑ کے خلیفہ سوم ہیں۔

ينطقه لساني ويرقمه بناني وينطوي عليه جناني انه على ما يشاء قدير وبالاجابة جدير واعلم ان المنكر اذا سمع الحق من عبد من عباد الله استنكف قبوله وتشمر بجحده ولذلك ترى المناظرين في المسائل الدينية يزعمون انهم يتباحثون في اسرار الدين ثم انهم يتجاحدون تجاحد المنكرين ومهما اتضح الحق على لسان احد انف الآخر من قبوله وتشمر بجحده واحتال لدفعه بالتلبيس وذلك من اخلاق الابليس فلا ينبغي لك ان تكون متحيرا وتفكر في الخلق فافهم فعليك ان تدبر بالانصاف واربط قلبك الى الحق بالاخلاص وانظر الى ما قال الرحمن۔ افلا يتدبرون القرآن ولا ادعي ان كلامي هذا خال عن النقص والعيب فان كلام الله هو المتعالي عن النقص والريب توكلت عليه في الخاتم والاوائل وسميته **بمخزن الدلائل** و اسال الله العظيم ان ينتفع به اوليائه واحبائه ويتدبر فيه الطالبون

(جزء ۲۶ رکوع ۷)

اللہ تعالیٰ سے میری عرض ہیکہ جو بات میری زبان سے نکلتی ہے اور جو کچھ میرا قلم لکھتا ہے اور جو اعتقاد میرے دل میں ہے یہ سب اہل سنت والجماعت (نبی کے صحابہ تابعین تبع تابعین صالحین کاملین) کے موافق کرے بیشک اللہ ہر چیز پر قادر اور عاجزوں کی دعا قبول کرنیکے سزاوار ہے اور جان کہ جب منکر حق بندگان خدا میں سے کسی بندۂ خدا کی حق بات سنتا ہے تو اس کو قبول کرنے سے عار کرتا ہے اور اس کے انکار پر مستعد ہو جاتا ہے اور اسی لئے تو مسائل دینی میں بحث کرنے والوں کو دیکھتا ہے اور وہ گمان کرتے ہیں کہ دین کے اسرار میں بحث کر رہے ہیں حالانکہ یہ لوگ ایسا ہی انکار کرتے ہیں جیسا کہ منکرین نے تمام خلفاء اللہ کے زمانہ میں انکار کیا ہے اور اگر اس وقت (منکرین کی بحث کے وقت) کسی کی زبان سے حق بات نکلے تو دوسرا اسکو قبول کرنے سے ہٹ جاتا ہے اور اسکے انکار پر آمادہ ہو جاتا ہے اور حق کو رد کرنے کیلئے مکر و حیلہ کرتا ہے اور یہ کام ابلیس کے اخلاق و افعال سے ہے (اہل حق سے نہیں) پس اے منصف منکرین کی موافقت تیرے لئے سزاوار نہیں اور تو مخلوق کے کاروبار پر غور کر اور ان کے احوال کو سمجھ پس تجھ پر اہل حق اور اہل انکار کے کاروبار میں از روئے انصاف غور کرنا اور خلوص کیساتھ اپنے دل کو حق کی طرف متوجہ کرنا لازم ہے اور دیکھ اس چیز کو جو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تو کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے قرآن میں مجھے دعوی نہیں کہ میرا یہ کلام نقص و عیب سے خالی ہے بیشک اللہ کا کلام نقص و شک سے پاک ہے میں نے اس رسالہ کے شروع

ہ افلا یتدبرون القرآن ام علی قلوب اقفالھا۔ تو کیا یہ لوگ غور نہیں کرتے قرآن میں یا انکے دلوں پر قفل لگ رہے ہیں۔

الاولياء وعلى آله واصحابه اجمعين
اما بعد فاني لما رايت كثيرا من
العلماء ينكرون المهدي ويتعرضون
على من ادعى المهدية في هذا
الزمان مع استحقاقه ويأتون
بالحجج الواهية والاقوال المتناقضة
متمسكين بالاحاديث الصحاح و
الحسان غير واقفين على
معانيها بالحقيقة والمجاز ويحسبون
انه من قبل المهدي ليس له
حجة قوية ولا دليل وثيق كلا بل
لله الحجة البالغة فلو شاء لهداكم
اجمعين. هو يهدي من يشاء
بفضله ويضل من يشاء بحكمته (جزء ۱۴ ركوع ۵)
اليه الامر كله نعم اذ لم يهتدوا
به فسيقولون هذا افك قديم (جزء ۲۶ ركوع ۲)
اردت ان اؤلف مختصرا جامعا
لحل مشكلاتهم وشافيا لما في
صدورهم من [illegible] وهاديا
لمن [illegible] فيه [illegible]
[illegible] الى طريق المهدي [illegible]
[illegible]
الوهاب [illegible]
ونسأل الله ان [illegible]
لاهل السنة والجماعة في كل [illegible]

اور کمال ثابت ہے (یعنے خدا کے دیدار کی راہ دکھائی) وہ
محمد مجتبیٰ مہدی موعود آخر الزمان خاتم الاولیا ہے اور درود
وسلام ہو آپکی سب آل واصحاب پر. حمد وصلوٰۃ کے بعد
واضح ہو کہ جب میں نے دیکھا کہ اکثر علماء مہدی کا انکار
کرتے ہیں اور اعتراض کرتے ہیں اس ذات کی مہدیت
پر جس نے اس زمانہ میں باوجود مستحق ہونے دعوی مہدیت
کے دلیل اخلاق سے مہدیت کا دعوی کیا ہے اور رد مہدیت
کے لیے سست حجتیں اور باطل اقوال (جو ایکدوسرے
کے متناقض ہیں) پیش کرتے ہیں احادیث صحیح وحسان
سے دلیل لاتے ہیں حالانکہ ان احادیث کے حقیقی اور
مجازی معنی سے بے خبر ہیں اور منکران مہدی گمان کرتے
ہیں کہ جینے مہدی کو قبول کیا ہے اس کیلئے کوئی حجت قوی
اور دلیل استوار نہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ انہوں نے
گمان کیا ہے بلکہ اللہ کیلئے ثابت ہے حجت کاملہ پس اگر اللہ
چاہتا تو تم سبکو راہ راست دکھاتا وہی ہدایت کرتا ہے جسکو
چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اپنے حکم سے ہر ایک امر اسی سے ہے
پہنچ تو یہ سبب کافروں نے قرآن سے ہدایت نہ پائی
تو کہیں گے یہ تو قدیمی جھوٹ ہے میں نے ایک مختصر جامع رسالہ
لکھنے کا ارادہ کیا جو منکروں کی مشکلات کو حل کرنیوالا
[illegible] اور [illegible] مرض ان کے سینوں میں ہے اس کو شفا
دینے والا [illegible] رہبری کرتا ہے اس رسالہ میں
[illegible] (تصدیق مہدی) کی فکر کرتا ہے اور اس کو
[illegible] اتباع مہدی
[illegible] درگاہ الٰہی میں نہایت خشوع و
خضوع سے [illegible] طلب کرتے اس رسالہ کو شروع کیا اور

مع کونهما خلیفتین فهذه الاحادیث

الحدیث الاول من المسلم عن ابی هریرة قال قال رسول الله لا تقوم الساعة حتی ینزل الروم بالاعماق او بدابق فیخرج الیهم جیش من المدینة من خیار اهل الارض یومئذ فاذا تصافوا قالت الروم خلوا بیننا وبین الذین سبوا منا نقاتلهم فیقول المسلمون لا والله لا نخلی بینکم وبین اخواننا فیقاتلونهم فینهزم ثلثهم لا یتوب الله علیهم ابدا ویقتل ثلثهم هم افضل الشهداء عند الله ویفتتح الثلث لا یفتنون ابدا فیفتتحون قسطنطنیه فبینما هم یقتسمون الغنائم قد علقوا سیوفهم بالزیتون اذ صاح فیهم الشیطان ان المسیح قد خلفکم فی اهلیکم فیخرجون وذلک باطل فاذا جاؤا الشام خرج (الدجال) فبینما هم یعدون للقتال یسوون الصفوف اذا اقیمت الصلوة فنزل عیسی بن مریم فامهم فاذا راه عدو الله ذاب کما یذوب الملح فی الماء فلو ترکه لانذاب حتی یهلک ولکن یقتله الله بیده فیریهم دمه فی حربته الحدیث الثانی من

زمانہ میں موجود ہونے پر حجۃ لائے ہیں وہ احادیث یہ ہیں پہلی حدیث مسلم کی ہے ابوہریرہ رضی سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ قیامت قایم نہوگی یہاں تک کہ رومی موضع اعماق یا دابق میں داخل ہوں۔ پس آئیگا اُس روز رومیوں کے پاس مدینہ کے رہنے والے نیکوں کا ایک لشکر پس جب بایکدیگر جنگ پر آمادہ ہوجائیں گے تو رومی کہیں گے کہ ہٹ جاؤ ہمارے اور اُن کے درمیان سے جنھوں نے ہمارے لوگوں کو قید کیا ہے پس ہم ان سے جنگ کریں گے پس کہینگے مسلمان کہ بخدا ہم خالی نہیں کریں گے تمہارے اور ہمارے بھائیوں کے راستہ کو پس آپسمیں جنگ کریں گے تو بھاگ جائیگا اور شکست کھائیگا مسلمانوں کا تیسرا حصہ ان کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ کیلئے توبہ کی توفیق نہ دیگا اور ان میں کا تیسرا حصہ مقتول ہوگا یہ قتل شدہ لوگ اللہ تعالیٰ کے پاس بزرگترین شہید ہوں گے اور فتح پائیگا ان میں کا تیسرا حصہ اور یہ آزمایش میں نہیں ڈالے جائیں گے ہمیشہ پس فتح کرینگے شہر قسطنطنیہ اور آپسمیں مال غنیمت تقسیم کرینگے درانحالیکہ وہ لٹکائے ہوئے ہونگے اپنی تلواروں کو زیتون کی درخت سے یکایک انکے پاس شیطان چیخ اٹھیگا کہ دجال تمہارے پیچھے تمہارے گھر میں گھس گیا ہے اور یہ بات جھوٹی ہوگی پس جب وہ شام میں آئینگے تو دجال نکلے گا تب ہی وہ لڑائی کیلئے تیار ہونگے صفیں درست کرینگے جب نماز کی جماعت کھڑی ہوجائیگی تو عیسیٰ بن مریم اتر آئینگے اور ان کی امامت کرینگے پس جب دجال دیکھے گا عیسیٰؑ کو تو پگھلنے لگیگا جیسا کہ پگھلتا ہے نمک پانی میں اگر عیسیٰؑ اسکو

الا و اهون ارجو من الله انه لما سمع ندائی قد استجاب دعائی فانه لا یجیب المضطر اذا دعاه الا هو واعلم ان الناس قد اختلفوا فی علامات المهدی و صفاته فقال بعضهم انه یکون خلیفة ذا جیش عظیم و یفتح جزیرة قسطنطنیة و کنیسة الذهب و الانطاکیة و اندلسیة و یصلی مع عیسی علیه السلام وهما یجتمعان فی زمان واحد مع کونهما خلیفتین و امامین و یملأ المهدی الارض من مشرقها الی مغربها و من جنوبها الی شمالها قسطا و عدلا و یخرج له مال من الارض فیاتی الیه رجل فیقول یا مهدی اعطنی فیعطی له مالا کثیرا من الذهب و الفضة و الجواهر و غیر ذلک مما یعرف مما استدلوا علیه بالاحادیث الصحاح و الحسان واجابهم بعض المحققین و انقص و اعلامات علی ما یعقل و ینقل اما ما استدل به الاولون علی کونه خلیفة ذا جیش عظیم و یفتح جزیرة قسطنطنیة و یصلی مع عیسی وهما یجتمعان فی زمان [illegible]

کرنے اور ختم کرنے میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا ہے اور میں نے اس رسالہ کا نام مخزن الدلائل رکھا ہے اور خدائے برتر سے درخواست کرتا ہوں کہ اس کے دوست و محب اس رسالہ سے نفع اٹھائیں اور خشوع و خضوع کرنیوالے طالبان حق اسمیں غور کریں اور مجھے اللہ سے امید ہے کہ جب وہ میری ندا سنیگا تو ضرور میری دعا قبول کریگا اسلئے کہ کوئی شخص محتاج کی دعا کو قبول نہیں کرتا جبکہ اسکو پکارتا ہے مگر خدا تعالےٰ اور جان کہ لوگوں نے مہدی کی علامات اور صفات میں اختلاف کیا ہے پس بعض نے کہا کہ مہدی صاحب لشکر عظیم خلیفہ ہوگا اور جزیرہ قسطنطنیہ کنیسۃ الذہب اور شہر انطاکیہ و اندلس فتح کریگا اور عیسےٰ کیساتھ نماز پڑھیگا اور مہدی و عیسیٰ علیہما السلام باوجود خلیفے اور امام ہونے کے ایک ہی زمانہ میں جمع ہونگے اور مہدی مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک عدل و انصاف سے بھر دیگا اور مہدی کے لئے زمین کے خزانے نکل پڑیں گے اور ایک شخص مہدی کے پاس آکر کہیگا کہ اے مہدی مجھے مال عطا کر مجھے مال عطا کر تو مہدی اس کو بہت سا مال از قسم سونا چاندی اور جواہر عطا کریگا اور ان کے سوا دوسرے مشہور علامات ہیں جن پر احادیث صحیح اور حسان سے استدلال کرتے ہیں اور ان کا جواب بعض محققین نے دیا ہے اور ان علامات پر اکتفا کیا ہے جو عقلاً و نقلاً صحیح ہیں اور وہ احادیث کہ جن کو اگلوں نے مہدی کے صاحب لشکر بزرگ خلیفہ ہونے اور جزیرہ قسطنطنیہ فتح کرنے عیسیٰ کے ساتھ نماز پڑھنے اور خلیفے اور امام ہونے کے باوجود مہدی اور عیسیٰ علیہما السلام کے ایک ہی

لعل المهدیؑ یفتح قسطنطنیة مرتین
مرة بالتکبیر ومرة بالقتال کما ذکر فی
القرطبی وکلمة لعل للتشکیک فی
الاعتقاد الصادق ومثل هذا الکلام
دلیل علی انهم اظهروا بانفسهم ان
کلامنا هذا المحتمل لیس بیقین لو فو
دیانتهم رحمة الله علیهم اجمعین
وعلی هذا قال المجیبون المحققون
عرف من الحدیثین ان طائفة من
المسلمین او جیشا من اهل المدینة
یقاتلون علی الحق ظاهرین ومن قوله
الی یوم القیمة اذا فات عنهم واحد
یقوم مقامه اخر الی یوم القیمة علی
حسب التقدد فیفتح منهم جیش
القسطنطنیة ومن فتح ذلک یصلی
مع عیسیؑ ولا یفهم من هذه الالفاظ
ان الجیش جیش المهدیؑ و الامیر
والامام هو المهدیؑ بل قوله ان
بعضکم علی بعض امراء یدل علی کون
کلهم متساویین فی امر الدین و
المهدی لا یستوی احد فی زمانه
لانه افضل الزمان فلا یثبت ان
یکون فی ذلک الجیش لانه تخصیص
بلا مخصص ایضا قوله لا تزال طائفة
من امتی یدل علی ان الطائفة

اور ایک مرتبہ جنگ کرکے چنانچہ یہ بات قرطبی میں مذکور
ہے اور کلمہ لعل (شاید) شک کے لئے ہے اعتقاد صادقہ
کے باب میں دلیل قطعی نہیں ہو سکتا اور اس قسم کا کلام
اسبات کی دلیل ہے کہ علماء سلف نے خود یہ ظاہر کردیا
ہے کہ ہمارا یہ کلام ظنی ہے یقین کے لایق نہیں ان کا
یہ بیان انکی کثرت دیانت کو ثابت کرتا ہے اللہ کی
رحمت ہو اُن سب پر۔ بنا بریں کلام مذکور کا جواب
محققوں نے دیا ہے کہ دونو حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے
کہ مسلمانوں کی جماعت یا اہل مدینہ کا لشکر حق پر جنگ
کریں گے اہل حق اہل باطل پر غالب ہوں گے۔
اور آنحضرتؐ کے قول قیامت تک کی مراد یہ ہے کہ
جب مسلمانوں میں سے ایک شخص مرجائیگا تو اس کا قائم
مقام دوسرا ہوگا اسیطرح قیامت تک ہوتا رہے گا
پس ان میں سے ایک شخص شہر قسطنطنیہ فتح کریگا اور
جو امیر کہ فتح کرے گا عیسیٰؑ کے ساتھ نماز پڑھے گا اور
ان الفاظ سے یہ بات نہیں سمجھی جاتی کہ جیش سے مراد
لشکر مہدیؑ ہے اور امیر و امام سے مراد مہدیؑ کی ذات
ہے بلکہ آنحضرتؐ کا قول تم میں کے بعض بعض پر
امیر ہوں گے، اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ
سب امر دین میں برابر ہوں گے اور مہدیؑ کہ اس
کے زمانہ میں کوئی اس کے برابر نہ ہوگا کیونکہ وہ خود
زمانہ میں افضل ہے پس مہدیؑ کا اس جیش (لشکر)
میں ہونا ثابت نہیں ہوتا اس لئے کہ یہ تخصیص بلا مخصص
ہے نیز آنحضرتؐ کا قول کہ میری امت سے ایک
جماعت ہمیشہ رہیگی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ رسولؐ

؎ یعنے احادیث میں جو امیر و امام آیا ہے اس کو مہدیؑ سے بغیر تشخیص کنندہ کے (باقی صفحہ آیندہ پر)

المسلم عن جابر قال قال رسول الله
صلعم لاتزال طائفة من امتی يقاتلون
على الحق ظاهرين الى يوم القيمة
قال فينزل عيسى ابن مريم فيقول
اميرهم تعال صل بنا فيقول لا ان
بعضكم على بعض امراء تكرمة الله تع
هذه الامة الحديث الثالث من
المسلم عن ابی هريرة قال قال رسول
الله صلعم كيف انتم اذا نزل عيسى
ابن مريم فيكم و امامكم منكم و فی
رواية فامكم منكم انتهى فاعلم
ان بعضهم زعموا وكتبوا فی كتبهم
المتداولة ان المراد من الجيش الذی
هو فی الحديث الاول جيش المهدی
والامير الذی هو فی الحديث الثانی
والامام الذی هو فی الحديث الثالث
هو المهدی ثم ما كانت اقوالهم الا
على وجه الاحتمال والشبهة والتشبيه
كما صرح به المقدسی فی بيان قوله
عليه السلام فيقول اميرهم تعال
صل بنا فيقول امير هذه الامة يشبه
ان يكون المهدی وهو رجل زعم
الناس انه يخرج من المغرب فمثل
هذا الكلام لايدل الا على الظنون
والشكوك و فی بعض المواضع قالوا

قتل کئے بغیر چھوڑ دیں بھی تو البتہ وہ پگھلیگا یہانتک کہ ہلاک
ہوجائیگا لیکن اللہ تعالیٰ اسکو قتل کرائیگا عیسیٰ کے ہاتھ سے
پس عیسیٰ دکھائینگے اسکا خون لوگوں کو اپنے نیزہ میں۔ مسلم
کی دوسری حدیث جابرؓ سے مروی ہو کہا فرمایا رسول اللہؐ نے کہ
میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ قیامت تک حق پر
لڑنیوالی غالب رہیگی آپ نے فرمایا پھر مریم کے بیٹے عیسےٰ
اتر آئینگے تو مسلمانوں کا سردار کہیگا آؤ ہمیں نماز پڑھاؤ وہ
کہینگے نہیں بیشک تم میں کے بعض بعض پر امیر ہیں اللہ تعالےٰ
اس امت کو بزرگی دینے کیوجہ سے مسلم کی تیسری حدیث
ابوہریرہؓ سے مروی ہو کہا فرمایا رسول اللہؐ نے کہ تمہارا حال
کیا ہوگا جبکہ عیسیٰ ابن مریم تمہارے درمیان آئیں گے اور
تمہارے امام ہونگے اور ایک روایت میں ہےکہ تم میں کا بعض
تمہاری امامت کریگا انتہی پس جان کہ بعض علماء نے گمان
کیا ہے اور اپنے کتب متداولہ میں لکھا ہےکہ حدیث اول میں
جو جیش ہے وہ جیش مہدیؑ ہے۔ اور دوسری حدیث میں امیر
اور تیسری میں جو امام ہو اس سے مراد مہدیؑ ہو پس ان کے
یہ اقوال وہمی اور گمانی ہیں یا تشبیہ کے طور پر چنانچہ اس احتمال
شبہ اور تشبیہ کی صراحت مقدسی نے قول رسولؐ فیقول
امیرھم تعال صل بنا' کے تحت کی ہے
پس مقدسی کہتا ہے کہ اس امت کے امیر کے متعلق
شبہ ہے کہ وہ امیر مہدیؑ ہے اور وہ ہی مرد ہے جسکے
متعلق لوگوں نے گمان کیا ہے کہ وہ مغرب سے
نکلے گا پس اس قسم کا کلام شک اور گمان پر
دلالت کرتا ہے۔ بعض جگہ کہا ہے شاید کہ مہدیؑ دوم
شہر قسطنطنیہ فتح کریگا ایک مرتبہ تکبیر کہکر فتح کرے گا

المهدیؑ خبر الغیب صدر عن رسول
اللہ صلعم علیٰ سبیل المعجزۃ لانہ
خارق والاحتمال لا یوثر فی الخارق
بالقطع فلا یکون دلیلا ثم لو یروی
حدیث علیٰ خلاف ما قلنا فھو ضعیف
لم یستدل بہ السلف رضوان اللہ
علیھم اجمعین وقد صرح بہ فی
شرح المقاصد فقال ثم لم یروی فی
حالہ ای عیسیٰ مع امام الزمان
حدیث صحیح سوی ماروی انہ
قالؐ لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون
علی الحق ظاھرین الحدیث فما یقال
ان عیسیٰؑ یقتدی بالمھدیؑ او
بالعکس شئی لا مستند لہ فلا ینبغی
ان یعول علیہ فعلم من ھذا النقل
ان نزول عیسیٰؑ مع امیر الجیش لا
مع امام الزمان والمھدیؑ امام
لا امیر فصح انھما لا یجتمعان فی
زمان واحد فلھذا صرح فیہ فما
یقال ان عیسیٰؑ یقتدی بالمھدیؑ او
بالعکس شئی لا مستند لہ فلا ینبغی
ان یعول علیہ فثبت انھما لا
یجتمعان فی زمان واحد فمن اصرّ
علیہ بعد تمام ما تمیز فھو من
قبیل اِنْ یَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ

غیب خارق عادت ہے اور شکی بات خارق عادت میں
اثر نہیں کرتی قطعاً پس وہ شکی بات دلیل قطعی نہوگی پھر
اگر کوئی روایت ہمارے بیان کے خلاف ملے بھی تو
وہ ضعیف ثابت ہوگی جس سے علماء سلف نے
استدلال نہیں کیا ہے خوشنودی ہو اللہ کی اُن سب پر
اس کی تصریح علامہ تفتازانیؒ نے شرح مقاصد
میں کردی ہے چنانچہ کہا کہ مہدیؑ کے ساتھ عیسےٰؑ کے
ہونے کی کوئی صحیح حدیث مروی نہیں سوائے اس
حدیث کے جو روایت کی گئی ہے کہ فرمایاؐ نے
میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر
لڑنے والی غالب رہیگی الخ پس یہ جو کہا جاتا ہے کہ
عیسےٰؑ اقتدا کریں گے مہدیؑ کی یا مہدیؑ اقتدا کرینگے
عیسےٰؑ کی اس کے لئے کوئی سند نہیں پس اس پر
اعتماد نہیں کرنا چاہیئے پس اس نقل سے یہ معلوم ہوا
کہ عیسیٰؑ کا نزول صاحب لشکر امیر کے ساتھ ہوگا نہ کہ
مہدیؑ کے ساتھ اور مہدیؑ امام دین ہے (پیغمبرونکی
طرح) نہ کہ امیر دنیا ہے (کہ قلعے فتح کریگا مانند امراءِ
دنیا کے) پس صحیح و ثابت ہوا کہ مہدی اور عیسیٰ علیہما
السلام ایک زمانہ میں جمع نہ ہوں گے پس اسی لئے
علامہ تفتازانیؒ نے شرح مقاصد میں تصریح فرمادی
کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ عیسےٰؑ اقتدا کریں گے مہدیؑ کی
یا برعکس ایک بے سند بات ہے قابل اعتماد نہیں پس ثابت
ہوا کہ مہدیؑ اور عیسیٰؑ ایک زمانہ میں جمع نہ ہوں گے
پس جو شخص دونوں کے جمع نہونے کے دلائل معلوم
کرنیکے باوجود جمع ہونے پر مصر رہتا ہے تو وہ اس قبیل سے

المقاتلة لا تزال من عهد رسول الله صلعم الی یوم القیمة علی سبیل الجهاد کلما فات عنهم واحد یقوم مقامه اٰخر وطائفه المهدیؑ لیست کذلك بل هو مبعوث فی حین من الاحیان بعد رسول الله ثم یبقی من یتابعه الی نزول عیسیٰؑ فعلم ان الطائفة المذکورة فی حدیث الجیش هی طائفة من المومنین مطلقا بل الحق انها طائفة من بنی اسحاق اُفصّله ان شاء الله تعالی فلا دخل له فی ذکر المهدیؑ والمصلی مع عیسیٰؑ امیر الطائفة مطلقا والمراد بالمطلق غیر المخصوص والمنصوب باعلام الشارع کالانبیاء والمهدیؑ ونزول عیسیٰؑ وخروج الدجال ودابة الارض فان بعضهم مخصوصون وبعضهم منصوبون مطلقا فلا یجوز تقئید ہ بالمهدیؑ لان المطلق یجری علی اطلاقه وتقئیده نسخ فمن تمسك به فی حق المهدیؑ فقد ظن ظنا فاسدا وقال محتملا والاحتمال لا یوثر فی خبر الغیب قطعا لان خبر

کے زمانہ سے قیامت تک حق پر جنگ کرنیوالی جماعت ہوتی رہیگی جبکہ فوت ہوگا انہیں کا ایک شخص تو اس کا قایم مقام دوسرا ہوگا اور مہدیؑ کا گروہ ایسا نہیں ہے بلکہ مہدیؑ مبعوث ہوں گے اوقات میں سے ایک وقت پھر باقی رہینگے مہدیؑ کی پیروی کرنے والے نزول عیسیٰؑ تک پس معلوم ہوا کہ حدیث جیش میں جس جماعت کا ذکر کیا گیا ہے وہ مطلق مومنوں کی ایک جماعت ہے۔ حق تو یہ ہے کہ وہ بنی اسحاق کی جماعت ہے انشاء اللہ تعالےٰ میں اس کو مفصل بیان کروں گا پس حدیث جیش یا امام وامیر کے ذکر کو مہدیؑ کے ذکر سے کوئی تعلق نہیں اور عیسیٰؑ کے ساتھ نماز پڑھنے والا جماعت کا مطلق امیر ہے اور مطلق سے مراد غیر مخصوص (مہدیؑ سی خاص نہیں کیا گیا) ہے اور جو شارع کے حکم سے بطریق یقین مقرر ہوئے مثلاً خاتم الرسل تک ہر زمانہ میں پیغمبروں کا ہونا مہدیؑ کا آنا نزول عیسیٰؑ دجال اور دابۃ الارض ہے پس انہیں کے بعض مخصوص ہیں اور بعض منصوب مطلق پس مہدیؑ کیساتھ مطلق کو مقید کرنا جائز نہیں اس لئے کہ مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوتا ہے اور مطلق کو مقید کرنا مطلق کو منسوخ کرنا ہے پس جو شخص مہدیؑ کے حق میں مطلق کو دلیل گردانتا ہے پس اس نے گمان کیا گمان فاسد اور کہا ایک گمانی بات اور یہ موثر نہیں ہوتی خبر غیب پر قطعاً اس لئے کہ خبر مہدیؑ خبر غیب ہے جو معجزہ کے طور پر رسولؐ سے صادر ہوئی ہے اسلئے کہ خبر

(بسلسلہ صفحہ گزشتہ) خاص کرنا ہے یعنے نہ تو حق تعالےٰ نے خاص کیا ہے اور نہ رسولؐ نے اور نہ اجماع حق نے محض اپنی رائے و اجتہاد پر یقین کرنا جائز نہیں (از شرح فارسی)

قولہ لاتقوم الساعۃ حتی تنزل الروم بالاعماق الی اٰخرہ یوافق هذا الحدیث فی حاصل المعانی و بعض الالفاظ الا انہ ذکر فیہ جیش من المدینۃ مجملا وقد فسرہ ههنا ببنی اسحاق وذکر هنالک فتح قسطنطنیۃ وههنا فرج مدینۃ جانب منها فی البر وجانب منها فی البحر وقد فسرہ بعض اهل الحدیث بقسطنطنیۃ وکذا فی حاشیۃ المشارق وغیرہ من الکتب وبعضهم بانطاکیۃ وزمان الفتحین واحد بلا مطاوتها دکل فی حکم واحد لحدیث معاذ بن جبل انہ قال قال رسول اللہ صلعم الملحمۃ العظمی وفتح القسطنطنیۃ وخروج الدجال فی سبعۃ اشهر رواہ الترمذی وابوداؤد وعنہ قال قال رسول اللہ صلعم عمران بیت المقدس خراب یثرب وخراب یثرب خروج الملحمۃ وخروج الملحمۃ فتح قسطنطنیۃ و فتح قسطنطنیۃ خروج الدجال رواہ ابوداؤد وکذا فی المشکوٰۃ وقد کانت مشهورۃ بهذہ الصفۃ بقول الصحابی نعم ثم اٰخر الحدیث دل علیہ دلالۃ ظاهرۃ وهو قولہ فبینا هم یقتسمون

لاتقوم الساعۃ حتی تنزل الروم الخ حدیث بالا کے حاصل معنی اور بعض الفاظ میں موافق ہو لیکن حدیث اول میں مدینہ کے لشکر کا مجملاً ذکر کیا گیا ہے۔ اس کی تفسیر یہاں بنی اسحاق سے کی گئی ہے اور وہاں فتح قسطنطنیہ کا ذکر کیا گیا ہے اور یہاں اُس مدینہ کی کشایش کا ذکر ہے جس کی ایک جانب خشکی میں ہے اور ایک تری میں۔ اس مدینہ کی تفسیر بعض محدثین نے قسطنطنیہ کی ہے اور ایسا ہی ہے حاشیہ مشارق اور دوسرے کتب احادیث میں اور بعض نے انطاکیہ مراد لی ہے اور ہر دو فتح کے زمانے بلا فرق دو رنگ ایک ہیں پس ہر دو فتح کا حکم ایک ہی ہے چنانچہ معاذ بن جبل رضہ نے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ جنگ عظیم فتح قسطنطنیہ اور خروج دجال یہ تینوں امور سات مہینوں میں پورے ہوں گے روایت کی اسکی ترمذی اور ابوداؤد نے نیز معاذ ابن جبل رضہ سے مروی ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ بیت المقدس کا آباد ہونا مدینہ کا ویران ہونا ہے۔ مدینہ کا ویران ہونا جنگ عظیم برپا ہونا ہے جنگ عظیم برپا ہونا قسطنطنیہ فتح ہونا ہے اور قسطنطنیہ کا فتح ہونا دجال کا نکلنا ہے روایت کی اس کی ابوداؤد نے اور ایسا ہی ہے مشکوٰۃ میں اور وہ شہر بقول صحابی نعم ہاں ہمیشہ (یعنی) صفت مذکورہ سے مشہور ہے اور آخر حدیث یعنی فبینا هم یقتسمون المغانم اذ جاءهم الصریخ الخ اسی معنی پر بداہتہ دلالت کرتی ہے اور

انهم الا يخرصون . هذه معارضة على ما استدلوا به واما المعارضة بالنقل الصريح فاعلم انهم استدلوا بالظنون والحسان ولاقوالهم معارضات كثيرة منقولة من الاحاديث الصحاح والحسان يظهر بها فساد ذلك الاستدلال اتهم اذكرها بتوفيق الله.

الحديث الرابع من المسلم عن ابی هريرة ان النبی صلعم قال هل سمعتم بمدينة جانب منها فی البر وجانب منها فی البحر قالوا نعم يا رسول الله قال لا تقوم الساعة حتی يغزوها سبعون الفا من بنی اسحاق فاذا جاؤها نزلوا فلم يقاتلوا بسلاح ولم يرموا بسهم قالوا لا اله الا الله والله اكبر فيسقط احد جانبيها قال ثور لا اعلمه الا قال الذی فی البحر ثم يقولون الثانية لا اله الا الله والله اكبر فيسقط جانبها الاخر ثم يقولون الثالثة لا اله الا الله والله اكبر فيفرج لهم فيدخلونها فيغنمون فبينما هم يقتسمون المغانم اذ جاءهم الصريخ فقال ان الدجال قد خرج فيتركون كل شیء ويرجعون فاعلم ان الحديث الاول وهو

ہے کہ وہ تو صرف گمان پر چلتے ہیں اور سب نری اٹکل دوڑاتے ہیں۔ میں نے جو یہ ذکر کیا ہے معارضہ عقلی ہے مخالفوں کی اس گمانی دلیل کا جس کو انہوں نے مہدیؑ اور عیسیٰؑ کے اجتماع پر پیش کیا ہے رہا نقل صریح کیساتھ معارضہ وہ یہ کہ انہوں نے ظنی اور حسان حدیثوں سے جو استدلال کیا ہے ان کے اقوال پر ہم بھی صحیح اور حسان حدیثوں سے بہت سے معارضات پیش کرتے ہیں جن سے ان کے دلائل کا فساد ظاہر ہو جائیگا میں عنقریب اللہ کی توفیق سے اس کا ذکر کرونگا۔ چوتھی حدیث مسلم کی ہے ابو ہریرہ رضؓ روایت کرتے ہیں کہ نبیؐ نے (صحابہؓ سے) پوچھا کیا تم نے کوئی ایسا شہر سنا ہے جسکی ایک جانب جنگل میں ہو اور ایک جانب دریا میں کہا ہاں یا رسول اللہؐ۔ آپ نے فرمایا کہ قیامت اسوقت تک نہیں آئیگی جبتک ستر ہزار آدمی اولاد اسحاقؑ اُن سے جنگ نہ کر لینگے اور جسوقت یہ لوگ اُس شہر میں جاکر اترینگے تو نہ تلوار سے نہیں لڑینگے اور نہ تیر مارینگے کہیں گے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر تو اُس شہر کی دونوں جانبوں میں سے ایک جانب گر جائیگی ثور بن یزید کہتے ہیں مجھے تو یہی یاد ہے آنحضرتؐ نے فرمایا تھا کہ جو جانب دریا میں ہو گر پڑیگی پھر وہ دوسری دفعہ کہینگے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اسی وقت اسکی دوسری جانب بھی گر پڑیگی پھر وہ تیسری مرتبہ کہینگے لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اسیوقت اُنکے لئے راستہ کھل جائیگا تو وہ اُسکے اندر چلے جائینگے اور لوٹیں گے اور جب وہ غنیمتونکو بانٹنے لگینگے اسیوقت ایک چیخ کی آواز آئیگی او کہیگا کہ دجال نکل آیا ہو وہ لوگ کل چیزیں وہیں چھوڑ دینگے اور واپس چلے جائینگے پس جان کہ حدیث اول یعنے

اسمٰعیل وذٰلک مما یوجب سوء اعتقاد الامۃ فظہر ان فاتح قسطنطنیۃ جیش من بنی اسحاق والمصلے مع عیسیٰؑ امیرہم ولیس ہنالک المہدیؑ فلا یجمع المہدیؑ مع عیسیٰؑ فلا یجتمعان فی زمان واحد وایّد ہذا المعنیٰ ما قال الشیخ نجیب الدین ابو محمد ن الواعظ الدہلوی فی کتابہ الموسوم بمدار الفضلاء فی بیان قولہؐ لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون علی الحق ظاہرین الیٰ یوم القیٰمۃ الخ قال المقدسی امیر ہذہ الامۃ یشبہ ان یکون المہدیؑ قال الشیخ ہذا قول لا نفاذ لہ من وجہ فما بال المقدسی اشتبہ علیہ الامر حتیٰ قال یشبہ ان یکون المہدیؑ فان فی نفی ہذا المعنیٰ حدیثین صحیحین واقوال العلماء المشاہیر بل الثابت انہ امیر من بنی اسحاق والمہدیؑ انہ من بنی اسمٰعیلؑ فکیف المشابہتہ حتیٰ یشتبہ اما الحدیث الاول من المسلم عن ابی ہریرۃؓ قال قال رسول اللہ صلعم ہل سمعتم بمدینۃ جانب منہا فی البر وجانب منہا فی البحر قالوا نعم قال لا تقوم الساعۃ حتیٰ یغزوہا سبعون الفا من بنی اسحاق الحدیث فانہ لم

ہونیکو واجب کرتی ہے پس ظاہر ہوا کہ قسطنطنیہ کو فتح کرنے والا بنی اسحاق کا لشکر ہے او عیسیٰؑ کے ساتھ نماز پڑھنے والا اُس لشکر کا امیر ہے اور نہیں ہے وہاں مہدیؑ کا ذکر پس ثابت ہوا کہ مہدیؑ اور عیسیٰؑ ایک زمانہ میں جمع نہوں گے۔ اس معنی کی تائید کرتا ہے۔ شیخ نجیب الدین ابو محمد واعظ دہلوی کا وہ قول جو اپنی کتاب مدار الفضلاء میں فرمان رسول لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون الخ کے تحت بیان کیا ہے کہ مقدسی نے کہا ہے اس امت کے امیر کے متعلق شبہ ہے کہ وہ مہدیؑ ہوگا۔ شیخ کہتے ہیں کہ مقدسی کا یہ قول کسی وجہ سے لائق نفاذ نہیں کیا ہوا مقدسی کو جو یہ بات اس پر مشتبہ رہی اور کہدیا کہ شبہ ہے کہ وہ امیر مہدی ہوگا۔ اس معنی کی تردید میں دو صحیح حدیثیں اور مشہور علماء کے اقوال ہیں بلکہ یہ بات ثابت ہے کہ وہ امیر بنی اسحاقؑ سے ہے اور مہدیؑ بنی اسمٰعیلؑ سے ہیں پس مشابہت کیسی کہ وہ مشتبہ رہا۔ پہلی حدیث مسلم کی ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہا فرمایا رسولؐ نے (صحابہؓ سے) کیا تمنے کوئی ایسا شہر سنا ہے جسکی ایک جانب جنگل میں ہے اور ایک جانب دریا میں تو کہا ہاں یا رسول اللہؐ آپ نے فرمایا کہ قیامت (اُس وقت تک) نہیں آئے گی جبتک ستر ہزار آدمی اولاد اسحاق ان سے جنگ کر لینگے الخ اس حدیث میں تو آنحضرتؐ نے عیسیٰؑ کے نزول اور قتال دجال کا ذکر نہیں فرمایا اور اس حدیث میں جو

المغانم اذ جاءهم الصريخ الحديث
وقد ثبت من كتبهم واقوال المشاهير
انها قسطنطنية او الانطاكية والاصح
انها قسطنطنية فثبت ان فاتح
قسطنطنية جيش من بني اسحاق
والمصلي مع عيسىٰ اميرهم فلا يفهم
منه انه المهديؑ لانه من بني
اسمٰعيلؑ لكونه من اولاد فاطمة بنت
رسول الله صلعم لقولهؑ المهدي من
عترتي من اولاد فاطمة رواه ام سلمةؓ
ثم لو كان المهديؑ اميرهم لما ناسب
عن رسول الله صلعم ذكر الجيش مع
كتمان اسم الامير الذي هو من
غيرهم في النسب كما ذكر في بني اسحاق
مع ظهور شرفه شرف رسول الله فان
قلت ما وجه نفي المناسبة عن رسول
الله صلعم في كتمان اسم المهديؑ
لان من شيم الكريم ان يكتم حسناته
ويظهر حسنات الرفيق قلت وجهه
ان الحديث حديث المعجزة وبالكتمان
يظهر الخلف في المعجزة وذلك مما
يفضي الى سوء اعتقاد الامة بل ينشعب
عنه الكفر لان الناس يظنون ان
رسول الله صلعم ذكر فتح قسطنطنية
من بني اسحاق وقد حصل من بني

محدثین کے کتب اور انکے مشہور اقوال سے بھی ثابت ہیکہ
وہ مدینہ قسطنطنیہ ہے یا انطاکیہ اور صحیح یہ ہے کہ
وہ شہر قسطنطنیہ ہے پس ثابت ہوا کہ قسطنطنیہ کو
فتح کرنیوالا اولاد اسحاقؑ کا لشکر ہے اور عیسیٰؑ
کے ساتھ نماز پڑھنے والا اُن کا امیر ہے پس حدیث
میں جو امیر ہے اس امیر سے مہدیؑ نہیں سمجھا جا سکتا اسلئے
کہ مہدیؑ اولاد اسمٰعیلؑ سے ہے کہ مہدیؑ فاطمہ بنت رسول اللہ
کی اولاد سے ہیں چنانچہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مہدی میری
عترت سے ہوگا فاطمہ زہراؓ کی اولاد سے۔ اس حدیث کی روایت
ام سلمہؓ نے کی ہے۔ اگر مہدیؑ لشکر بنی اسحاقؑ کے امیر ہوتے
تو رسولؑ کیلئے مناسب نہوتا ذکر کرنا لشکر کا امیر کے
نام کے اخفا کے ساتھ وہ امیر (مہدی) لشکر بنی اسحاق
کا نسب میں غیر ہونیکے باوجود سبب ظاہر ہونے شرف
مہدیؑ کے شرف رسولؑ کے موافق پس اگر کہے تو کہ
مہدیؑ کا نام پوشیدہ رکھنا رسول اللہؐ کیلئے مناسب
نہونے کی کیا وجہ ہے حالانکہ یہ بات مرد
بزرگ کی پسندیدہ خصلت سے ہے کہ وہ اپنی خوبیونکو
چھپاتا ہے اور اپنے رفیق کی خوبیونکو ظاہر کرتا ہے تو
میں کہتا ہوں کہ وجہ علامات مہدیؑ کی حدیث
حدیث معجزہ ہے (خبر غیب ہے) مہدیؑ کا نام چھپانے
سے معجزہ میں خلاف ظاہر ہوگا اور یہ خلاف امت کو
بداعتقادی کی طرف پہنچائیگا بلکہ اس سے کفر ظاہر ہوگا
اس لئے کہ لوگ گمان کرینگے کہ رسولؑ نے تو قسطنطنیہ
کی فتح بنی اسحاقؑ سے ہونیکا ذکر کیا ہے اور فتح ہوئی بنی
اسمٰعیلؑ کی اور یہ بات رسولؐ سے امت کے بداعتقاد

من تلك الجماعة التى سبته
اول مرة بالتكبير ويؤيده قوله
خلوا بيننا وبين الذين سبوا
منا الحديث ثم يفتحون
قسطنطنيه بالقتال فى المرة الثانية
ثم يصيح الشيطان فيهم بخروج
الدجال فيرجعون الى اهليهم
فاذا جاؤا الشام خرج فبينما هم
يعدون للقتال يسوون الصفوف
اذا اقيمت الصلوٰة فينزل عيسىٰ
بن مريم فامهم والدلالة على
هذا الترتيب بوجوه الاول انه لا
شك ان الفتح بالتكبير من بنى
اسحاق وذلك ثابت بلفظ الحديث
والثانى فى الحديث الاول قوله ؑ
من خيار اهل الارض يومئذ يشير
الى ان لا يكون اميرهم ولا اكثرهم
من عترة الرسول ؐ لان العترة من
خيار اهل الارض ابدا وهى
من خيار اهل الارض يومئذ
فثبت انهم غير العترة وليسوا
الا من بنى اسحاق بدليل الحديث
الاول والثالث قول الروم خلوا بيننا
وبين الذين سبوا منا يدل انه
تقدم فيهم سبى وليس ذلك

ہمارے لوگوں سے قید کیا ہے الخ پھر فتح کریں گے
قسطنطنیہ کو دوسرے بار لڑ کر پھر آواز دے گا ان کے
درمیان شیطان دجال نکلنے کی پس وہ واپس
ہونگے اپنے گھروں کو پس جب وہ روم میں آئینگے
تو نکلے گا ان کے درمیان دجال تب ہی
وہ لڑائی کیلئے تیار ہوں گے صفیں درست
کریں گے جب نماز کی جماعت کھڑی ہو جائے
گی تو عیسیٰ بن مریم اتر آئیں گے اور امامت کریں
گے ان کی ۔ یہ احادیث اس ترتیب پر چند وجوہ
سے دلالت کرتے ہیں ۔ پہلی وجہ یہ کہ بیشک فتح
کرنا تکبیر سے بنی اسحاق سے متعلق ہے اور یہ بات
حدیث کے لفظ سے ثابت ہے اور دوسری
وجہ یہ کہ فرمان رسول ؐ اس دن بزرگان اہل زمین
اسبات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ ان کا امیر اور
ان میں کے اکثر عترت رسول ؐ سے نہوں گے
اس لیئے کہ عترت رسول بزرگان زمین سے
ہمیشہ ہوں گے اور فتح کرنے والی جماعت بزرگان
زمین سے اسی روز ہوگی پس ثابت ہوا کہ وہ جماعت
اولاد رسول ؐ سے نہیں ہے اولاد اسحاق ؑ سے
ہے حدیث اول کی دلیل سے ۔ اور تیسری وجہ یہ
کہ رومیوں کا قول کہ ہٹ جاؤ ہمارے اور انکے
درمیان سے جن کو ہمارے لوگوں سے قید کیئے ہو
اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ انہیں کے قیدی
ان پر مقدم ہیں اور قید کئے ہوں گے گر اولاد اسحاق ؑ
پھر حدیث میں عیسیٰ کیساتھ نماز پڑھنے اور اس قوم

يذكر في هذا الحديث نزول عيسىٰ ع
وقتال الدجال والمراد بالمدينة قسطنطنية
على الاصح والحديث الثاني من المسلم
عن ابي هريرة رض انه قال قال رسول الله
صلعم لاتقوم الساعة حتى ينزل الروم
بالاعماق اوبدابق فيخرج اليهم جيش
من المدينة من خيار اهل الارض
يومئذ الحديث وجه التوفيق بين
الحديثين ان جماعة من بني اسحاق
تغزوا لقسطنطنية بالتكبير وتفتح فبينما
هم يقسمون الغنائم اذ يصرخ فيها
الشيطان ويخرج الدجال فتترك الغنيمة
وترجع الى اهلها فكان ذلك باطلا
فيمكثون في اماكنهم قدر خمس سنين
اوست سنين ماشاء الله قال المقدسي
بين فتح قسطنطنية وخروج الدجال
سبع سنين لعله اراد به الفتح الاول
بالتكبير وعن عبد الله بن بشر رض ان
رسول الله صلعم قال بين الملحمة و
فتح المدينة ست سنين ويخرج
الدجال في السابعة رواه ابوداؤد و
قال هذا اصح كذا في المشكوٰة ثم
يتهياء الروم للقتال في تلك السنة و
ينزلون بالاعماق اوبدابق كما نقول لك
في الحديث الاول فيخرج اليهم جيش

مدینہ ہے اسکی مراد قسطنطنیہ ہے بر مذہب صحیح اور دوسری
حدیث مسلم کی ابوہریرہ رض سے مروی ہے کہا فرمایا رسول
اللہ ؐ نے کہ قیامت قایم نہوگی یہانتک کہ رومی موضع
اعماق یا دابق میں داخل ہوں پس آئیگا اُس روز رومیوں
کے پاس مدینہ کے رہنے والے نیکوں کا ایک لشکر
الخ دونو حدیثوں کے درمیان موافقت اس طرح ہے
کہ بنی اسحاق تکبیر کہکر قسطنطنیہ پر جنگ کینگے اور فتح پائینگے اور
آپس میں مال غنیمت تقسیم کریں گے اس حالت میں
یکایک شیطان آواز کریگا اور دجال نکلیگا پس وہ چھوڑ
دیں گے مال غنیمت کو اور واپس ہونگے اپنے گھروں کو
پس یہ بات جھوٹ ہوگی پس وہ ٹھیریں گے اپنے گھروں
میں پانچ یا چھے سال جو کچھ خدا چاہیگا مقدسی نے کہا
کہ قسطنطنیہ کے فتح ہونے اور دجال کے نکلنے کے درمیان
سات سال کا عرصہ ہوگا شاید کہ مقدسی کا مقصد اس
سے فتح اول بالتکبیر ہو اور عبداللہ بن بشر سے
مروی ہے کہ رسول اللہ ؐ نے فرمایا ملحمہ اور فتح مدینہ کے
درمیان چھے سال کی مدت ہے اور ساتویں سال
دجال کا خروج ہوگا روایت کی اس کی ابوداؤد نے
اور کہا کہ یہ حدیث زیادہ صحیح ہے ایسا ہی ہے مشکوٰۃ
میں پھر تیاری کریں گے رومی جنگ کی اُسی سال اور
داخل ہوں گے اعماق یا دابق میں جیسا کہ مذکور ہوا حدیث
اول میں پس آئے گا اُن کی طرف ایک لشکر اُس
جماعت سے جو قید کر دی گئی تھی پہلی مرتبہ تکبیر
سے ۔ اس کی تائید دیتا ہے اہل روم کا قول
کہ ہٹ جاؤ ہمارے اور اُن کے درمیان سے جن کو

فلابد بالاقتداء من احد الطرفین فلما منع الاقتداء من احد الطرفین فقد منع الجمع بینهما فعلم بذلک ان الاحادیث التی وقعت فی الجمع بین عیسیٰ ع و المہدیؑ والاقتداء باحدھما الاٰخر لم یصح اسنادھا عند السلف بل اکثرھا من موضوعات الشیعۃ فثبت صحۃ الحدیث الذی ذکرہ فی المشکاۃ وفی سنن ابی داؤد و فی تفسیر المدارک تحت قولہ تعالیٰ اذ قال اللہ یا عیسیٰ ع انی متوفیک و رافعک الیّ الاٰیۃ قال ع کیف تھلک امۃ انا فی اولھا (جزء ۳ رکوع ۱۳) وعیسیٰ ع فی اٰخرھا والمہدیؑ من عترتی فی وسطھا و بینھما فیج اعوج لیسوا منی ولا انا منھم الیٰ ھنا انتھیٰ قول نجیب الدین فی مدار الفضلاء ھذا ما قال فی بیان قولہ ع لاتزال طائفۃ من امتی الحدیث وایضا قال فیہ فی بیان قولہ ع ھل سمعتم بمدینۃ جانب منھا فی البر وجانب منھا فی البحر الحدیث زعمت الشیعۃ خذلھم اللہ تعالیٰ ان ھذا الحدیث فی حق المہدیؑ وقالوا امیر ھذہ الطائفۃ ھو المہدیؑ وتمسکوا بالحدیث المروی عن

ضروری تھی پس جب کہ ایک دوسرے کی اقتدا منع ہے تو دونو کا جمع ہونا بھی منع ہے پس علامہ کی اس رجوع سے معلوم ہوا جو احادیث کہ مہدی اور عیسیٰ علیہما السلام کے جمع ہونے اور ایک دوسرے کی اقتدا کرنے کے متعلق واقع ہوئی ہیں ان احادیث کی اسناد علماء سلف کے پاس صحیح نہیں بلکہ اکثر احادیث شیعہ کی وضع کی ہوئی ہیں پس ثابت ہوئی اس حدیث کی صحت جو مشکوٰۃ اور سنن ابوداؤد میں مذکور ہے۔ اور تفسیر مدارک میں اللہ تعالےٰ کے قول اذ قال اللہ الخ کے تحت فرمایا اللہ نے کہ میں تجھکو اپنے قبضہ میں کرنیوالا ہوں اور اٹھانیوالا ہوں اپنی طرف اسکے تحت کہ فرمایا رسول ع نے کیونکر ہلاک ہوگی امت میں اس کے اول میں ہوں اور عیسیٰ اسکے آخر میں ہے اور مہدی میری اہل بیت سے اسکے وسط میں ہے اور مہدی اور عیسیٰ کے درمیان زمانہ طویل ہوگا اُس زمانہ میں ایک جماعت کجرو ہوگی نہ وہ مجھسے ہیں اور نہ میں اُس سے ہوں یہاں ختم ہوا شیخ نجیب الدین کا قول۔ یہ جو کہا گیا اس کو شیخ نجیب الدین نے مدار الفضلا میں فرمان رسول ع لاتزال طائفۃ من امتی الخ کے بیان میں پیش کیا ہے اور نیز مدار الفضلاء میں فرمان رسول ع ھل سمعتم بمدینۃ جانب منھا فی البر الخ کے بیان میں کہا ہے کہ شیعہ نے گمان کیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو خوار کرے کہ یہ حدیث مہدیؑ کے حق میں ہے اور شیعہ نے کہا کہ اس جماعت کے امیر سے مراد مہدیؑ ہے اور انہوں نے تمسک کیا ہے اس حدیث سے جو حذیفہ رضی سے

الامام الامن بنی اسحاق ثم ذکر فی
الحدیث الصلوة مع عیسیٰؑ وامامة
عیسیٰؑ فی تلک القوم فثبت ان
المصلے خلف عیسیٰؑ امیر من بنی
اسحاق وھو امیر الذین سبوا
اول مرة بالتکبیر واما ما قالوا بان
المھدیؑ یؤم ویقتدی عیسیٰؑ خلفه
فذلک قول لا نفاذ له بوجه من
الوجوه لانه مخالف لھذا الحدیث
الصحیح کیف تھلک امة انا فی
اولھا وعیسیٰؑ فی آخرھا والمھدیؑ
من اھل بیتی فی وسطھا وقد
صرح بطلانه فی شرح المقاصد
الامام سعد الدین التفتازانیؒ
وقال فیه فما یقال ان عیسیٰؑ یقتدی
بالمھدیؑ او بالعکس شئ لا مستند
له فلا ینبغی ان یعول علیه انتھیٰ
کلامه فقوله فما یقال یحترز به
عما قال فی شرح العقائد ان المھدیؑ
یصلی خلف عیسیٰؑ ثم رجع عن
ذلک وقال فما یقال الی آخره ثم
یمنع بھذا القول الجمع بین المھدیؑ
وعیسیٰؑ لانه لو کانا مجتمعین فی
غزوة او بعد غزوة فلا شک انه جمعھما
فی وقت صلوٰة من الصلوات الخمس

کی امامت عیسیٰؑ کرنیکا ذکر جو کیا گیا ہے اس سے
ثابت ہوا کہ عیسیٰؑ کی اقتدا سے نماز پڑھنے والا
بنی اسحاق کا امیر ہے اور وہ امیر ہے اُن لوگوں
کا جو پہلی مرتبہ قید سے گئے تکبیر کہکر۔ اور یہ جو کہا
جاتا ہے کہ مہدیؑ امامت کریں گے اور عیسیٰؑ اقتدا
کریں گے' یہ ایک ایسا قول ہے جو کسی وجہ سے
لائق نفاذ نہیں اس لئے کہ یہ قول مخالف ہے
اس حدیث صحیح کے۔ کیونکر ہلاک ہوگی وہ امت
جس کے اول میں میں ہوں اور اس کے آخر میں عیسیٰؑ
ہیں اور اس کے درمیان میری اہل بیت سے مہدی
ہے۔ اور قول مذکور کا باطل ہونا امام سعد الدین
تفتازانیؒ کی شرح مقاصد میں واضح طور پر ہو چکا
ہے اور کہا علامہ تفتازانیؒ نے شرح مقاصد میں کہ یہ
جو کہا جاتا ہے کہ عیسیٰؑ مہدیؑ کی اقتدا کریں گے
یا برعکس ایک بے سند بات ہے جو لائق اعتماد نہیں
انتہیٰ علامہ تفتازانیؒ کا فما یقال (وہ جو کہا جاتا ہے)
کہنا احتراز کرنا ہے اس قول سے جو کہا شرح عقاید
میں کہ مہدیؑ عیسیٰؑ کی اقتدا کریں گے' اپنے اس
قول سے علامہ نے رجوع فرمایا ہے اور فرمایا فما
یقال الخ۔ شیخ نجیب الدین کہتے ہیں کہ پھر علامہ
نے اپنے اس قول سے مہدی اور عیسیٰ علیہما السلام
کے جمع ہونے کو منع کیا ہے اس لئے کہ اگر وہ دونو
عیسیٰ اور دجال کی جنگ کے وقت یا بعد جنگ
جمع ہوتے تو نماز پنجگانہ میں سے کسی ایک نماز میں
ان کا جمع ہونا محال نہ تھا پس ایکدوسرے کی اقتدا

ای زمان طویل فیہ خلق لا یسنون
بسنۃ ولا یعملون بعمل اھل الاسلام
ثم یخرج الدجال فینزل عیسیٰؑ و
حدیث المسلم اصح من حدیث
الحسان لانہ لا یکون فیہ من
غریب وضعیف فثبت ان ذکر
اسم المھدیؑ فی حدیث حذیفۃ
من مختر عات الشیعۃ خذلھم اللہ تعالیٰ
انتھی کلامہ ای کلام نجیب الدین
فی مدار الفضلاء لانہ ؑ نفی ھلاک
الامۃ لوجود ثلثۃ اولا واخرا واوسطا
وذلک یدل علی ان بعث کل منھم
علیحدۃ وذلک عند ھلاک الناس
بالکفر والبدع والضلالۃ وترکھم طلب
التقرب الی اللہ تعالیٰ والمحبۃ والاشتیاق
الی الرویۃ والبصیرۃ فعند ھلاک
اھل الکتاب والمشرکین بعث اللہ
رسولنا لم یحفظھم عن الھلاک ما
شاء اللہ ممن اطاعہ وھلکوا ما شاء
اللہ ممن لم یطعہ وبعدہ ؑ ھلکہ
بعض امۃ حتی ادرکھا المھدیؑ

اور اترآئینگے عیسیٰؑ۔ اور مسلم کی حدیث زیادہ صحیح ہے
حدیث حسان سے اسلئے کہ مسلم میں غریب اور ضعیف
حدیثیں نہیں ہوتیں پس ثابت ہوا کہ حذیفہؓ کی
حدیث میں مہدیؑ کے نام کا ذکر شیعہ کی من گھڑت
ہے اللہ تعالےٰ ان کو خوار کرے۔ یہاں تک ہے
کلام نجیب الدین کا مدار الفضلاء میں اس لئے کہ
آنحضرتؐ نے اول آخر اور درمیان میں تین شخصوں کی
ذات سے امت کی ہلاکت نہ ہونا بیان فرمایا ہے
اور یہ فرمان اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ تینوں
اشخاص کی بعثت علیحدہ علیحدہ ہوگی اور اُن کی بعثت
اس وقت ہوگی جب کہ لوگ کفر بدعت اور ضلالت
میں مبتلا ہوتے اور اللہ تعالےٰ کے قرب و محبت
کی طلب اور دیدار و بینائی کے شوق کو ترک کرنے کی
وجہ سے (دنیا طلبی کی) ہلاکت میں پڑجائیں گے
پس یہود و نصاریٰ اور مشرکین کی ہلاکت کے
وقت اللہ تعالےٰ نے ہمارے رسول کو پیدا کیا اور
ان کو ہلاکت سے بچایا جس کو چاہا رسولؑ کو ماننے
والوں سے اور جس کو چاہا ہلاک کیا رسولؑ کے انکار
کرنے والوں سے اور رسولؑ کے وصال کے بعد آپؐ
سے زمانہ دور ہوا تو امت کے بعض لوگ ہلاک ہوئے
حتیٰ کہ ان کو مہدیؑ نے پایا پس اللہ نے اُن کو ہلاکت

ہ ھلک بعض امۃ بارتکاب البدعۃ والمعصیۃ وطلب الدنیا والاشتغال فی المعیشۃ ونسیان الذکر والفکر وطلب حظوظ النفسانیۃ والجاہ (از حاشیہ مخزن الدلائل مترجم) امت کے بعض لوگ بدعت نافرمانی دنیا طلبی زندگی کی مشغولیت ذکر و فکر سے غفلت نفسانی خواہشات اور دبدبہ کی طلب کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔

حذيفة بعد قوله تعالى لهم في الدنيا
خزي ولهم في الآخرة عذاب
عظيم. ثم ان المهدي ومن معه من
المسلمين ياتون الى مدينة انطاكية
وهي مدينة عظيمة على البحر فيكبرون
عليها ثلث تكبيرات فيقع سورها
على البحر فيكبرون فيفتحون ثم
يسيرون الى رومية والقسطنطنية
وكنيسة الذهب فيفتحون قسطنطنية
ورومية الى آخره قال علماء اهل
السنة والجماعة رحمهم الله ان هذا
التمسك ضعيف لان النبيؐ ذكر الفتح
بالتكبير من بني اسحاق والمهديؑ
من بني فاطمة بنت رسول الله و
هو من بني اسمٰعيل ثم اخفاء اسم
الامير وذكر اسم الجيش بالفتح لم
يعهد به العقلاء والبلغاء لان المهديؑ
اسبقهم بعثا لان هذا الفتح قريب من
نزول عيسىؑ وخروج الدجال وبعث
المهديؑ سابق عليه ويكون ذلك
بعد موت المهديؑ وقوله كيف
تهلك امة انا في اولها وعيسىؑ في
آخرها والمهديؑ من عترتي في وسطها
الى آخرها يدل على كون المهديؑ
متوسطا مع ما كان بينهما فيج اعوج

فرمانِ خدا ان کے لیئے دنیا میں خواری ہے اور آخرت
میں عذاب عظیم کے بعد مروی ہے (اور کہا ہے پھر تحقیق کہ
مہدیؑ اور اس کے ساتھ والے مسلمان آئینگے شہر انطاکیہ
کی طرف کہ وہ بڑا شہر ہے دریا کے کنارہ اور اس شہر
پر تین بار تکبیر کہینگے پس گرجائیگی اُس شہر کی دیوار دریا پر
پھر تکبیر کہینگے اور فتح کریں گے پھر رومیہ قسطنطنیہ اور کنیسۃ
الذہب کی سیر کریں گے اور فتح کریں گے تینوں
شہروں کو الخ علماء اہل سنت وجماعت رحمہم اللہ نے
کہا کہ شیعہ کا یہ تمسک ضعیف ہے اس لیئے کہ نبی
علیہ السلام نے اولاد اسحٰقؑ تکبیر سے قسطنطنیہ فتح کرنے
کا ذکر فرمایا ہے اور مہدیؑ اولاد فاطمہ بنت رسول اللہؐ
سے ہیں اور آنحضرتؐ اولاد اسمٰعیلؑ سے پس امیر لشکر
کا نام پوشیدہ رکھنا اور لشکر کا نام فتح کیساتھ ذکر
کرنا عاقلوں اور بالغانِ علم کی مقرر کی ہوئی بات نہیں
تحقیق کہ مہدیؑ بعثت کے لحاظ سے لشکر اور امیر لشکر
سے مقدم ہے اسلئے کہ یہ فتح نزول عیسیٰؑ اور خروج
دجال کے قریب ہوگی اور مہدیؑ کی بعثت فتح کے
پہلے ہے اور ہوگی فتح مہدیؑ کے وصال کے بعد اور
آنحضرتؐ کا فرمان، کیونکر ہلاک ہوگی امت میں
اسکے اول میں ہوں اور عیسیٰؑ اس کے آخر میں ہے
اور مہدیؑ میری اولاد سے اس کے درمیان ہے محمدؐ
اور عیسیٰؑ کے درمیان مہدیؑ کے ہونے پر دلالت کرتا
ہے مع ہذا مہدیؑ اور عیسیٰؑ کے درمیان زمانہ دراز ہوگا
اس زمانہ میں لوگ سنت کی پیروی نہ کرنے والے اور
اہل اسلام کا عمل نہ کرنیوالے ہوں گے پھر نکلیگا دجال

علیٰ وجه الحقیقة اما لقب[۵] الامیر و السلطان اما من وجه التعظیم والمجاز فیطلق کما یقال للفقراء السادات امیر و شاه لان کل من کان من اولاد الرسولؐ فهو امیر الامة و سلطانها اما من حیث الامارة والسلطنة التی تقتضی القهر والغلبة فلا یطلق علیه واما الامام فلکونه علیٰ حسب اٰبائه کالحسین وزین العابدین وغیرهما من الائمة من اهل البیت رضوان الله علیهم مع ترک دعوی الامامة بالقهر والغلبة وعلیه السلف لما ذکر فی شرح المقاصد فی جواب الامامیة حیث نفی اختفاء محمد بن حسن العسکری مع کونه مبعوثا اماما مهدیا قال ولو سلم بعث محمد بن حسن العسکری فینبغی ان یکون ظاهر الا یظهر دعوی الامامة کسائر الائمة من اهل البیت ینتظم به الاولیاء وینتفع به الناس واذا لم یکن ظاهر اعلم انه لم یبعث فلم یختف فالمقصود انه سلم

پر حقیقۃً اطلاق نہیں کیا جاتا البتہ تعظیماً و مجازاً بولا جاتا ہے چنانچہ فقراء اور سادات کو امیر اور شاہ کہتے ہیں اس لیئے کہ ہر وہ شخص جو اولاد رسولؐ سے ہے پس وہ امیر امت اور سلطان امت ہے لیکن امیری اور سلطنت جو قہر و غلبہ کی مقتضی ہے اس کا اطلاق مہدیؑ پر نہیں کیا جاتا اور مہدیؑ کو آپ کے آبا کی موافقت کی وجہ سے امام کہا جاتا ہے چنانچہ امام حسین اور امام زین العابدین اور ان کے سوائے جو اہل بیت سے ہیں خوشنودی ہو اللہ کی ان سب پر کہ باوجود ترک کرنے دعوی امامت کے قہر و غلبہ کے ساتھ امام کا لقب ان سب پر جاری ہے اور ان کی امامت پر سب سلف متفق ہیں بہ سبب اس کے کہ ذکر کیا گیا ہے شرح مقاصد میں طائفۂ روافض کے جواب میں جہاں کہ علامہ سعد الدینؒ نے محمد بن حسن عسکری امام مہدی بنا کر بھیجے جانیکے باوجود پوشیدہ رہنے کی مخالفت کی ہے اور کہا کہ اگر محمد بن عسکری کی بعثت کو دعوی مہدیت کیلئے ثابت رکھا جائے تو دعوی ظاہر ہونا چاہیئے تھا دعوی امامت تو ظاہر نہوا (اگر ظاہر ہوتا تو ائمہ اہل بیت کی جسطرح اولیاء قوت اور نفع پائے اسی طرح ان سے مدد پاتے اور لوگ نفع اٹھاتے اور

---

۵ اگر کہا جائے کہ حضرت مہدیؑ کو بھی امیر اور شاہ کہا جاتا ہے تو دوسروں کی طرح آپکو بھی امیر اور شاہ کہنا لازم آتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ حضرت بندگیمیاں امین محمدرضؓ نے امامؑ کو شاہ فرمایا ہے "ورگہ شاہ محمد مہدی آخر زماں" (ملاحظہ ہو زاد الناجی مطبوعہ صفحہ ۲۳) اور حضرت بندگی میانشاہ برہانؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ "امیر سید محمد مہدی موعود علیہ السلام" (ملاحظہ ہو شواہد الولایت کے دیباچہ کی ابتدائی عبارت)

فحفظهم ماشاء الله ممن اطاعه و
هلکوا ماشاء الله ممن لم يطعه و
بعده يهلکون فيه کلهم عيسىٰؑ و
يحفظهم ماشاء الله و يهلکون ماشاء
الله فثبت ان المهدیؑ و عیسیٰؑ لا
يجتمعان فی زمان واحد کما لم يجتمعا
مع رسول الله صلعم فی حياته و
الحديث الثانی من المسلم عن ابی
هريرةؓ قال قال رسول الله صلعم
اذا بويع الخليفتان فاقتلوا الآخر
منهما فاعلم ان عیسیٰؑ ينزل خليفة
علی امة نبينا لقوله ع ينزل عیسیٰؑ
خليفة علی امتی يکسر الصليب و
يقتل الخنازير و يضع الجزية الحديث
فمن ظن بخلافة المهدیؑ مع الجيش
العظيم و جمعه مع عیسیٰؑ فقد الزم
بيعة الخليفتين فی زمان واحد
و به يلزم قتل عیسیٰؑ لتقدم المهدیؑ
عليه بهذا الحديث و ذلك باطل فثبت
انهما لا يجتمعان فی زمان واحد
فان قلت ما يطلق علی المهدیؑ من
الخطاب اهو خليفة ام امام او امير
او سلطان قلت لفظ الامام من وجه
و الخليفة من وجه و سياتی بيانهما
اما لفظ الامير و السلطان فلا يطلق

سے بچایا جسکو چاہا مہدیؑ کو ملنے والوں سے اور جس کو
چاہا ہلاک کیا مہدیؑ کے انکار کرنیوالوں سے اور مہدیؑ
کے وصال کے عرصۂ دراز کے بعد مہدوی (دنیا طلبی کی
وجہ سے) ہلاک ہوں گے اور پائیں گے ان کو عیسیٰؑ پس
اللہ جن کو چاہے گا ہلاکت سے بچالیگا اور جنکو چاہے گا
ہلاک کریگا پس ثابت ہوا کہ مہدیؑ اور عیسیٰؑ ایک زمانہ میں
جمع نہونگے جیسا کہ جمع نہوے رسولؐ کے ساتھ آپکی حیات
میں۔ اور دوسری حدیث مسلم کی ہے جو ابو ہریرہؓ سے
مروی ہے کہا کہ فرمایا رسولؐ نے کہ جب بیعت کیے جائیں
دو خلیفے تو انمیں کے آخر کو قتل کرو پس جان کہ عیسیٰؑ
ہمارے نبیؐ کی امت پر خلیفہ کی حیثیت سے نازل ہونگے
چنانچہ نبیؐ نے فرمایا کہ عیسیٰؑ خلیفہ ہوکر میری امت پر نازل
ہوگا نصاریٰ کی صلیب کو توڑیگا اور سوروں کو قتل کریگا
اور کافروں و مشرکوں پر جزیہ مقرر کریگا الخ پس جس نے
گمان کیا مہدیؑ کی خلافت کا لشکر عظیم کیساتھ اور مہدیؑ کے
عیسیٰؑ کے ساتھ جمع ہونے کا گمان کیا پس اس نے ایک
ہی زمانہ میں دو خلیفوں کی بیعت کو لازم کیا اور اس سے
عیسیٰؑ کا قتل لازم آتا ہے بسبب مقدم ہونے مہدیؑ کے عیسیٰؑ
پر از روئے بعثت کے اور یہ باطل ہے اور ثابت ہوا کہ مہدیؑ
اور عیسیٰؑ ایک ہی زمانہ میں جمع نہ ہوں گے۔ اگر کہے تو کہ مہدیؑ
کو خلیفہ کا لقب دینا چاہئے یا امام کا یا امیر یا سلطان کا تو
میں جواب میں کہتا ہوں کہ مہدی علیہ السلام
کو ایک وجہ سے امام کا لقب دیا جاتا ہے اور
ایک وجہ سے خلیفہ کا لقب قریب میں ان
دونوں کا بیان آئیگا لیکن امیر اور سلطان کا لفظ مہدیؑ

رمضان وتحج البيت ان استطعت
اليه سبيلا فقال صدقت قال فاخبرني
عن الايمان قال ان تومن بالله وملئكته
وكتبه ورسله واليوم الاخر وتومن
بالقدر خيره وشره من الله تعالى
فقال صدقت قال اخبرني عن
الاحسان قال الاحسان ان تعبد
الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه
يراك الحديث ثم اعلم انه كان
رسول الله صلعم يعلم امته الايمان
والاسلام جهرا لان طبائع الناس
كلهم مستعدة لنيل هذا الامر فهذا
الامر من ظاهر الشرع يعني واما الاحسان
فلو يعلمه الا من راى طبعه مخطوطا
بنور الايمان بنعت المحبة والشوق
الى الله تعالى فيعلمه ويامر بالاختفاء
عن الخلق لقلة دركهم معانيه كما
قال ابو هريرة رض لقد حفظت من رسول
الله وعائين من الحديث وعاء لقد
بثثته ووعاء لو بثثته لقطع مني هذا
البلعوم اى الحلقوم وكان الامام علي
الاصغر زين العابدين بن الحسين رض
يقول ؎

اني لاكتم من علمي جواهره
كيلا يرى ذالك ذو جهل فيفتتنا

نے کہا کہ تو نے سچ کہا پھر کہا اور خبر دے مجھے ایمان کی
تو فرمایا کہ ایمان لا خدا پر اس کے فرشتوں اس کی
کتابوں اس کے رسولوں اور قیامت کے دن
پر اور ایمان لا تقدیر پر کہ نیکی اور بدی اسکی منجانب
اللہ ہے تو اس مرد نے کہا تو نے سچ کہا پھر کہا کہ مجھے احسان
کی خبر دے تو فرمایا احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت
اس طرح کر گویا کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہے اگر تجھ میں اللہ
کو دیکھنے کی سکت نہیں ہے تو یہ سمجھ کہ اللہ تجھکو دیکھ
رہا ہے الخ واضح ہو کہ رسول اللہ نے امت کو ایمان
اور اسلام کی تعلیم آشکارا طور پر دی اسلئے کہ لوگوں کی طبیعتیں
ان کی تعلیم پانے کی صلاحیت رکھتی تھیں پس اس کا نام
ظاہر شریعت ہے لیکن احسان کہ اسکی تعلیم نہیں دی
مگر جن کی طبیعت کو وصف محبت وشوق الی اللہ کے
ساتھ نور ایمان سے بہرہ ور دیکھا تو اُن کو احسان کی
تعلیم دیتے تھے اور مخلوق سے اسبات کو پوشیدہ رکھنے
کا حکم فرماتے تھے کیونکہ آپ جانتے تھے کہ انھیں احسان
کے معانی سمجھنے کی صلاحیت کم ہے چنانچہ ابوہریرہ رض
نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ سے یاد کیا ہے حدیث
کے دو ظرف انہیں کا ایک ظرف شریعت کا ہے اس کو
لوگوں پر ظاہر کرتا ہوں اور دوسرا ظرف حقیقت کا ہے اگر
اس کو ظاہر کروں تو میرا حلق کاٹا جائے اور علی اصغر امام
زین العابدین بن امام حسین رض فرماتے
ہیں کہ

المحظور انه فیه فان قلت حینئذ
یلزم الجمع بین الحقیقة والمجاز
قلت لا مجاز فی نفس التبلیغ لان
التبلیغ انواع منها تبلیغ باللسان

قسم ثانی کا وجہ اول سی تو جو شخص اسکے زمانہ میں نہوگا تو اسکے
ایمان کی صحت سی تمہارا قاعدہ ٹوٹ جائیگا اور اگر ارادہ
کیا جائے قسم سوم کا وجہ اول سی تو مبلغ کی تبلیغ بذاتہ نہ ہوگی
ان اشخاص کے حق میں جو اسکے زمانہ میں نہوں اور جو اس
سی بہت دور رہنے والے ہوں اور اسیطرح اگر ارادہ
کیا جائے قسم اول کا وجہ ثانی سے تو تمہارا قاعدہ ٹوٹ جائیگا
اس شخص کے ایمان کی صحت سے جسنے اپنے رسول پر
ایمان لایا اور اس رسول پر ایمان لایا جو اس کے زمانہ
میں نہیں تھا اور اگر ارادہ کیا جائے قسم ثانی کا وجہ ثانی
سے تو تمہارا قاعدہ ٹوٹ جائیگا اس شخص کے ایمان کی
صحت سی جو ایمان لایا اسکے بعد پس باقی رہی قسم ثالث
دو وجہوں سے جب تو یہ سمجھہ گیا تو جان کہ داد و عدل جو
مہدیؑ کے حق میں حدیث میں مذکور ہے وہ قسم ثالث وجہ
ثانی سے ہے اس لئے کہ منحصر نہوگا حکم اس کی ذات پر اور
نہ اس کے زمانہ پر بلکہ ارادہ کیا جائے گا حکم کا اسکی ذات
اور اس کی پیروی کرنے والے پر عیسیٰؑ کے اتر آنے
تک اور یہ بیان کافی ہے مدعی کے قول "بھرے گا مہدیؑ
تمام زمین کو داد و عدل سے" کو تسلیم کرنے کیلئے پس ہم
نے ثابت کیا ہے داد و عدل کو اسطرح کہ ممکن ہے اسی
وجہ سے جس کا ذکر کر دیا ہے نہ مدعی کے دعوی کی طرح کہ
جس پر کئی موانعات وارد ہوتے ہیں. اور اگر کہے تو کہ
تمہارے اس ثبوت کو تسلیم کر لیا جائے تو اس سے
حقیقت و مجاز کا جمع ہونا لازم آتا ہے میں کہتا ہوں کہ
نفس تبلیغ میں مجاز نہیں ہے اسلئے کہ تبلیغ کی چند قسمیں
ہیں ان میں سے تبلیغ زبان سے ہے یا تبلیغ قاصد سے

المذاهب الاربعة من الحق ولان
الاولياء دونه لا ينبغي لهم ان يظهروا
ولايتهم بل يستحب لهم ان يكتموها
ويستتروا و لهذا لم يظهر احد
ولايته الا في السكر فلم يجب عليهم
اظهار الشرائع في الخلق ولا اخذهم
عن الله ورسوله الا المهدي ع
لانه بعث خاصة على خلافة الله
وخلافة رسول الله بامر الله دون
غيره ووجب عليه اظهار الولاية
واثبات الشرائع وازالة البدعة
والضلالة واقامة السنن على مناهجها
كما كانت في زمان النبي ص فثبت
ان الولي الذي على بينة من
ربه بعد النبي ص هو المهدي ع و
لانه على بصيرة من ربه بقوله تعالى
قل هذه سبيلي ادعو الى الله على
بصيرة انا ومن اتبعني الاية (جزء ۱۳ رکوع ٦)
فالتابع الكامل خلافة في زمانه
هو المهدي ع لا ينصرف الحكم الى
غيره الا قبل زمانه بعموم الاية
فان المطلق ينصرف الى الكامل و
لا يكون في زمانه ولا بعد زمانه
من الاولياء اكمل منه لانه خاتم
الولاية خليفة الله وخليفة رسول

پس تو غور کامل کر کہ ولی جسکے بارے میں آیت مذکورہ کہی گئی ہے
وہ وہی مہدی ہیں اُن احادیث کی بنا پر جن کا ذکر ہم نے
کیا ہے اور اسلئے کہ مہدی اس حجت پر قایم کیا گیا ہے
برخلاف تمام اولیاء اللہ کے کیونکہ تمام اولیاء اللہ پر خلق
کی دعوت واجب نہیں اور اولیاء بھی سنتے ہیں اور تحقیق
کرتے ہیں اللہ سے اگرچہ انہوں نے بھی اپنے واقعات و
معاملات میں اللہ تعالے سے سنا ہے اور مہدی ع کیلئے ضروری
کہ اصحاب مذاہب اربعہ نے جو کچھ اختلاف حقانیت کیساتھ
کیا ہے معلومات خدا سے امر حق مقرر کرے اور اسلئے کہ مہدی
کے سوائے جو اولیاء ہیں اپنی ولایت کو ظاہر کرنا ان کے
لئے سزاوار نہیں بلکہ ان کیلئے ولایت کو پوشیدہ اور
در پردہ رکھنا مستحب ہے اسی لئے کسی ولی نے بھی اپنی ولایت
کو ظاہر نہیں فرمایا مگر سکر کی حالت میں اور ان کیلئے شرایع
کو خلق پر ظاہر کرنا اور اللہ اور اس کے رسول سے علم حاصل
کرنا واجب نہیں مگر مہدی ع پر واجب ہے اسلئے کہ مہدی ع
بھیجا گیا ہے خاص اللہ و رسول اللہ کی خلافت کیلئے
خدا کے حکم سے نہ کہ غیر خدا کے اور واجب ہے مہدی پر
اپنی ولایت کو ظاہر کرنا شرایع کو ثابت کرنا بدعت اور
ضلالت کو دور کرنا اور سنتوں کو قایم کرنا اسی طریق پر
جیسی کہ تھیں نبی ع کے زمانہ میں پس ثابت ہوا کہ وہ ولی
جو نبی ص کے بعد اپنے پروردگار کی طرف سے
بینہ پر ہے مہدی ہے اور اس لئے کہ مہدی اپنے پروردگار
کی طرف سے دعوی بصیرت پر مامور ہے اللہ تعالے کے
اس فرمان سے کہ کہدو اے محمد کہ یہ میری راہ ہے
بلاتا ہوں لوگوں کو اللہ کی طرف بینائی پر میں اور جو میرا

لانہ اکمل المفسرین بکتاب اللہ
ولیصرف المطلق الی الکامل لانہ یاخذ
المعانی من اللہ تعالے فیکون تفسیرہ
تفسیرا لرسول علیہ السلام وعلامۃ
اہل الشریعۃ وہو المذاہب الاربعۃ
لاہل السنۃ والجماعۃ بل یزید
بخلاف مافسرت الشیعۃ باہوائہم
افتراءً علی اولاد الرسول ع واخترعوا
مذہبا وسموہ اماميا وغیرذلک
نعوذ باللہ منہا ویؤیدہ ماذکرنا من
التفسیر الدیلمی فی تفسیر قولہ تعالیٰ
افمن کان علی بینۃ من ربہ الآیۃ
جزء ۱۲ رکوع ۲
فاما الذی علی بینۃ من ربہ فہو
النبی ثم الولی الذی یستفتی من
اللہ ما یشکل علیہ فیجیبہ ربہ جل
وعلا ویسمع منہ فہو الذی علی
بینۃ من ربہ فافہم جدا ان
الولی الذی احری ان یقال فیہ
ذلک ہو المہدی ع بماذکرنا من الاحادیث
ولانہ منصوب علی ذلک بخلاف
سائر الاولیاء لانہ لاحاجۃ لہم الی
دعوۃ الخلق بالوجوب فیستمعون
ویتحققون عنہ تم وان استمعوا
وتحققوا ولابد لہ ان یستفتی من
اللہ تعالے ما اختلف فیہ من احکام

تک ۱ یعنے تمسک کرو کتاب خدا کے معنی کو وہ معنی جو
میری اولاد کی مصاحبت میں ہے یا جو کچھ تفسیر میری
اولاد کرتی ہے پس اس معنی سے مہدی ع خاص
کیا گیا ہے تمام عترت سے اپنے زمانہ میں اسلئے کہ
مہدی ع کتاب اللہ کی تفسیر کرنیوالوں سے کامل ترین
ہے اور مطلق پھیرا جاتا ہے فرد کامل کی طرف (اور وہ فرد
کامل مہدی ع کی ذات ہے) اس لئے کہ مہدی ع اللہ
تعالے سے معانی قرآن حاصل کرتا ہے پس مہدی ع
کی تفسیر رسول ع کی تفسیر ہوگی۔ شریعت پر چلنے والوں
کی علامت اہل سنت وجماعت کے چار مذاہب
بلکہ چار سے زیادہ ہیں اس کے برخلاف شیعہ نے اولاد
رسول ع پر افترا کرکے اپنی خواہشات سے تفسیر کی
ہے اور ایک نیا مذہب اختراع کرکے اس کا نام
امامیہ رکھ لیا ہے اور اس کے سوائے دوسرے
مذاہب بنالئے نعوذ باللہ منہا۔ اور تائید دیتی ہے اس
کی وہ چیز جو تفسیر دیلمی سے اللہ تعالے کے فرمان
"آیا پس جو شخص کہ ہو حجت پر اپنے پروردگار کی طرف
سے" کی تفسیر میں ہمنے پیش کی ہے (مفسر نے کہا
کہ) جو شخص پروردگار کی طرف سے حجت پر (روشن
دلیل پر) ہے پس وہ نبی ع ہے پھر ولی ہے وہ ولی کہ
اللہ تعالے سے اطمینان حاصل کرتا ہو اس چیز کے متعلق
جس کا کشف اس کو مشکل نظر آئے پس جواب دیتا
ہے اس کو اس کا پروردگار کہ بزرگ و برتر ہے اور وہ
سنتا ہے اپنے پروردگار کے جواب کو پس وہ ولی
حجت پر (روشن دلیل پر) ہے اپنے پروردگار کیطرف سے

الظاهرة انه من ادعىٰ اخذ العلم
من الله تعالىٰ فقد ادعىٰ النبوة و
ذلك بادعاء النبوة يشير الى تجديد
الشريعة او امضاء حكم لم يحكم
به رسول الله ؐ ولم ينقل عن السلف
بل المهدی ؑ مبين بيانا بحيث يوافق
افعال رسول الله عليه السلام و
الخلفاء الراشدين المهديين
رضوان الله عليهم اجمعين من
غير تعليم من الناس وهو العلم
اللدنى كما ذكر فى المدارك
العلم اللدنى ما حصل بطريق
الالهام ويهدى الى الرشد والرشد
خلاف الغى الا ترى فى قصة موسىٰ
وخضر عليهما السلام هل اتّبِعُكَ
علىٰ ان تُعَلِّمَنِّ مما عُلِّمْتُ رُشْدًا
جزء ۱۵ رکوع ۲۱
فان الالهام يهدى الى الرشد
هو العلم من الله تعالى والالهام ما يقع
فى القلب من الخير ثم اذا تغلظ
ينطبق فى الخيال فيتصور بصورة
لطيفة نورانية اليها ميل كل روح
بنعت الشوق اليها يوجد منها
كلام يسمع الملهم بحسب ما وقع
فى قلبه او يهتف هاتف من غير
كيف و يؤيده ما ذكر فى العرائس

عالم ربانی محفوظ عن الخطاء ہے اور نبی ؑ کی پیروی کرنے میں
سیدھے بائیں جانب نہیں دیکھیگا اور نبی ؑ کے قدم بقدم چلیگا
اور نبی ؑ کی کامل پیروی کریگا پس مہدی ؑ کا بیان از روی
خلافت رسول ؑ کا بیان ہی اسلئے کہ قرآن کے معانی
مہدی ؑ کیساتھ رہینگے ان احادیث کی حجت سی جو مہدی ؑ
کے حقمیں وارد ہوئی ہیں چنانچہ ہمنے انکا ذکر کر دیا ہے نہ
اسطرح جیسا کہ گمان کیا ہی ظاہری علوم رکھنے والوں نے
کہ جسنے خدا سی علم حاصل کرنیکا دعوی کیا پس اس نے نبوت
کا دعوی کیا اور وہ دعوی نبوت سی نئی شریعت کیطرف
یا جو حکم رسول ؑ نے نہیں کیا ہی سو وہ حکم جاری کرنیکی طرف
اشارہ کرتا ہی اور یہ بات علماء سلف سی منقول نہیں (مخالفان
مہدی ؑ کا یہ گمان صحیح نہیں) بلکہ مہدی ؑ قرآن کا بیان
اسطرح بیان کرتا ہیکہ تمام افعال رسول ؑ اور آپکے ہدایت
یافتہ خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے
افعال کے موافق ہوتا ہے لوگوں سی تعلیم حاصل کیئے بغیر
مہدی ؑ کا بیان ہی اور یہ علم لدنی ہی چنانچہ تفسیر مدارک میں
ذکر کیا گیا ہیکہ علم لدنی ایسا علم ہے جو بطریق الہام
حاصل ہوتا ہی اور ہدایت کرتا ہے رُشد یعنے نیک راہ
پر چلنے کی اور رشد خلاف ہی غیٔ یعنی گمراہی کے کیا تونے
نہیں دیکھا موسیٰ اور خضر علیہما السلام کے قصہ میں موسیٰ
نے خضر سے کہا کہ (اجازت دو) تو میں تمہاری پیروی
کروں اس شرط پر کہ تم مجھکو سکھا دو جو کچھ تمکو سکھائی گئی
ہے راہ یابی پس تحقیق کہ الہام ہدایت کرتا ہی رشد کی
اور وہ علم من اللہ ہے اور الہام وہ ہے جو مومن کے
دل میں خیر سے واقع ہوتا ہے پھر جب سخت ہوتا ہی

الله فيخبر الناس بما علم من الله
تعالیٰ وبما يسمع من رسول الله ع
بمشاهدة روحه ولا يفهمه الفقهاء
فيعاندونه وهذا معنى ما ذكر
فی فتوحات المكی انه قال لا يكون
له الاعداء الا الفقهاء خاصة فانه
لا يبقى رياستهم فيقولون ان زمان
الاجتهاد قد مضى فمن اين يقول
هذا الرجل يشبهونه بالبدعة
والضلالة والحال انه ياخذ
العلم من الله تعالے ورسولهٔ
يعنی ياخذ العلم من الله تع وبيان
كتاب الله بحيث يجتمع فيه
الشرائع والحقائق لما هو من
خصائصه لقوله تع ثم ان علينا
بيانه ۔ وقد فسر المفسرون بان
البيان علىٰ لسان العلماء فان
المهدیؑ اجدر العلماء بيانا لانه
عالم ربانی محفوظ عن الخطاء و
لا يلتفت عن اتباع النبیؐ يمينا
وشمالا ويقفو اثره ويتبعه كمال
المتابعة ثم بيانه بيان رسول
الله ع خلافة عن الله لان معانی
الكتاب مصحوب به للاحاديث
كما ذكرنا لا كما ظن اهل العلوم

متابع تام ہی پس ازروی خلافت کامل پیروی کرنیوالا اپنے
زمانہ میں وہی مہدیؑ ہی نہیں پلٹتا ہی حکم غیر مہدیؑ کی طرف
مگر مہدیؑ کے زمانہ کے پہلے عموم آیت کے لحاظ سے
پس مطلق پلٹتا ہے فرد کامل کی طرف اور مہدیؑ کے زمانہ
میں اور نہ مہدیؑ کے زمانہ کے بعد اولیاء میں سے کوئی
ولی مہدیؑ سے زیادہ کامل نہوگا اس لیئے کہ مہدیؑ خاتم
ولایت محمدی خلیفۃ اللہ اور خلیفۂ رسول اللہؐ ہے پس
حق تعالے سے امور شریعت اور امور حقیقت سے
جو کچہہ معلوم کرتا ہی اور بمشاہدۂ روح رسولؐ رسولؐ سے جو
کچہہ سنتا ہی لوگونکو خبر دیتا ہی مہدیؑ کے زمانہ کے فقہاء اور مشایخوں
نے مہدیؑ کو نہیں سمجہا اور آپ کے ساتہ دشمنی کی اسی معنی کا
ذکر حضرت شیخ محی الدینؒ نے فتوحات مکی میں فرمایا ہیکہ
مہدیؑ کے دشمن ہونگے مگر خصوصاً فقہاء اسلئے کہ ان کی
سرداری مہدیؑ کے روبرو باقی نرہیگی پس کہیں گے کہ
اجتہاد کا زمانہ تو گذرچکا پس یہ مرد کہاں سے یہ احکام
بیان کرتا ہی مہدیؑ کے احکام کو بدعت اور ضلالت سے
مشابہت دیں گے اور حقیقت حال تو یہ ہیکہ مہدیؑ علم
حاصل کرتا ہی اللہ اور اللہ کے رسول سی اللہ تعالے سے
علم اخذ کرنے سی ہماری مراد قرآن کا بیان کرنا ہی اس
حیثیت سی کہ وہ بیان شرائع اور حقایق کو جامع ہوتا ہی
بہ سبب اسکے کہ اس قسم کا بیان مہدیؑ کے خصایص سی ہی
اللہ تعالے کے فرمان سی کہ پہر تحقیق ہم پر ہے قرآن کا
بیان مفسروں نے تفسیر کی ہے کہ یہ بیان علماء کی زبان
سے ہوگا اور مہدیؑ کیلئے قرآن کا بیان کرنا بہت زیادہ
سزاوار ہی علماء کے بیان کرنے سے اسلئے کہ مہدیؑ

بالانبياء بل الاولياء من امة محمد
عليه السلام مشحونون بهذه العلوم
اللدنية فمن لم يغلب بصيرته على
عقله ولم يغلب عقله على نفسه
كيف يفهم هذا المعنى فلا بد ان
ينكره فاما من برز له من سطوات
حاله شيء من هذه العلوم لا
يجوز تكفيره لاسيما فيما لا يختلف
الشرع ثم فقال ابوعثمان من كان
على بينة من ربه لا يخفى عليه
سره وقال الرويم البينة هو الاشراف
على القلوب والحكم على الغيوب
وقال الجنيد البينة حقيقة يؤيدها
ظاهر العلم وقال ابوبكر بن طاهر
من كان من ربه على بينة كانت
جوارحه وقفا على الطاعات و
الموافقات ولسانه مرقوما بالذكر
ونشر النعماء وقلبه منورا بنور
التوفيق وضياء التحقيق وسره و
روحه في مشاهدة الحق في جميع
الاوقات عالما بما يبدو من مكنون
الغيب ومستوره ورويته للاشياء
روية اليقين لا شك فيه و
حكمه على الخلق كحكم الحق لا
ينطق الا بالحق ولا يعي الا بالحق

اللہ ؔ علم حاصل کرنا اسکو کہتے ہیں پس یہ اخذ علم انبیاؑ
سیؔ مخصوص نہیں بلکہ امت محمدؐ کے اولیا علوم لدنی سی لبریز
ہیں پس جسکے دل کی بینائی اسکی عقل پر غالب نہو اور
جسکی عقل اسکے نفس پر غالب نہو تو وہ اس معنی کو کیونکر
سمجھیگا پس ضرور ہیکہ مدعی اس معنی کا انکار کرے پس جسپر
اسکے غلبہ حال سی جو چیز علوم لدنی سی ظاہر ہو تو اسکو چھپانا
اور اس کا انکار کرنا جائز نہیں خصوصًا اس چیز میں کہ وہ علوم
شرعی امور و احکام کے مخالف نہوں پس ابوعثمان نے کہا کہ
جو شخص اپنے رب کی طرف سے بینہ پر ہو تو اس پر خدا کے
اسرار پوشیدہ نہیں رہتے اور رویم نے کہا کہ غیب کے
راز و اسرار کو کاملوں کے دلوں پر روشن کرنا اور معلومات الہی
سے غیب پر حکم کرنا بینہ ہے۔ اور جنید نے کہا کہ بینہ حقیقت
ہے قوی کرتا اس کو علم ظاہر اور ابوبکر ابن طاہر نے کہا کہ جو
شخص اپنے پروردگار کی معلومات سی نبی کی اتباع پر ہو
تو اس کے تمام اعضا حق کی طاعتوں اور موافقتوں میں
لگے رہتے ہیں اور اس کی زبان ذکر اللہ سے مرقوم اور
اللہ کی نعمتوں اور بخششوں کو مومنوں پر آشکارا کرنے میں
مشغول رہتی ہے اور اس کا دل تحقیق کی ضیا اور توفیق کے
نور سے منور ہوتا ہے اور اس کا باطن اور اسکی روح ہمیشہ حق
کے مشاہدہ میں رہتی ہے درحالیکہ جاننے والا ہے غیب کی پوشیدہ
اور چھپی ہوئی باتوں کو اس کا اشیاء کو دیکھنا یقینی دیکھنا ہیکہ
اس میں کوئی شک و شبہ نہیں اور خلق پر اس کا حکم کرنا خالق
کے حکم کی مانند ہے کلام نہیں کرتا ہے مگر اللہ تعالیٰ کے
معلومات سے نہیں سمجھتا ہے مگر اللہ کے حکم سے اسلئے کہ وہ
حق کے مشاہدہ میں ڈوبا ہوا ہے نہیں ہے اسکے لئے جائے

فی تفسیر قولہ تعالیٰ افمن کان علیٰ بینۃ من ربہ ای افمن کان علیٰ معرفۃ من ربہ وولایتہ علامۃ من کراماتہ وکل عارف اذا شاہد من الحق بقلبہ وروحہ وعقلہ وسرہ وادرک فیض انوار جمالہ وقربہ ویؤثر ذلک فی ھیکلہ حتیٰ یبرز من وجہہ نور اللہ الساطع ویراہ کل صاحب نظر قال اللہ تعالیٰ ویتلوہ شاہد منہ۔ جزو ۱۲ رکوع ۲ فالبینۃ بصیرۃ المعرفۃ والشاہد بروز انوار المشاہدۃ منہ وایضاً البینۃ کلام المعرفۃ والشاہد الکتاب والسنۃ ومن کان بھذہ المثابۃ یریٰ لعین الحق مکنون الغیب واسرار القلوب ومشاہدتہ غالب علی یقینہ ویقینہ غالب علیٰ بصیرتہ وبصیرتہ غالب علی عقلہ وعقلہ غالب علیٰ نفسہ بحیث لایزاحم ھواجسہا علے مناطق الغیب وظلمتہا لایغشی انوار القرب بل ھی فانیۃ بجملتہا تحت وارد الحق من الکشف والعیان والبیان وذلک اخذ العلم من اللہ تعالیٰ فلیس ھو مخصوص

الہام تو نقش پذیر ہوتا ہے خیال میں اور ایک لطیف نورانی صورت میں متصور ہوتا ہے تو اسکی طرف ہر ایک روح کو صفت شوق سے رغبت ہوتی ہے کلام سنتا ہے الہام دیا گیا اس چیز کے موافق جو اس کے دل میں واقع ہوئی ہے یا آواز کی جاتی ہے اسکے دل میں ہاتف کیطرف سے بغیر کسی کیفیت کے اور اسکی تائید دیتی ہے وہ چیز جو ذکر کیگئی ہے تفسیر عرائس میں اللہ تعالےٰ کے قول افمن کان علیٰ بینۃ من ربہ کے تحت آیا پس جو شخص کہ ہو معرفت پر اپنے پروردگار کی طرف سے اور اسکی ولایت اسکی کرامتونکی علامت ہو اور ہر ایک عارف جب مشاہدہ کرتا ہے حق کا اپنے دل اپنی روح اپنی عقل اور اپنے باطن سے اور پاتا ہے اُسکے قرب جمال کا فیض اور وہ فیض اسکے جسم میں اثر کرتا ہے یہانتک کہ اسکے چہرے سے خدائے تعالیٰ کا نور روشن ہوتا ہے اور اس نور کو ہر صاحب نظر دیکھتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اور آتا ہے اسکے پیچھے شاہد اللہ کیطرف سے پس بینۂ معرفت کی بینائی ہے اور شاہد اسکے مشاہدہ کے انوار کا اس سے ظاہر ہونا ہے اور نیز بینّہ معرفت کا کلام ہے اور شاہد کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ہیں اور جو شخص اس مرتبہ پر ہو پس وہ حق کی آنکھ سے غیب کے چھپے ہوئے راز اور بندوں کے دلوں کے بھید کو دیکھتا ہے اور اُس کا مشاہدہ غالب ہوتا ہے اسکے یقین پر اور اس کا یقین غالب ہوتا ہے اسکی بصیرت پر اور اسکی بصیرت غالب ہوتی ہے اسکی عقل پر اور اسکی عقل غالب ہوتی ہے اسکے نفس پر اس حیثیت سے کہ نفسانی خطرے غیب کی باتوں کے مزاحم نہیں ہوتے اور اسکی تاریکیاں انوار حق کو ڈھانپ نہیں سکتیں بلکہ وہ تمام تاریکیاں کشف سے حق کے وارد ہونے اور ظاہر ہونے اور حق کے بیان کرنیکے تحت فنا ہو جاتی ہیں

العذاب فی الدنیا بین اظہرهم
ولانہ جعل اطاعۃ الرسول طاعتہ
قولہ تعالی من یطع الرسول فقد
اطاع اللہ ولقولہ علیہ السلام من
اطاع امری فقد اطاعنی ومن
عصا امری فقد عصانی وفی روایۃ
رسولی فکذلک المہدی یملاء الارض
قسطا وعدلا ای یبعث فیملاء
الارض قسطا وعدلا وھذا یشیر
الی انہ المامور بہ والخلق
باطاعتہ والا لم یکن لملاء الارض
وجہ لما ان ظاہر الحدیث من
حیث اعتقدوہ بخلاف النصوص
ویؤیدہ ماذکرنا فی تفسیر الایۃ
قولہ تعالی فلا رفث ولا فسوق ولا
جدال فی الحج ای لا ترفثوا ولا
تفسقوا ولا تجادلوا فی الحج فانہ اخبار
بمعنی النہی وکذلک قولہ تعالی و
یعلمہم الکتاب والحکمۃ ای تعلموا
منہ الکتاب والحکمۃ لانہ اخبار
بمعنی الامر وکذلک فی قولہ ع یملاء
الارض قسطا وعدلا ای یملاء
قلوبکم بالقسط والعدل بامرہ و
تعلموا منہ القسط والعدل لانہ
منصوب علیہ والمنصوب لابد من

کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دی ہے چنانچہ اللہ تعالی
فرماتا ہے کہ جس نے اطاعت کی رسول کی پس تحقیق
اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ اور آنحضرتؐ فرماتے
ہیں کہ جسنے اطاعت کی میرے امر کی پس اس نے میری
اطاعت کی اور جسنے نافرمانی کی میرے امر کی پس اسنے
نافرمانی کی میری اور ایک روایت میں رسولی آیا ہے
پس اسیطرح مہدیؑ زمین کو داد و عدل سے بھریگا یعنے
مہدیؑ بھیجا گیا ہے زمین کو داد و عدل سے بھرنے کیلئے
اور یہ کلام اسبات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ مہدیؑ کو
داد و عدل سے زمین بھرنیکا امر کیا گیا ہے اور خلق کو
مہدیؑ کی اطاعت کرنیکا امر کیا گیا ہے اور اگر ایسا نہ
ہو تو زمین کو بھرنیکی کوئی وجہ نہوگی بسبب اسکے کہ مخالفوں
نے ظاہر حدیث کا جس حیثیت سے اعتقاد کر لیا ہے
نصوص قرآن و احادیث کے خلاف ہے اور تائید دیتی ہے
اسکی وہ چیز جس کا ذکر ہمنے آیت کی تفسیر میں کیا ہے
اللہ تعالی فرماتا ہے کہ۔ تو نہ عورت کے پاس جانا ہے اور
نہ کوئی گناہ کا کام اور نہ جھگڑا ایام حج میں۔ یعنی ایام حج
میں عورت کے پاس مت جاؤ اور نہ بدکاری کرو اور
نہ جنگ کرو پس تحقیق کہ یہ اخبار معنی میں نہی کے ہیں اور
اسی طرح اللہ تعالے فرماتا ہے کہ اور انکو سکھاتا ہے
کتاب اور حکمت۔ یعنے اس سے کتاب کا علم اور حکمت
سیکھو اسلئے کہ یہ اخبار معنی میں امر کے ہیں اسی طرح آنحضرت
کا قول بھریگا زمین کو داد و عدل سے یعنے بھریگا تمہارے
دلوں کو داد و عدل سے اپنے امر سے اور سیکھو تم اس سے
داد و عدل اس لئے کہ مہدیؑ داد و عدل پر مبعوث ہوئے ہیں

لانه مستغرق في الحق فليس له
المرجع الا الى الحق ولا اخبار الا
عنه وهذا معنى اخذ العلوم من الله
تعالى - ولكن اكثر الناس لا يعلمون
يعلمون ظاهرا من الحيوة الدنيا
وهم عن الآخرة هم غافلون (جزء ۲۱ رکوع ۴) - فالهدى
شانه ما ذكر في العرائس ممن
كان شانه كذلك يثبت الايمان
باطاعته والكفر بعصيانه تهاونا
قوله تعالى فمن اظلم ممن كذب
على الله وكذب بالصدق اذ جاءه
اليس في جهنم مثوى للكافرين (جزء ۲۴ رکوع ۱)
واما ما ذكر في تفسير الآية وما
ارسلناك الا مبشرا ونذيرا (جزء ۲۲ رکوع ۱۲) - و
ما ارسلناك الا بعد ان اوحينا
على الخلق اطاعتك. فتكون لهم
بشيرا ونذيرا فانه تعالى ما ارسل
رسولا الا اوجب على امته
اطاعته والا فلا يكون في بعثه
فائدة لانه حينئذ يدعوهم
الى ما لا يجب عليهم اجابته فيكون
ظلما منه وهو برئ منه ويؤيده
قوله تعالى وما ارسلنا من رسول
الا ليطاع باذن الله الآية (جزء ۵ رکوع ۶) حتى
ان لم يطيعوه هلكوا وحل عليهم

رجوع مگر جانب حق اور نہیں ہے اس کا خبر دینا مگر حق تعالیٰ
سے پس یہ ہیں معنی اللہ تعالیٰ سے علم حاصل کرنیکے - ولیکن بہتیرے
آدمی جانتے نہیں یہ لوگ جانتے ہیں دنیا کی زندگی کے
ظاہر کو اور وہ آخرت سے بالکل بے خبر ہیں - جو کچھ تفسیر
عرائس میں ذکر کیا گیا ہے ہدیٰ کی شان ہی سے
پس جسکی شان ایسی ہو ثابت ہوتا ہے ایمان اس کی
اطاعت میں اور ثابت ہوتا ہے کفر از روی اہانت
اس کی نافرمانی میں - اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ پھر اس
سے بڑھکر ظالم کون جسنے جھوٹ بولا اللہ پر اور جھٹلایا سچے
کلام کو جبکہ وہ اسکے پاس آیا کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانہ
نہیں ہے اور جو کچھ ذکر کیا گیا ہے تفسیر میں اس آیت
کے کہ - اور ہمنے تجھکو نہیں بھیجا مگر خوش خبری دینے والا
اور ڈرانیوالا یعنی نہیں بھیجا ہمنے تجھکو مگر بعد اس کے کہ ہمنے
مخلوق پر تیری اطاعت کرنیکی وحی کی (پس انکو خوشخبری
دینا اور ڈرانا تیرے لئے سزاوار ہے) پس تحقیق کہ اللہ
تعالیٰ نے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر اسکی امت پر اس کی
اطاعت واجب کی ورنہ اس کا بھیجنا بے فائدہ ہوتا اسلئے
کہ اسوقت رسول ان کو اس چیز کی طرف بلاتا جس کو قبول
کرنا ان پر واجب نہوتا پس یہ بلانا رسول کیلئے ظلم ہوتا
اور رسول ظلم سے بری ہے اس کی تائید دیتا ہے اللہ تعالیٰ
کا قول کہ اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس واسطے
کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے حکم سے
یہانتک کہ اگر اطاعت نہ کریں رسول کی تو ہلاک
ہوں گے اور دنیا میں ان پر عذاب نازل ہوگا ان
کے سامنے اور اس لئے کہ حق تعالیٰ نے رسول

وسلم منصوبا مامورا بالامر بالمعروف
والنهي عن المنكر ورفع البدع فكل
منصوب واجب الاطاعة بخلاف
غيره لانه من اولي الامر لقوله
تعالى اطيعوا الله واطيعوا الرسول
واولي الامر منكم وان لم يحكم على
جميع من نصب عليهم لا يخرج
من كونه منصوبا مطاعا مثاله اذا
نصب قاضي في بلدة او ولاية
ولم يقض على احد من الناس
او قضى على البعض لا يمنع من ان
يكون قاضي تلك البلدة على
ساكنيه فكذلك المهدي ان
لم يقسط على جميع العالم لا يخرج
من كونه مقسطا على الجميع اماما
اعتبروه انه يقسط بنفسه في
حيوته في جميع العالم او اكثره
فهو باطل واما ما يشير اليه العبارة
الثانية بان يملاء العدل في زمانه
بقدرة الله تعالى نظيره قوله تعالى وما
ارسلناك الا رحمة للعالمين۔ (جزء ١٧ ركوع ٧)
معناه رحمة لمن يطيعه كما ذكر في
المدارك والكشاف انه جاء
بما يسعدهم ان اتبعوه ومن
خالف ومن لم يتبع فانما اتى

کرنے اور بدعت کو اٹھانے کیلئے مامور ہونیکی وجہ سے
مخالفت کیجا رہی ہو پس ہر ایک دعوت پر قایم کیا گیا واجب
الاطاعت ہو بخلاف غیر قایم شدہ کے کیونکہ وہ منجملہ اولوالامر
کے ہو اللہ تعالے کے فرمان سے کہ۔ اطاعت کرو تم اللہ
کی اور اسکے رسول کی اور تم میں کے صاحب امر کی۔ اگر وہ
حکم نہ کرے اُن تمام پر جس پر وہ قایم کیا گیا ہو تو وہ قایم
کئے جانے اور اطاعت کئے جانے سے خارج نہ ہوگا
اسکی مثال یہ ہے کہ جب کسی شہر یا ولایت میں قاضی قایم
کیا جاے اور وہ کسی پر حکم جاری نہ کرے یا بعض پر
جاری کرے تو اسکے جملہ ساکنان شہر کے قاضی ہونے کا
مانع نہیں اسیطرح مہدی اگر تمام عالم میں عدل نہ کرے
تو تمام پر عدل کرنیکے منصب سے خارج نہوگا لیکن مخالفو
نے مہدی کے متعلق جو یہ خیال کر لیا ہے کہ مہدی اپنی ذات
سے اپنی حیات میں تمام یا اکثر عالم میں عدل
کریگا سو یہ باطل ہے اور جو چیز عبارت
دوم کی طرف اشارہ کرتی ہے وہ یہ کہ بھریگا
مہدی زمین کو عدل سے اللہ تعالے کی قدرت
سے اسکی نظیر یہ ہے اللہ تعالے فرماتا ہے کہ ہمنے
تمھکو دنیا جہاں کے لوگوں کیلئے رحمت بناکر بھیجا
ہے۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ اسکی اطاعت کرنیوالے
کیلئے رحمت ہو چنانچہ تفسیر مدارک وکشاف میں ذکر
کیا گیا ہے کہ وہ آیا ہے ایسی چیز کیساتھ کہ اگر یہ اطاعت
کریں تو ان کو نیک بخت کرے اور جسنے خلاف کیا
اور اسکی اتباع نہیں کی امور دین میں تو اس نے اپنے
نفس کی خاطر مخالفت کی اسطرح کہ اپنا نصیب ضایع

اطاعته مثاله ان المحتسب او
القاضی اذا نصب فی بلدة یجب
علی اهل تلك البلدة ان یطیعوه
ویجیبوا دعوته ولا یردوا رسوله
وداعیه فی المعاملات فان
لم یفعلوا ذلك تهاونا به کفروا و
لهذا المعنی روایات فی کتب الفقه
ماذکر فی النوادر ومن لم یجب
داعی الشرع تهاونا کفر والمراد بالشرع
ههنا الحدیث وبالداعی المحتسب
او القاضی المنصوب فان لم یکن
فی بلدة منصوب فکل الفقهاء
الا من ظهر خیانته والاحق
من ینزع الیه المدعی ذکر فی
الخانیة وغیره من الفتاوی
الفقهیه اذ قال احد المتخاصمین
بیا تا بعالم رویم فقال الاخر من عالم
راچه دانم کفر فاطاعة المهدیؑ من
هذا القبیل لا من حیث ان
مخالفته مخالفة احد المسلمین
فی الامر بالمعروف بل لکونه خلیفة
الله وخلیفة رسول الله صلی الله علیه

قایم کیا گیا ہے اور قائم شدہ کی اطاعت لوگوں کیلئے فرض
ہے اسکی مثال یہ ہیکہ جب محتسب یا قاضی شہر میں قایم
کیا جاتا ہے تو اہل شہر پر واجب ہیکہ اسکی اطاعت کریں
اور اسکی دعوت کو قبول کریں اور اسکے بھیجے ہوئے نائب
اور اس کی طرف سے معاملات کی دعوت کرنیوالے کو
رد نکریں پس اگر انھوں نے اسکی اہانت کر کے ایسا نہیں
کیا تو کفر کیا اور اس معنی کو ثابت کرنیکے لئے کتب فقہ
میں روایتیں ہیں بعض اُن روایتوں سے وہ ہے جو نوادر
میں ذکر کیگئی ہے کہ اور جسنے داعی شرع کو از روی اہانت
قبول نہ کیا تو وہ کافر ہوا۔ اور یہاں شرع سے مراد حدیث
اور داعی سے محتسب یا قاضی ہے جو قایم کیا گیا ہے پس
اگر محتسب یا قاضی شہر میں مقرر نہو تو ہر ایک فقیہ مراد ہے
مگر وہ فقیہ مراد نہیں جس سے خیانت ظاہر ہو اور زیادہ
سزاوار وہ شخص مراد ہے کہ مدعی اس کی طرف اپنی
خصومت لیجائے خانیہ وغیرہ فتاوی فقہیہ میں ذکر کیا
گیا ہیکہ دو جھگڑنیوالوں میں سے ایک نے دوسرے سے کہا
کہ آ تا کہ عالم کے پاس جائیں اور دوسرے نے کہا کہ میں
عالم کو کیا جانوں تو کافر ہوا[ف] پس مہدیؑ کی اطاعت
اسی قبیل سے ہے یہ مہدیؑ کے ساتھ مخالفت کرنا کسی
مسلمان کا محض امر بالمعروف کی مخالفت کرنیکے مانند
نہیں ہے بلکہ مہدیؑ کے خلیفہ خدا و رسولؐ کی حیثیت
سے قایم کیے جانے اور نیکی کا حکم کرنے برائی سے منع

ف علوم دینی کا مضحکہ اڑانا کفر ہے کسی نے کہا کہ مجھکو علم کی مجلس سے کیا کام یا کہا کہ جو کچھ علماء کہتے ہیں کون کر سکتا ہے تو کافر ہوگا (ملاحظہ ہو ترجمہ باب کلمات الکفر از فتاوی برہانی جو مالا بدمنہ کے ساتھ طبع ہوا ہے)

اذا انفقوا لم یسرفوا ولم یقتروا
وکان بین ذلک قواما والذین
لا یدعون مع اللہ الٰہا اخر ولا
یقتلون النفس التی حرم اللہ
الا بالحق ولا یزنون ط ومن یفعل
ذلک یلق اثاما یضعف لہ العذاب
یوم القیٰمۃ ویخلد فیہ مہانا الایۃ
والذین لا یشہدون الزور و
اذا مروا باللغو مروا کراما والذین
اذا ذکروا بایات ربہم لم یخروا علیہا
صما وعمیانا ہ والذین یقولون
ربنا ہب لنا من ازواجنا و
ذریاتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین
اماما وقال اللہ تعالیٰ فی شانہم اولئک
یجزون الغرفۃ بما صبروا الایۃ
وذلک من فیض رحمۃ اللہ تعالیٰ
فمن کان وصف اصحابہ کذلک
فما تقول فی شانہ اما ما احتجوا بہذا
الحدیث عن عبد اللہ بن مسعود
انہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم لا تذہب الدنیا حتی
یملک العرب رجل من اہل
بیتی یواطئ اسمہ اسمی وفی
روایۃ لو لم یبق من الدنیا الا
یوم واحد لطول اللہ ذلک الیوم

اور برا مقام اور وہ لوگ جب خرچ کرنے لگیں تو نہ فضول
خرچی کریں اور نہ تنگی کریں انکا خرچ دونوں کے بیچ میں میانہ
ہے اور وہ جو نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ دوسرا
اللہ اور نہیں خون کرتے کسی جان کا کہ اللہ نے حرام
کردیا مگر حق پر اور نہ وہ زنا کرتے ہیں اور جو ایسا کریگا
وہ ملے گا بڑے وبال سے اسے دگنا عذاب ہوگا
قیامت کے دن اور ہمیشہ اسی میں رہیگا خوار ہوکر
اور وہ لوگ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب گذرتے
ہیں بیہودہ مشغولی پر تو گذر جاتے ہیں بزرگانہ طریقہ
پر اور وہ لوگ کہ جب انکو نصیحت کیجاتی ہے انکے پروردگار
کی آیتوں سے تو ان پر نہیں گرتے بہرے اندھے ہوکر
(بلکہ گوش ہوش سے سنتے اور بصیرت جہان کی آنکھوں
سے ان کو دیکھتے ہیں) اور وہ لوگ جو کہتے ہیں اے
ہمارے پروردگار ہمکو عنایت فرما ہماری بیبیوں اور اولاد
کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمکو بنا پرہیزگاروں کا
امام۔ اور اللہ تعالے انکی شان میں فرماتا ہے کہ یہ لوگ
جزا دیئے جائینگے بہشت میں بالاخانے بسبب اسکے
کہ انھوں نے تکالیف پر صبر کیا۔ یہ جو کچھ مذکور ہوا اللہ
تعالیٰ کی رحمت کا فیض ہے پس وہ ذات کہ جسکے
صحابہؓ کی تعریف ایسی کچھ ہو (جو آیات بالا میں مذکور
ہوئی) پس کیا کہتا ہے تو اس ذات مقدس کی
شان میں کہ وہ امام مہدی موعود ہے۔ اور مخالفان مہدیؑ
حجت لیتے ہیں اس حدیث سے روایت کیگئی ہے
عبد اللہ ابن مسعودؓ سے کہا فرمایا رسولؐ نے کہ دنیا ختم نہ
ہوگی یہاں تک کہ مالک ہوگا عرب کا ایک مرد میری اہل

من عند نفسه حيث ضيع نصيبه
منها مثاله ان يفجر الله عينا غدقا
فيسقي ناس زروعهم ومواشيهم
بمائها وينفعوا وينفقوا ويبقى ناس
سفرطوا السقي فيضيعوا فالعين المفجرة
في نفسها نعمة من الله ورحمة
للفريقين ولكن الكسلان عنت
على نفسه حيث حرمها ماينفعها
فكذلك المهدي يملاء الارض
في زمانه قسطا وعدلا فمن
يتبعونه واخذ والامره وارشاده
بالتواجد واشتغلوا بالله عن الدنيا
والآخرة فنفسه بعثت بالقسط و
العدل وظاهر انه من اتبعه لا
يحس فيهم مايخالف الشرع بل
مجبولون على التوكل والتفويض
لايضرهم من خذلهم ولامن
خالفهم حتى يذكر فيهم معاني
وعباد الرحمن الذين يمشون
على الارض هونا واذا خاطبهم
الجاهلون قالوا سلاما والذين
يبيتون لربهم سجدا وقياما والذين
يقولون ربنا اصرف عنا عذاب
جهنم ان عذابها كان غراما انها
ساءت مستقرا ومقاما والذين

کیا اسکی مثال یہ ہیکہ اللہ تعالیٰ پانی کا چشمہ جاری کرتا ہے
تو لوگ اپنی زراعتوں اور چارپایوں کو اُس چشمہ سے پانی دیتے
اور اپنی تشنگی بجھاتے اور لوگو نپر خرچ کرتے ہیں، رہے
وہ لوگ جو بیجا طور پر پانی خرچتے ہیں سو وہ نقصان
اٹھاتے ہیں پس چشمۂ جاری تو بذاتہ اللہ کی نعمت اور
فریقین کیلئے رحمت ہو لیکن سست آدمی نے تباہ کیا
اپنے نفس کو کیونکہ محروم کیا اس کو ایسی چیز سے جو اسکو
نفع پہنچاتی تھی پس اسی طرح مہدیؑ اپنے زمانہ میں داد
وعدل سے بھرتا ہے زمین کو اُن لوگوں میں جو اسکی پیروی
کرتے ہیں اور لیتے ہیں اسکے امر وارشاد کو ایک دوسرے
سے پانیکے ساتھ اور دنیا و آخرت سے رخ پھیر کر خدا
کیساتھ مشغول ہوجاتے ہیں پس مہدیؑ کی ذات داد
وعدل کیلئے مبعوث ہوئی ہے اور یہ ظاہر ہیکہ جسنے
مہدیؑ کی اتباع کی انمیں شرع کے خلاف کوئی بات
محسوس نہیں ہوتی بلکہ اول پیدایش میں ان کے سر
توکل اور تسلیم کا سہرہ باندھا گیا ہے کسیکا ان کو خوار
سمجھنا اور کسیکا انکی مخالفت کرنا ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچاتا
یہانتک کہ انکے حق میں ذکر کئے گئے ہیں اس آیت
کے معانی کہ۔ اور بندے رحمٰن کے وہ ہیں جو چلتے ہیں
زمین پر تواضع سے اور جب جاہل ان سے گستاخی کرتے
ہیں تو گناہ سے بچی ہوئی بات کہتے ہیں اور وہ لوگ
رات بسر کرتے ہیں اپنے پروردگار کیلئے کبھی سجدہ میں
اور کبھی کھڑے ہوے اور وہ جو کہتے ہیں اے ہمارے
پروردگار ہمسے پرے رکھ دوزخ کا عذاب بیشک
اس کا عذاب لازم ہو جانیوالا ہے بلاشبہ وہ بری آرامگاہ ہے

والعدل واسم ابیہ اسم ابی و
ھی مما یشبہ باحادیث المہدیؑ
فالقول بالقسط والعدل ماذکرنا
قبل و قولہ ؑ اسم ابیہ اسم
ابی مسلم ولئن سلمنا الروایۃ
الثانیۃ فی حق المہدی علیہ السلام
فالحدیث یدل علی تحقیق خروجہ
لاتیقید بعثتہ فی اٰخر یوم من ایام
الدنیا وھذا مما لا یخفی علی احد
واما ما قالوا فی حق المہدیؑ انہ
یخرج لہ کنوز الارض فیجئی الیہ
الرجل فیقول یا مہدی اعطنی
اعطنی فیعطی لہ من الذہب
والفضۃ قدر ما یستطیع حملہ و
کذلک کل ما اتی الیہ وسألہ یعطیہ
ویحثی الذہب والفضۃ کالتراب
واحتجوا علی ھذہ الاقوال
بالحدیثین احدھما قولہ ؑ فی قصۃ
المہدیؑ فیجئی الیہ الرجل فیقول
یا مہدی اعطنی اعطنی فیحثی لہ
فی ثوبہ ما استطاع ان یحملہ و
الحدیث الثانی قولہ ؑ یکون
بعدی خلیفۃ یحثی المال حثیا
لا یعدہ عدا قلنا اقوالھم لا توافق
الاحادیث اما ما قالوا بانہ یخرج

اس میں نہ تو عرب کے مالک ہونیکا ذکر ہے اور نہ ذکر
مہدیؑ البتہ قسط و عدل اور اسم ابیہ اسم ابی کا ذکر ہی
جو مشابہت رکھتی ہے اُن احادیث سے جو مہدیؑ
کے حق میں آئی ہے پس قسط و عدل کا قول جو مذکور
ہوا اور اسم ابیہ اسم ابی دو نو مسلم ہیں اگر ہم روایت
ثانی کو مہدی علیہ السلام کے حق میں تسلیم کرلیں تو ایام
دنیا میں سے آخری دنمیں مہدیؑ کی بعثت مقید ہونے سے
خروج مہدیؑ کی تحقیق پر حدیث دلالت کرتی ہی اسمیں
جو دشواری ہی کسی پر پوشیدہ نہیں۔ اور مخالفین مہدیؑ
کے حق میں کہتے ہیں کہ مہدیؑ کے لئے زمین کے
خزانے نکل پڑیں گے پس آئیگا ایک مرد مہدیؑ کے
پاس اور کہیگا کہ ای مہدیؑ مجھکو عطا کر مجھکو عطا کر تو دیگا
اس کو سونا اور چاندی جسقدر کہ وہ اٹھا سکتا ہی اور اسی
طرح جو کوئی مہدیؑ کے پاس آ کر اُس کا سوال کریگا تو
عطا کریگا اس کو اور سونا چاندی ریت کی طرح بیٹھے گا
اپنے ان اقوال پر مخالفوں نے دو حدیثوں سی حجت
لی ہے اُن دونوں میں سو ایک آنحضرتؑ کا قول مہدیؑ
کے قصہ میں ہے فرمایا کہ۔ پس ایک مرد آئے گا مہدیؑ
کے پاس اور کہیگا ای مہدیؑ عطا کر مجھکو عطا کر مجھکو تو مہدیؑ
اسکے دامن میں ڈالدیگا جسقدر اٹھا سکتا ہی اور دوسری
حدیث یہ ہی آنحضرتؑ نے فرمایا کہ میرے بعد خلیفہ ہوگا
بیٹھے گا مال کو بیٹھنا جسکا شمار نہو سکے گا۔ ہم کہتے ہیں
کہ ان کے اقوال صحیح احادیث کے موافق نہیں لیکن
انکا یہ کہنا کہ مہدیؑ کیلئے زمین کے خزانے نکل پڑینگے
پس ان کا یہ قول آنحضرتؑ سی مہدیؑ کے حق میں حدیث

حتی یبعث اللہ رجلا من اھل
بیتی یواطئ اسمہ اسمی واسم
ابیہ اسم ابی یملاء الارض قسطا
وعدلا کما ملئت جورا وظلما علی
ان المھدی یکون ملک العرب
قلنا للحدیث روایتان اما الروایۃ
الاولی ففیہ اربع موانع فی کونہ
حجۃ لھم علینا الاول انہ حدیث
حسانی من الاحاد غیر المتواتر
یعنی لایجوز بہ تکذیب من کان
فی درجۃ یصلح للمھدیۃ بخصال
التی ذکرنا بحیث لاینکر علی ولایتہ
اکثر من الناس فانہ من اعظم
الحج الصحاح والثانی انہ لم یذکر
فیہ لفظ المھدی والثالث انہ
لم یذکر فیہ املاء القسط والعدل
یشبہ بالاحادیث التی ینصوص فیہ
بوجہ انہ فی حق المھدی والرابع
انہ لم یذکر اسم ابیہ اسم ابی
فلیکن من اولاد الرسول رجل
اسمہ محمد یملک العرب لاسبیل
لھذا القول فی حق المھدی فیکون
لھم حجۃ علینا اما الروایۃ الثانیۃ
فلم یذکر فیھا انہ یملک العرب
ولا ذکر المھدی الا انہ ذکر القسط

بیت سے اسکا نام میرے نام کے موافق ہوگا۔ اور ایک
روایت میں ہے کہ۔ اگر باقی نہ رہے دنیا سے مگر ایک ہی دن
تو اللہ تعالٰے اُس دن کو دراز کردیگا یہاں تک کہ پیدا
کریگا اللہ ایک مرد کو میری اہل بیت سے اُسکا نام میرے
نام کیموافق ہوگا اور اسکے باپ کا نام میرے باپ کا نام ہوگا
بھریگا زمین کو داد وعدل سے جیسی کہ بھری گئی جور وظلم
سے اسبات پر (حجت لیتے ہیں کہ) مہدی عرب کا
مالک ہوگا۔ ان کے جواب میں ہم کہتے ہیں کہ حدیث مذکور
کی دو روایتیں ہیں لیکن پہلی روایت کہ ہمارے مقابلہ
میں ان کیلئے اسکے حجت ہونے میں چار موانع ہیں۔ مانع
اول یہ کہ یہ حدیث حسانی ہے احادیث احاد سے
غیر متواتر یعنے اس حدیث سے اس کو جھٹلانا جائز نہیں
جس کا درجہ صلاحیت رکھتا ہے امر مہدیت کا اُن
خصائل سے جن کا ذکر ہمنے کردیا ہے اس حیثیت
سے کہ اکثر لوگوں نے مہدی کی ولایت کا انکار نہیں
کیا پس یہ جو کچھ مذکور ہوا بزرگترین حجتہائے صحیح سے ہے
مانع دوم یہ کہ اس حدیث میں لفظ مہدی مذکور نہیں
مانع سوم یہ کہ اس میں انصاف وعدل سے بھرنا ذکر
نہیں کیا گیا یہ متشابہ ہے اُن احادیث سے کہ جن کا
مہدی کے حق میں ہونا جدانی طریقہ پر منصوص ہوتا ہے
اور مانع چہارم یہ کہ اس حدیث میں اسمہ ابیہ اسم
ابی کا ذکر نہیں پس ممکن ہے کہ اولاد رسول سے ایک
مرد کا نام محمد ہو مالک عرب ہوجائے اس قول کے مہدی
کے حق میں ہونیکی کوئی راہ نہیں کہ یہ حدیث مخالفوں
کی طرف سے ہمپہ حجت ہو۔ رہی دوسری روایت کہ

الثانی للمشارق یقول حثی یحثی حثیا اذارمی به وقد کان فی زمان عمر بن الخطاب رض لما جاءت کنوز کسری فانه اراد بالخلیفة عمر بن الخطاب رضی الله عنه فلم یتفق البیان فی حق المال ولا فی حق المهدی علیه السلام خاصة والمال امّا عام او مشترک او مجمل کما فی الحدیث لانه یرد علی جنسه من الجواهر والذهب والفضة والاقمشة والامتعة وکذا علی الاطعمة والاثواب والحیوانات امّا العام فلانه یذکر ویراد به الکل بالانتظام واما المشترک فلانه یذکر ویراد به الواحد من جنسه فصار مشترکا بین الواحد والکثیر من جنسه واما المجمل فلانه لم یترجح بعض وجوهه علی الآخر الا ببیان من جهة الشارع وفی الهدایة لو قال لفلان علی مال فالمرجع الیه فی بیانه لانه هو المجمل ویقبل قوله فی القلیل والکثیر لان کل ذلک مال فالعام حکمه اثبات الحکم فی جمیع ما تناوله من الافراد قطعا ویقینا

اس وقت کہا جاتا ہے کہ مال اپنے ہاتھ سے پھینکے اور عمر بن الخطاب رض کے زمانہ میں جب آپ کے پاس نوشیرواں کا خزانہ آیا تو مال بٹیا گیا ہے پس شارح مذکور نے (فرمان رسول ع یکون بعدی خلیفة الخ میں جو خلیفہ ہے) اس خلیفہ سے عمر بن الخطاب رض کی ذات مراد لی ہے پس مذکورہ ہر دو حدیث مال اور مہدی ع کے حق میں ہونیکے بیان میں متفق نہوے از روی خاص اور مال یا عام ہوگا یا مشترک یا مجمل ہوگا جیسا کہ حدیث میں ہے اسلئے کہ کلمۂ مال جسطرح اپنے جنس یعنے جواہر سونا چاندی جامہ پشمینہ اور روپیہ پونجی کے متعلق کہا جاتا ہے اسیطرح غلہ کپڑے اور جانوروں کے متعلق کہا جاتا ہے لیکن عام کہ اس کا ذکر کیا جاتا ہے اور اس عام سے کل بالکثرت مراد لیجاتی ہے۔ اور مشترک کا ذکر کیا جاتا ہے اور اسکے جنس سے واحد مراد لیجاتی ہے پس لفظ مشترک اپنے جنس کے واحد اور کثیر دونوں پر مشترک ہوتا ہے اور مجمل کے بعض وجوہ کو بعض پر ترجیح حاصل نہیں ہوتی مگر اس بیان سے جو شارع کی جانب سے ہو اور ہدایہ میں ہے کہ اگر کہے کہ فلاں کیلئے مجھ پر مال ہے پس رجوع کیا جائیگا اس کے بیان کی طرف کیونکہ اس کا بیان مجمل ہے (مقدار ظاہر نہونے سے) اور قبول کیا جائیگا اس کا قول قلیل و کثیر کے متعلق کہ یہ سب مال ہے اور عام اس کا حکم حکم کا ثابت کرنا ہے قطعا و یقینا یا ظنا علی حسب المذاہب ان تمام افراد میں جس کو وہ شامل ہے

بالکثرت

له كنوز الارض فليس ذلك بمروى عنه عليه السلام فى حقه بحديث صحيح بل هو فى حق الدجال وقد اثبتنا قبل لان زمان المهدى قبل زمان الدجال بامد بعيد واما ما قالوا بانه يعطى الذهب و الفضة فليس بمفهوم الحديثين خاصة اما الحديث الاول فان قوله عليه السلام اعطنى اعطنى محتمل فى طلب المال وغيره من الارشاد وكذلك لفظ الحثى فلا يفهم من قوله عليه السلام اعطنى طلب الذهب والفضة ولا من الحثى اعطاء الذهب والفضة واما الحديث الثانى ففيه موانع فى كونه فى حق المهدى عليه السلام لان السلف اختلفوا فيه فقال الامام علم الدين بن سليمان بن زكريا القريشى رحمة الله عليه فى شرح المشارق ورد الحديث فى حق المهدى والحديث ينبئ عن عدله واحسانه فانه اراد بالمال العدل والاحسان والشارح

صحیح سے مروی نہیں بلکہ وہ روایت کی گئی ہے دجالِ لعین کے حق میں اور ہم نے اس سے پہلے ثابت کر دیا ہے کہ مہدیؑ کا زمانہ دجال کے زمانہ سے بہت پہلے ہے اور یہ جو کہتے ہیں کہ مہدیؑ زر و نقرہ عطا کرے گا سو ان کا یہ قول دونو حدیث مذکورہ کے مفہوم سے نہیں ہے از روی خاص۔ اور پہلی حدیث یعنے رسولؑ کا قول ہذا "عطا کر مجھکو عطا کر مجھکو" طلب مال اور غیر مال یعنے ارشاد کی طلب دونوں کا احتمال رکھتا ہے اور اسی طرح حثی کا لفظ بھی احتمال رکھتا ہے پس آنحضرتؐ کے قول اعطنی سے سونے چاندی کی طلب سمجھی جاتی ہے اور نہ حثی سے سونے چاندی کا عطا کرنا سمجھا جا سکتا ہے اور دوسری حدیث کہ اس میں کئی موانعات ہیں مہدی علیہ السلام کے حق میں ہونے کے لئے اس لئے کہ علماء سلف نے اس حدیث میں اختلاف کیا ہے۔ پس کہا امام علم الدین سلیمان بن زکریا قریشی نے شرح مشارق میں کہ حدیث مہدیؑ کے حق میں وارد ہوئی ہے اور حدیث مہدیؑ کے عدل و احسان کی خبر دیتی ہے پس امام علم الدین نے مال سے عدل و احسان مراد لی ہے اور مشارق کا دوسرا شارح کہتا ہے کہ حثی یعنی حثیہ

ـه یعنے طلب زر سے خاص نہیں ہے بلکہ احتمال رکھتا ہے کہ مال سے مراد محبت عشق طلب دیدار حق اسرار ولایت تجلی ذات مقصود کو پہنچنا ہو (از شرح فارسی)

هذا اللفظ تارة يكنى عن القليل و
تارة يكنى عن الكثير فان ما يكنى به
عن القليل يقال الاستطاعة هو
المستطاعة وهو بمعنى القليل و اما ما
لا طاقة به فهو كثير و بيانهما فى
آيتين قوله تعالى ربنا ولا تحملنا
ما لا طاقة لنا به. وهو اشتقاق عن
الكثرة الى القلة و ما يكنى به عن
الكثرة قوله تعالى فاتقوا الله ما استطعتم
ويمكن ان يفسر هذه الآية ايضا
بالقلة لان التقوى بحسب الاستطاعة
هو المحمول بالطاقة كما فى الآية
فالمقصود انه بكل الوجوه لا يثبت
ان يكون المهدى عليه السلام
ذا مال كثير بحيث يعطى الجواهر
والذهب والفضة على قدر ما
استطاع الرجل ان يحمله ثم يشترط
له ذلك فى صحة المهدية حتى
ان لم يوجد ذلك الشرط لا يكون
مهديا فهذا من ظنون الغافلين
عن معناه فان انتفاء هذه الظنون
عن حق المهدى عم بوجوه اخرى اذكره
ان شاء الله ثم فالحاصل اما ان يراد
بالطلب والعطاء العطاء الدينية
فى الحديثين فهو كما ذكرنا

اسی طرح فرمان رسول ما استطاع یعنے جسقدر توانائی
رکھتا ہو اس کو اٹھانے کی اور لفظ استطاعت کبھی
قلیل سے کنایہ کیا جاتا ہو اور کبھی کثیر سے اور اگر قلیل سے
کنایہ کیا جائے تو کہا جاتا ہے کہ استطاعت مستطاعت
کو کہتے ہیں یعنے جسقدر توانائی رکھا گیا ہو اور وہ معنی میں
قلیل کے ہو اور نہیں ہے طاقت جسکے اٹھانیکی پس
وہ کثیر ہے اور ان دونو کا بیان دو آیتوں میں ہے
اللہ تعالے فرماتا ہے کہ۔ اور اے ہمارے رب ہم پر نہ
ڈال اتنا بوجھہ جسکی ہم میں سکت نہیں۔ اور وہ کثرت
سے قلت کی طرف لانا ہے اور وہ چیز جس سے کثرت
کا کنایہ کیا جاتا ہے اللہ تعالے کا قول ہے کہ۔ تو ڈرو
اللہ سے جس قدر تم توانائی رکھتے ہو اور ممکن ہے کہ اس
آیت کی تفسیر قلت سے بھی کی جائے اسلئے کہ پرہیز کرنا
حسب مقدور ہو اور وہ طاقت پر محمول ہے جیسا کہ
پہلی آیت میں ہو پس مقصود یہ کہ تمام وجوہ سے ثابت
نہیں ہوتا کہ مہدی عم صاحب مال کثیر ہو اس حیثیت
سے کہ لوگوں کو اُن کے اٹھانے کی طاقت کے موافق
جواہر سونا اور چاندی عطا کرے اور پھر صحت مہدیت
کے لئے بہت مال عطا کرنے کی شرط لگائی جائے
کہ اگر یہ شرط نہ پائی گئی تو مہدی عم نہ ہوگا یہ سب حدیث
کے معنی سے غفلت رکھنے والوں کی گمانی باتیں
ہیں۔ ان گمانی باتوں کو مہدی عم کے حق سے دور کرنے
کے اور وجوہ بھی ہیں ان کا ذکر کرتا ہوں انشاء اللہ
تعالی حاصل یہ کہ یا اگر دونو حدیثوں میں طلب و
عطا سے دینی عطا مراد لی جائے تو وہ ایسا ہی

او ظنا على حسب المذاهب و
المشترك حكمه التوقف فيه بشرط
التامل فيه ليترجح بعض وجوهه
والمجمل حكمه التوقف فيه واعتقاد
حقيقة المراد به الى ان ياتيه
البيان من جهة المجمل فعلى
كل الاحوال تخصيص الجواهر و
الذهب والفضة ليس بصواب
لانه تخصيص بلا مخصص وترجيح
بلا مرجح وان ترجح فهو ماول وحكمه
العمل به على احتمال اللفظ وكذلك
الحثى على حسب اللغة بوجهين
احدهما من حد نصر ينصر حثى
يحثو وهو اعطاء القليل والثانى
من ضرب حثى يحثى وهو نثر
التراب بكفه ويكنى عن العطاء
الغير المعدود كما هو المصرح فى
الحديث الثانى وهو قوله عليه
السلام يحثى المال حثيا ولا يعده
عدا فلا يفهم منه الكثرة بل مطلق
العطاء من غير تعدد لان الباب
لا يدل على الكثرة بل من باب
نصر هو العطاء القليل حقيقة لا غير
ومن باب ضرب مجازا عندوكذلك
قوله ما استطعتم ان يكون ملك ذات ...

اور مشترک حکم اُس کا اسمیں توقف کرنا ہے اُسمیں
تامل کرنیکی شرط کے ساتھ تاکہ اس کے بعض وجوہ
مرجح ہوں اور مجمل حکم اس کا اسمیں توقف کرنا
اور مجمل کہنے والے کی طرف سے مجمل کی توضیح پر
مجمل کی حقیقی مراد کا اعتقاد کرنا ہے پس ہر
ایک احوال پر سونے چاندی اور جواہر کی تخصیص
کرنی درست نہیں کیونکہ یہ تخصیص بغیر خاص کرنے
والے کے اور ترجیح بغیر ترجیح دینے والے کے
ہوگی اور اگر ترجیح دیجائے تو وہ تاویل ہوگی اور
حکم تاویل کا تاویل پر عمل کرنا ہے لفظ کے
احتمال پر اور اسی طرح لفظ حثی کے معنی باعتبار
لغت دو وجہ پر ہیں ایک اُن دونوں میں سے یہ کہ
حثی نصر ینصر کے باب سے حثی یحثو ہوگا تو اسکے
معنی عطاء قلیل کے ہونگے اور دوسرا ضرب یضرب
کے باب سے حثی یحثی کے معنی اپنے ہاتھ سے مٹی
کو بیٹنا ہے اور بغیر شمار کے عطا سے بھی کنایہ کیا گیا
ہے چنانچہ اس کی تصریح حدیث دوم میں کیگئی ہے
اور وہ قول آنحضرت صلعم کا ہے کہ بیٹے گا مال کو بیٹنا
اور شمار نہ کریگا اس کو شمار کرنا پس اس سے
بہت مال کا بیٹنا نہیں سمجھا جائیگا بلکہ بغیر شمار کرنے
کے مطلق عطا مفہوم ہوگی اس لئے کہ ضرب کا باب
کثرت پر نہیں دلالت کرتا بلکہ نصر کے باب سے
بھی عطا قلیل مفہوم ہوتی ہے از روئے حقیقت
غیر عطا قلیل اس کا مفہوم نہیں اور ضرب کے
باب سے از روئے مجاز عطا کرنا مفہوم ہوتا ہے اور

تابع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا شبھۃ فی کونہ فقیرا فالمھدیؑ ینبغی ان یکون کذلک لانہ ولی ولازم الولایۃ الفقر دون الغنی و الثانی ان العطاء الکثیر اسراف و تبذیر واللہ لا یحب المسرفین قولہ تعالیٰ ولا تبذر تبذیرا ان المبذرین کانوا اخوان الشیطین (جزو ۱۵ رکوع ۳) الآیۃ فالمھدی لا یکون کذلک والثالث انہ بعث للھدایۃ و الارشاد فلو اشتغل بنفسہ بالدنیا واشتغل الناس بھا فقد اختل عن غرضہ الاصلی وذلک مما لا یصلح بحالہ والرابع انما یاتی الیہ الناس للاسترشاد فی دین اللہ تعالیٰ متحابین فی اللہ فلو کان لہ عطاء کثیر لا یفھم من طالب اللہ ومن طالب الدنیا وذلک ایضا مما لا یصلح بحالہ وایدہ ما ذکر فی المدارک تحت قولہ تعالیٰ وجعلنا بعضکم لبعض

کئی معانی کی مخالفت کرتا ہے اُن معانی سے ایک معنی یہ ہے کہ مہدیؑ رسولؐ کا تابع ہے اور رسولؐ کے فقیر ہونے میں کوئی شبہ نہیں پس مہدیؑ کے لئے بھی رسولؐ کی طرح فقیر ہونا سزاوار ہے اس لئے کہ مہدیؑ ولی ہے اور ولایت کیلئے فقر وفاقہ لازم ہے تونگری لازم نہیں دوسرا معنی یہ کہ عطاء کثیر اسراف ہے اور اللہ تعالےٰ مسرفین کو دوست نہیں رکھتا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔ اور مت اڑا بکھیر کر بیشک فضول خرچ کرنیوالے شیطانوں کے بھائی ہیں۔ پس مہدیؑ اسراف کرنیوالا نہ ہوگا اور تیسرا معنی یہ کہ مہدیؑ ہدایت اور ارشاد کیلئے پیدا کیا گیا ہے۔ پس اگر مہدیؑ باوجود عہدۂ عظمیٰ کے بذات خود دنیا میں مشغول ہوجائے اور لوگوں کو دنیا طلبی میں مشغول کرے تو لوگوں کو غرض اصلی (خدا کے دیدار کی طلب) سے ہٹاکر خلل و فساد میں ڈالنا متصور ہوگا اور یہ بات (دجال کیلئے سزاوار ہے) مہدیؑ کے شایان شان نہیں۔ اور چوتھا معنی یہ کہ مہدیؑ کے پاس لوگ اللہ تعالےٰ کے دین کی راہ پانیکی طلب میں ایسی حالت میں آئینگے کہ اللہ کے لئے ایکدوسرے کو دوست رکھنے والے ہوں گے پس اگر مہدیؑ کے لئے عطاء کثیر ہو تو مہدیؑ

ﮯ کما قال اللہ تعالیٰ فلا تغرنکم الحیٰوۃ الدنیا ولا یغرنکم باللہ الغرور ان الشیطان لکم عدو فاتخذوہ عدوا انما یدعوا حزبہ لیکونوا من اصحٰب السعیر (جزو ۲۲ رکوع ۱۳) چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تو تم کو فریب نہ دے دنیا کی زندگی اور تمکو نہ دھوکہ دے اللہ کے بارے میں وہ دغاباز (شیطان) کہ بیشک شیطان تمہارا دشمن ہے تو تم دشمن ہی اس کو سمجھے رہو بس وہ (شیطان) تو بلاتا ہے اپنی جماعت کو (دنیا کے طالبوں کو دنیا کی طرف) تاکہ وہ دوزخ والوں میں ہو جائیں۔

علم الدین رحمۃ اللہ علیہ وان
یراد بہ المال فیجب ان یکون
المہدیؑ سخیا باذلا ذا عطاء لا بخیلا
ممسکا نکل ما اتی عندہ من جنس
المال فینفق فی سبیل اللہ سواء
کان جواہر او ذہبا او فضۃ او
فلوسا او قماشا او طعاما او ثوبا او حیوانا
وغیر ذلک مما یعد مالا فیکون العمل
علی حسب عموم المال ولا یتوقف
معنی الحدیث من حیث الاشتراک
او الاجمال ولیکون المال فی نظرہ
کالتراب فیبذل لہ بذلا بحیث لا
یلتفت الی قلتہ وکثرتہ او یکون
المال والتراب عندہ مساویین
فی عدم الحب والجمع لانہ الداعی
الی اللہ ویأمر الناس بترک الدنیا
ویقلع عن قلوبہم حبہا ولذائذہا
وزخارفہا فکیف یحبہا ویجمعہا
بنفسہ ولا یکون لہ مال الا ما اتی
بہ لوجہ اللہ فکیف یعطی الذہب
والفضۃ قدر ما یطیق المرء حملہ
فہذا من موارد المنکرین لیس
فی کتاب ولا سنۃ فالعطاء الکثیر
مثل ما زعموا فی حق المہدیؑ
یخالف بمعان احدہا ان المہدیؑ

ہے جیسا کہ ذکر کیا ہے امام علم الدینؒ نے اور اگر عطا
سے مال مراد لیا جائے تو واجب ہے کہ مہدیؑ سخی خرچ
کرنیوالا اور صاحب بخشش ہو بخیل مال کو روکنے والا
نہو اور جنس مال سے ہر وہ چیز جو فی سبیل اللہ اس
کے پاس آئے تو خرچ کرے خواہ وہ جواہر ہوں یا
سونا یا چاندی یا پیسے یا ہر قسم کا سامان یا ہر قسم کے
کھانے یا کپڑے یا حیوان اور ان کے سوائے
جن کا شمار مال میں ہوتا ہے عام مال کے موافق
عمل ہوگا اور حدیث کے معنی مشترک یا مجمل ہونے
کی حیثیت سے متوقف نہوں گے اور مہدیؑ کی
نظر میں مال مٹی کے جیسا ہوگا اور خرچ کریگا اس کو
خرچ کرنا اس طرح کہ مال کی قلت و کثرت پر توجہ
نہیں کریگا یا مال اور مٹی دونوں مہدیؑ کے پاس
مساوی ہونگے محبت ہونے اور جمع نہ کرنے میں اسلئے
کہ مہدیؑ مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلانیوالے ہے حکم
کریگا لوگوں کو ترک دنیا کا اور انکے دلوں سے دنیا کی
محبت دنیا کی لذتوں اور دنیا کی ظاہری آرائشوں کو
اکھیڑ دیگا تو پھر مہدیؑ متاع دنیا کو کسطرح دوست
رکھیگا اور بذات خود دنیا کی پونجی جمع کریگا اور نہیں ہوگا
اس کیلئے مال مگر وہی جو لایا گیا ہو اللہ کی خوشنودی کے
لئے تو پھر مہدیؑ کیونکر عطا کریگا سونا اور چاندی
سائل کے اٹھانیکی قوت کے موافق پس یہ اقوال منکران
مہدی علیہ السلام (طالبان دنیا) کے طبعزاد ہیں نہ تو
کتاب اللہ میں ہیں اور نہ حدیث صحیح میں اور منکرین
نے مہدیؑ کے حقمیں عطاء کثیر کا جو کچھ گمان کرلیا ہے

ياكلون اموال الناس بالباطل و
يصدون عن سبيل الله الاية قوله تعالى
وقطعنهم في الارض امما منهم
الصالحون ومنهم دون ذلك و
بلوناهم بالحسنات والسيئات
لعلهم يرجعون ٥ فخلف من بعدهم
خلف ورثوا الكتاب ياخذون
عرض هذا الادنى ويقولون سيغفر لنا
وان ياتهم عرض مثله ياخذوه
الم يوخذ عليهم ميثاق الكتاب
ان لا يقولوا على الله الا الحق و
درسوا ما فيه والدار الاخرة خير
للذين يتقون افلا تعقلون. و
ذكر في المدارك والمراد كانوا
ياخذون من الرشى في الاحكام
وعلى تحريف الكلم. وفي قوله تعالى
هذا الادنى تخسيس وتحقير
للدنيا وحطامها الذي اخذوه
على تحريف الكلم واصروا عليه بحيث
حتى قالوا سيغفر لنا وان ياتهم
عرض مثله ياخذوه انو والحال
اي يرجون المغفرة وهم مصرون
عائدون الى مثل فعلهم غير
تائبين قال الامام الزاهد في تفسيره
وانهم ما تغيروا باخذ الرشوة طلب

کریں پس جب علماء بادشاہوں سے میل جول پیدا کریں
تو ان سے پرہیز کرو پس تحقیق کہ وہ دین کے چور ہیں وہ
دین کے چور ہیں وہ دین کے چور ہیں۔ اور قرآن میں
ایسی آیتیں ہیں جو علماء کے اس میل جول اور عمل پر زجر
کرتی ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مومنو! اکثر علماء اور
مشائخ کھا جاتے ہیں لوگوں کے مال ناحق اور روکتے
ہیں اللہ کی راہ سے الخ نیز فرماتا ہے کہ۔ اور ہمنے پراگندہ
کیا انکو ملک میں گروہ گروہ انمیں سے بعض تو نیک ہیں اور
بعض بدکار ہیں اور ہمنے انکو آزمایا سکھ سے اور دکھ سے
تاکہ وہ گناہوں سے رجوع کریں پھر آئے انکے بعد ایسے
ناخلف کہ وارث بنے کتاب کے لے لیتے ہیں اسباب
اس گھٹیا دنیا کا اور کہتے ہیں کہ ہمکو معاف ہو جائیگا اور
اگر انکے سامنے آوے کوئی دنیوی چیز اس جیسی تو
اس کو لے لیتے ہیں کیا نہیں لیا گیا ان پر وہ عہد جو کتاب
میں لکھا ہے کہ نہ بولیں اللہ پر سوائے سچ کے اور انھوں نے
پڑھ لیا جو اس کتاب میں ہے (عمل نہیں کرتے) اور آخرت
کا گھر بہتر ہے پرہیزگاروں کیلئے کیا تم سمجھتے نہیں۔
اور مدارک میں ذکر کیا گیا ہے کہ ما کانوا یاخذون (سے
لیتے تھے) سے مراد احکام اور توریت کے کلمہ بدلنے میں
رشوت لیتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے قول ہذا الادنیٰ
میں دنیا کی ذلت اور تحقیر ہے اس تھوڑی سی دنیا کو انہوں نے
کلمہ توریت کی تحریف کے عوض میں لے لیا اور مصر ہو گئے
اس کام پر اپنی محبت سے یہانتک کہ کہتے ہیں ہمکو معاف کیا جائیگا
اور اگر انکے سامنے آوے کوئی دنیوی چیز اس جیسی تو لیکے
ہیں اسکو لینے کیلئے و اسی واسطے واو حال کیلئے ہے یعنی

فتنة أتصبرون الآية اى جعلناك
فتنة لهم لانك لو كنت صاحب
الكنوز والجنان لكان طاعتهم لك
للدنيا او ممزوجة بالدنيا فانما
بعثناك فقيرا ليكون طاعة من
يطيعك خالصة لنا والخامس
وهو يدعى المهدية يجتمع عليه
الناس ويقبلونه بطمعهم وان
لم يجدوا فيه شرائطه وعلاماته
لاسيما العلماء الذين يخالطون
الملوك لطلب الدنيا ويسعون
الى ابوابهم غدوا وعشيا يريدون
حطامها حتى اختصوا بقول النبيؐ
انهم لصوص الدين لقوله ؑ العلماء
امناء الله مالم يخالطوا الملوك
فاذا خالطوهم فاحذروهم فانهم
لصوص الدين فانهم لصوص الدين
فانهم لصوص الدين وفيه من
الآيات ما يزجرهم عن ذلك ان
عملوا به قوله تعالى يا ايها الذين
امنوا ان كثيرا من الاحبار والرهبان ؎

کے پاس آنیوالوں میں یہ معلوم ہو سکیگا کہ کون دنیا کا
طالب ہے اور کون خدا تعالےٰ کا طالب ہے یہ بات بھی
مہدیؑ کیلئے سزاوار نہیں (دنیا طلبی میں مشغول کرانا
شیطان کا کام ہے) اور اسکی تائید دیتی ہے وہ چیز جو
تفسیر مدارک میں فرمان خدا " اور ہم نے بنایا ہے تم میں
ایک کو ایک کیلئے آزمایش کا ذریعہ (دیکھیں تم بھی صبر
کرتے ہو؟ کے تحت ذکر کیگئی ہے یعنی اے محمدؐ ہمنے تجھکو ان
کیلئے آزمایش بنایا ہے اسلئے کہ اگر تو صاحب باغ
اور صاحب خزانہ ہوتا تو البتہ انکا تیری فرمانبرداری
کرنا دنیا کیلئے یا دنیا سے ملنے کیلئے ہوتا ہمنے تو تجھکو
فقیر بنا کر بھیجا ہے تاکہ تیری اطاعت کرنیوالوں کی اطاعت
خالص ہمارے لئے ہو (دنیا کیلئے نہو) اور پانچواں معنی یہ کہ
اور مہدیؑ دعویٰ کرے مہدیت کا تو لوگ جمع ہوں گے
مہدیؑ کے پاس اور مہدیؑ کی تصدیق کرینگے اپنی اس طمع
کیخاطر کہ مہدیؑ انکو جواہر سونا اور چاندی دیگا اگرچہ کہ نہ
پائیں مہدیؑ میں شرائط و علامات مہدیت خصوصاً وہ علماء
جو بادشاہوں سے میل جول رکھتے اور تھوڑی سی دنیا کیخاطر
صبح و شام انکے دروازوں پر دوڑے دوڑے پھرتے ہیں
حتیٰ کہ وہ نبیؐ کے فرمان سے مخصوص ہوئے کہ وہ علماء دین
کے چور ہیں آنحضرتؐ کے فرمان سے کہ علماء اللہ کے
امانتدار ہیں جبتک کہ بادشاہوں سے میل جول پیدا نہ

؎ یا ایها الذین امنوا ان کثیرا من الاحبار والرهبان لیاکلون اموال الناس بالباطل ویصدون عن
سبیل الله والذین یکنزون الذهب والفضة ولا ینفقونها فی سبیل الله فبشرهم بعذاب الیم یومنو اکثر
علماء اور مشائخ کھاجاتے ہیں لوگوں کے مال ناحق اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور جو جمع کر رکھتے ہیں سونا اور چاندی اور اس کو
نہیں خرچ کرتے اللہ کی راہ میں تو ای محمدؐ ان کو خوشخبری سنا دردناک عذاب کی (ملاحظہ ہو حمائل شریف مترجم مطبوعہ خیر المطابع لکھنؤ
صفحہ ۳۰۰)

يعطى فى الله و يفهم عن الله ويتكلم
مع الله فالدنيا سوق تجارته و
العقل راس بضاعته والعدل
فى الغضب والرضاء ميزانه و
الفضل فى الفقر والغنى عنوانه
والعلم مفرغه ومنجاه والقرآن
كتاب الاذن من مولاه فهو كائن
فى الناس بظواهره بائن منهم
بسرائره فقد هجرهم فيماله عليهم
فى الله باطنا ثم وصلهم فى
مالهم عليه لله ظاهرا وما هو
منهم بالعيش فيهم ولكن معدن
الذهب الرخام ياكل مايأكلون
ويشرب مايشربون ومايدرون
بهم انه ضيف الله يرى السموات
والارض قائما بامره كانه قيل فيه

فان تفق الانام وانت منهم
فان المسك بعض دم الغزال

فحال ولى العزلة اسنى واجلى
وحال ولى العشرة ادنى واعلى
ومنزل الاول من الثانى فى
حضرة الرحمان منزلة النديم
من الوزير عند السلطان اما النبى
فهو كريم الطرفين ومعدن
الشذرين ومجمع الجانبين ومنبع

خلوت اختیار کرنے اور حظ نفس کو ترک کرنے سے
مقصودِ عزلت حاصل ہوا اور وہ مراد ولی العشرۃ ہے
یعنی خداوند عشرت پس وہ درگاہ الٰہی سے راز رکھنے والا
ہے لوگوں سے آزمایش کیلئے ملتا ہے (کہ ان میں طالب خدا
کون ہے اور طالب دنیا کون) دیکھتا ہے ان کو عبرت
سے اور حکم کرتا ہے انکو غیرت کا (کہ محبوب حقیقی باقی کو
چھوڑکر دنیا ءفانی کے عاشق اور آخرت میں رسوا
نہوں) پس وہ رسولؐ کا خلیفہ ہے اللہ کے حکم سے حکم کرتا
ہے اللہ کیلئے لیتا ہے اور اللہ کی راہ میں دیتا ہے اور تمام امور
میں اللہ کی تعلیم سے سمجھتا ہے اور اللہ کیساتھ کلام کرتا ہے پس
دنیا اسکے دینی تجارت کا بازار ہے اور عقل اسکی تجارت کی
پونجی ہے غضب اور رضا دونو حالتوں میں عدل اُسکا ترازو ہے
محتاجی اور توانگری دونو حالتوں میں سلامت روی اسکی نشانی
ہے اور علم اسکی جاے نجات اور جاے فراغ ہے اور قرآن اُس
کے مولی کیطرف سے کتاب الاذن ہے اور وہ اپنے ظاہری
احوال سے لوگوں میں مشغول اور اپنے باطنی احوال سے لوگوں
سے دور اور وہ اُن سے جدا ہے اللہ کے معاملہ میں ایسے کام
میں جو انکے برخلاف باطنا اسکے فائدے کیلئے ہے پھر وہ
اُن سے ملتا ہے ایسے کام میں جو ان کے فائدے کیلئے اور
اُسکے برخلاف ہے ظاہر میں اور انہیں زندگی بسر کرنے میں
وہ انمیں سے نہیں ہے لیکن خالص سونے کی کان ہے جو وہ
کھاتے ہیں کھاتا ہے جو وہ پیتے ہیں پیتا ہے اُن لوگوں کو
معلوم نہیں کہ وہ اللہ کا مہمان ہے کہ وہ آسمانوں اور زمین کو اسی
کے حکم سے قایم دیکھتا ہے گویا کہ اسکی تعریف میں یہ شعر کہا گیا ہے
پس اگر تو لوگوں سے بلند مرتبہ ہے حالانکہ تو انسان ہی ہے تو سبب

سه یعنی خلوت میں خاطر جمعی پانا اور دنیا اور اہل دنیا سے الفت منقطع کرنا اور ذکر خدا سے اطمینان پانا اور حظ نفس کو ترک کرنا ہے (انتشف فارسی)

بحکم المغفرۃ بالعفو علی معاصی انفسھم بالقطع واللہ ما اخبر فی کلامہ بالعفو علی المعاصی بالقطع بل بالمشیۃ وفی المدارک فی تفسیر قولہ تعالیٰ قل ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون انما یتذکر اولوا الالباب۔ ای یعلمون ویعملون بہ کانہ جعل من لا یعمل غیر عالم وفیہ وزر عظیم بالذین یقتنون العلوم ثم لا یقنتون ویفتنون فیھا ثم یفتنون بالدنیا فھم عند اللہ جھلۃ حیث جعل القانتین ھم العلماء وفیہ ایضا فی تفسیر قولہ تعالیٰ فکاتبوھم ان علمتم فیھم خیرا واعلم ان العبید اربعۃ قن مقتنی للخدمۃ وماذون فی التجارۃ ومکاتب وابق فمثال الاول فھو ولی العزلۃ الذی حصل العزلۃ بایثار الخلوۃ وترک العشرۃ والثانی ولی العشرۃ فھو نجی الحضرت یخالط الناس للخیرۃ وینظر الیھم بالعبرۃ ویامرھم بالغیرۃ فھو خلیفۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحکم بحکم اللہ ویاخذ للہ و

امید رکھتے ہیں مغفرت کی ورانحالیکہ وہ مصر ہیں پہلے کے جیسے برے کاموں کی طرف رجوع کرنیوالے ہیں امام مجاہد نے اپنی تفسیر میں فرمایا ہے کہ یہود و نصاریٰ رشوت لینے سے کافر نہوے بلکہ گناہوں کی معافی کیساتھ اپنی ذاتوں پر قطعی مغفرت کا حکم لگانے سے کافر ہوے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے عاصی کی قطعی مغفرت کی خبر اپنے کلام میں نہیں دی بلکہ عاصی کی مغفرت مشیت پر موقوف ہے چاہے بخشے چاہے عذاب کرے اور مدارک میں اللہ تعالیٰ کے قول ہذا کہدے کہیں برابر ہوتے ہیں جاننے والے اور نہ جاننے والے وہی نصیحت حاصل کرتے ہیں جن کو عقل ہے" کے تحت مذکور ہے یعنی جانتے ہیں اور جاننے کیموافق عمل بھی کرتے ہیں گویا کہ خدائیتعالے نے عمل نہ کرنیوالے کو جاہل قرار دیا ہے اور تفسیر مدارک میں ہے کہ گناہ عظیم ان کیلئے ہے جو علوم سیکھتے ہیں اور فرمانبرداری نہیں کرتے اللہ کی اور فتنے پیدا کرتے ہیں علوم میں اور مبتلا ہوتے ہیں دنیا میں پس وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جاہل ہیں جہاں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمانبرداری کرنیوالوں کو عالم گردانا اور نیز تفسیر مدارک میں اللہ تعالیٰ کے قول پس مکاتب بنادو اگر تم جانو انھیں شائستگی کی تفسیر میں ہے۔ جان کہ بندے چار ہیں ایک وہ بندہ جو صرف خدمت کیلئے ہے دوسرا ماذون یعنے جسکو تجارت کی اجازت دیگئی تیسرا مکاتب وہ ہے کہ اس کا آقا اس کو کہے کہ اگر تو مجھکو سو روپیہ دیا تو آزاد ہے چوتھا ابق یعنے بھاگنے والا بندہ پہلے بندہ کی مثال یہ ہے کہ وہ صاحب عزلت ہے جس کو

سے یعنے خلوت میں خاطر جمعی پانا اور دنیا و اہل دنیا سے الفت منقطع کرنا اور ذکر خدا سے اطمینان پانا اور حظ نفس کو ترک کرنا ہے (از شرح فارسی)

ان العلماء اذا اتفقوا على محبة الدنيا
صاروا من العباد الآبقين لان
الدنيا مغضوبة الرب فمن احبها
فهو مغضوب الرب فلا محالة بابق
العبد عند غضب الرب فاذا ابقوا
من الرب بمحبة الدنيا صدوا عن
طريق الحق الى الباطل فلا بد
يفتنون بموافقة من اعطاهم وان كان
على الباطل والمهدى عليه السلام لو
ادعى المهدية باعطاء المال كما
زعموا يكون متهما بالرشوة ثم كلهم
كانوا يفتنون ان يأتيهم المهدىؑ
فيتبعونه ويحبونه لاطاعته ونصرته
فلما جاء بما يخالف اهوائهم حسدوا
وانكروا مهديته حبا للشرف والمال
وعاندوا واظهروا عداوته مع
علمهم انه ولى كامل فاستحقوا الغضب
من الله تع وهلكوا بانواع البلايا و
الفتن كما كان حال احبار اليهود
والنصارى فى زمان الرسول عليه
السلام وايده ما ذكر فى بحر الحقائق
فى تفسير قوله تع ولما جاءهم كتاب
من عند الله مصدق لما معهم و
كانوا من قبل يستفتحون على الذين
كفروا فلما جاءهم ما عرفوا كفروا به

کچھ نہیں دیتا تو اس پر حملہ کرتا ہے جیسا کہ چور اور زانی پس انکی
حق میں نبیؐ نے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس دین کو ایسی قوم
سے مدد پہنچائیگا کہ اسکے لئے آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور
مدارک میں اللہ تعالیٰ کے قول ہذا (یعنی کافر بہتر ہے) یا وہ
شخص جو عبادت میں لگا ہوا ہے رات کی گھڑیوں میں کی
تفسیر میں ہے پس اس عبارت سے مقصود یہ ہے کہ جب علماء نے
دنیا کی محبت پر اتفاق کر لیا تو انکا شمار بھگوڑے غلاموں
میں ہو گیا اسلئے کہ دنیا پر پروردگار کا غضب ہے اور جو شخص
دنیا کو دوست رکھتا ہے پس اس پر بھی پروردگار کا غضب
ہوگا پس لامحالہ پروردگار کے غضب کے وقت بندہ
بھاگیگا پس جب پروردگار سے دنیا کی محبت کیطرف
بھاگیں تو پھر گئے طریق حق سے باطل کیطرف پس جن نے
انکو سونا چاندی عطا کیا پس اسکی موافقت سے فتنہ و فساد
برپا کرنا انپر ضرور ہوا اگرچہ کہ عطا کرنیوالا باطل پر ہو۔ اگر مہدیؑ
مخالفوں کے گمان کیموافق مال عطا کرنیکے ساتھ دعوی مہدیت
کرتے تو مخالفین مہدیؑ کو رشوت کی تہمت دیتے (کہ مہدیؑ
رشوت دیکر اپنی تصدیق کرواتا ہے) فتوی دیتے کہ مہدیؑ
آنیوالا ہے پس اتباع کرینگے اسکی اور اس کو دوست رکھینگے
اسکی اطاعت اور مدد کرنے سے پس جب آگیا مہدیؑ اس چیز
کے ساتھ جو انکی آرزوں کی مخالفت کرتی ہے تو انھوں نے
مہدیؑ سے حسد کیا اور انکار کیا مہدیؑ کی مہدیت کا مال و
جاہ کی محبت سے اور عداوت کی مہدیؑ سے اور انھوں نے
باوجود اپنے اس علم کے کہ مہدیؑ ولی کامل ہے مہدیؑ سے اپنی
عداوت ظاہر کی پس یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے غضب کے مستحق
ہو گئے اور اقسام کی بلاؤں و فتنوں سے ہلاک ہوئے جیسا کہ

الذاكرين فباطن احوالهم مهتدى
ولى العزلة وظاهر اعمالهم مقتدى
ولى العشرة والثالث المكاتب
المجاهد والمحاسب والعامل
المطالب بالخراج كنجوم المكاتب
عليه فى اليوم والليلة خمس و
فى المائتين خمسة دراهم وفى
السنة شهر رمضان وفى العمر
زورة فكانه اشترى نفسه من
ربه بهذه النجوم المراتبة فيسعى
فى فكاك رقبته خوفا من البقاء
فى رقبة العبودية وطمعا فى
فسحة الحرية ليستريح فى رياض
الجنة فيتمتع بمناه ويفعل مايشاء
بهواه والرابع الآبق فاكثرهم
القاضى الجائر والعالم غير العامل
والقارى المرائى والواعظ الذى
لايفعل مايقول ويكون اقواله
فضولة وعلى كل من لا ينفعه يقول
فضلا عن السارق والزانى
فمنهم اخبر النبى ان الله تعالے
لينصر هذا الدين بقوم لاخلاق لهم
فى الآخرة وفى المدارك فى تفسير
قوله تعالے امن هو قانت اناء
جزء ۲۳ ع ۱۵
الليل فالمقصود من هذه العبارات

تو تعجب کی بات نہیں کیونکہ مشک ہرن کے خون کا ایک حصہ
ہے پس صاحب عزلت کا حال زیادہ صاف اور زیادہ روشن ہے
اور خداوند عشرت کا حال اکمل و اعلیٰ ہے اور پہلا دوسرے کے مقابلہ
میں بارگاہ رب العزت میں ایسا ہے جیسا کہ بادشاہ کے پاس وزیر
کے مقابلہ میں ندیم (مصاحب ہمیشہ ساتھ رہنے والا) ہے لیکن
نبی پس وہ شریف الطرفین جواہرات کا معدن اور دو حال
(نبوت و ولایت) کی جمع ہونیکا مقام اور دو شیریں پانی (شریعت
و طریقت) کا چشمہ ہے پس اسکے احوال کا باطن ہدایت یافتہ
گوشہ نشینی کا محب ہے اور اسکے اعمال کا ظاہر پیشوا ہے جو
ولی العشرۃ ہے اور تیسرا بندہ مکاتب ہے اپنے نفس سے جہاد
کرنیوالا اور اپنے اعمال کا محاسبہ کرنیوالا اور عامل جو خراج کا
مطالبہ کیا گیا ہے کہ ایک مہینہ میں آتا ہوگا جیسا کہ مکاتب
کی اقساط اسپر رات دن میں نماز پنجگانہ ہے اور سال میں دو سو
درہم پہ پانچ درہم دینا اور سال میں ماہ رمضان کے روزے
رکھنا اور تمام عمر میں ایکبار حج کرنا پس گویا کہ اس نے خرید لیا
اپنے نفس کو اپنے رب سے ان معینہ اقساط کے ذریعہ پس وہ
کوشش کر رہا ہے اپنی گردن کے چھڑانے میں بندگی کی ڈوری
گردن میں رہ جانے کے خوف سے اور آزادی کی وسعت کی
حرص سے ایسا انسان جنت کے چمنوں میں راحت پاتا
ہے اور اپنی آرزوں کو پہنچتا ہے اور کرتا ہے جو چاہتا ہے اپنے منشا
کے موافق اور چوتھا بھاگنے والا ہے پس اکثر بھاگنے
والوں میں سے ظالم قاضی بے عمل عالم اور لوگوں کو دکھانے
کیلئے قرأت پڑھنے والے ہیں اور ایسا واعظ کہ لوگوں کو
جو کچھ نصیحت کرتا ہے خود اس پر عمل نہیں کرتا اور اسکی باتیں
بیہودہ ہوتی ہیں اور جو شخص اس کا وعظ سننے کے بعد

ينكروا على اولياء الله ويكفروا بما فتح الله لهم من حقائق العلم حسدا ان ينزل الله ـ يعنے ان يوتى الله من فضله على من يشاء من عباده اى اصفيائه ـ فباءو بغضب من رد ولاية الاولياء ـ على غضب من الاولياء كما جاء فى الحديث الصحيح قال الله تعم من عادلى وليا فقد بارزنى بالحرب وانا اغضب لاوليائى كما يغضب الليث لجرده ولكافرين الجاحدين المنكرين عذاب مهين فى الدنيا والاخرة فى الدنيا بالهوان عند اهل النظر الواقفين على احوالهم وبالحرمان عن تنسيم نفحات الطاف الحق و فى الاخرة بالخسران والفضوح وان الانكار على العرفاء يورث الحرمان والخسران ثم اصرارهم على جحودهم كقوله تعم واذا قيل لهم امنوا بما انزل الله قالوا نومن بما انزل علينا ويكفرون بما وراءه وهو الحق مصدقا لما معهم ـ الاشارة فى تحقيق الاية اذا قيل للمستكبرين اعتقدوا مواهب الحق اى الهمها الله اولياءه من اسرار القرآن

سرکشی اُسکا جو آتارا اللہ نے ـ یعنے وہ اولیاء اللہ سے انکار کرتے ہیں اور از روی حسد کفر کرتے ہیں اُس چیز سے جو اللہ نے انکے لئے علم کی حقیقتیں کھولدیں ـ ان ینزل اللہ یعنی دیتا ہے اللہ اپنے فضل سے اپنے بندوں میں سے جسکو چاہے یعنے اپنے برگزیدہ بندوں میں سے پس انھوں نے اولیاء کی ولایت کا انکار کرنے سے غضب پر غضب کمایا جیسا حدیث صحیح میں آیا ہے کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ جسنے کسی ولی سے دشمنی رکھی پس وہ میرے مقابلہ میں جنگ کرنیکے لئے میدان میں آیا اور میں غضب میں آتا ہوں اپنے اولیاء کی خاطر جیسا کہ غضب میں آتا ہے شیر اپنے بچہ کی خاطر ـ وللکافرین یعنے اور جان بوجھکر انکار کرنیوالوں پر ـ عذاب مہین ـ ذلت کا عذاب ہے ـ دنیا اور آخرت میں ـ ذلت کا عذاب اُن اہل نظر کے پاس ہے جو ان کے احوال سے واقف ہیں اور الطاف حق کی خوشگوار ہواؤں کے جھونکوں سے محرومیت کا عذاب ہے اور آخرت میں گھاٹے اور رسوائی کا عذاب ہے عارفوں سے انکار کرنا محرومیت اور گھاٹے کا باعث ہوتا ہے پھر ان کا دیدہ و دانستہ انکار پر مصر ہونا مانند قول اللہ تعالی کے ـ اور جب اُنسے کہا جاتا ہے کہ ایمان لاؤ اسپر جو نازل کیا اللہ نے تو کہتے ہیں ہم تو ایمان لائینگے اسی پر جو آتارا گیا ہمپر اور انکار کرتے ہیں اسکے ماسوا (قرآن) کا حالانکہ وہ حق ہے تصدیق بھی کرتا ہے اسکی جو ان کے پاس ہے ـ اشارہ تحقیق الآیت میں یہ ہے کہ جب مغروروں سے کہا گیا کہ تم اعتقاد لاؤ قرآن کے اسرار اور اسکے معانی اور اسکے حقائق پر جو اللہ کی بخششیں ہیں جن کا الہام اللہ نے اپنے اولیاء پر کیا ہے تو وہ اسکو

فلعنۃ اللہ علی الکافرین الآیۃ الی قولہ من فضلہ (جزء ۱ ع ۱۱) والاشارۃ من فضلہ علی من یشاء من عبادہ فی تحقیق الآیۃ ان بعض القراء والزہاد والمتفتشین من اہل العلم فی کل زمان یتمنون ان یدرکوا احدا من الاولیاء والعلماء المخصوصین بالمکاشفات والمشاہدات والعلوم اللدنیۃ ویتوسلوا بہم الی اللہ تعالیٰ عند رفع حوائجہم فی مصالح دعائہم ویظہرون محبتہم عند الحق فلما وجدوا احدا من ہذا القوم ما عرفوا قدرہ وحسدوا وطعنوا فیہ وانکروا علی کلماتہ واظہروا عداوتہ فیکون حاصل امرہم من الطرد والرد من غیرۃ ولایتہ والبعد من اللہ واللعن قولہ تعالیٰ بئسما اشتروا بہ انفسہم ان یکفروا بما انزل اللہ بغیا یعنی ان (جزء ۱ رکوع ۱۱)

رسولؐ کے زمانہ میں علماء یہود و نصاریٰ کا حال تھا اسکی تائید کرتی ہے وہ چیز جو تفسیر بحر الحقائق میں مذکور ہے اللہ تعالیٰ کے قول کی تفسیر میں۔ اور جب پہنچی اللہ کی طرف سے اُن کے پاس کتاب جو سچا بتاتی ہے اس کتاب کو جو انکے پاس ہے اور یہ لوگ پہلے سے فتح بھی طلب کرتے تھے کافروں پر سو جب آپہنچا اُن کے پاس جس کو پہچان رکھا تو انکار کر دیا پس اللہ کی لعنت ہے کافروں پر (انکار کرنے والوں پر) اللہ تعالیٰ کے قول من فضلہ تک اور من فضلہ کا اشارہ علی من یشاء من عبادہ (اُتارا اپنے بندوں میں سے جس کسی پر چاہا) پر ہے تحقیق آیت کی یہ ہے کہ ہر زمانہ میں بعضے اہل علم قاری اور زاہد تلاش اور آرزو رکھتے ہیں کہ پائیں اولیاء اور علماء میں سے جو خاص کئی گئی ہیں کشف مشاہدہ اور علم لدنی سے کہ ان کے ذریعہ سے اپنی حاجتوں اور اپنی دعا کی مصلحتوں میں اللہ کی طرف رخ پھیریں اور حق کے پاس اپنی محبت ظاہر کرتے ہیں انکے ساتھ پس جب انھوں نے اس قوم سے ایک کو پالیا تو اس کی قدر نہ جانی اور اسپر حسد کیا اور اسپر طعن کئے اور اسکی باتوں سے انکار کیا اور اس سے اپنی دشمنی ظاہر کی تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسکی ولایت کی غیرت کی طرف سے وہ مطرود و مردود ہوئے اور اللہ سے دور اور لعنت کے مستحق ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بُرے مول خریدا انھوں نے اپنی جانوں کو کہ انکار کرتے ہیں از روے

سہ علی الکافرین کے بعد کی آیت یہ ہے کہ بئسما اشتروا بہ انفسہم ان یکفروا بما انزل اللہ بغیا ان ینزل من فضلہ علی من یشاء من عبادہ فباء و بغضب علی غضب وللکفرین عذاب مھین برے مول خریدا انھوں نے اپنی جانوں کو کہ کفر کرتے ہیں اُس کا جو اُتارا اللہ نے اِس حسد میں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جس بندہ پر اس کو منظور ہو نازل کردے سو کما یا انھوں نے غصہ پر غصہ اور کافروں پر ذلت کا عذاب ہے۔

المدعو الى امر لا ضرر فيه ينبغي
ان يجيب اليه احتياطا فكيف
اذا تضمنت المنافع ومن علامات
المهدي ما ذكر في الفتوحات انه
ليس له الاعداء الا الفقهاء خاصة
لما ذكرنا فصار عداوة بعض العلماء
علامة لحقيقته فان قلت نزلت
الآيات في حق احبار اليهود فما
وجه صرفه في علماء امة محمد
عليه السلام قلت لورود السنة
فيه لما روي عن عبد الله بن عمرو
رضي الله عنهما قال قال رسول
الله صلى الله عليه وسلم ليأتين
على امتي كما اتى على بني اسرائيل
حذو النعل بالنعل حتى ان كان
منهم من اتى امه علانية لكان
في امتي من يصنع ذلك الحديث
وعن ابي سعيد انه قال قال
رسول الله صلى الله عليه وسلم
لتتبعن سنن من قبلكم شبرا
بشبر وذراعا بذراع حتى لو
دخلوا جحر ضب لاتبعتموهم
فالمقصود ان علماء اليهود اخذوا
الرشى وحرفوا الكلم ولم يخافوا
الله تعالى وسعوا الى الباطل بحب الدنيا

والوں کا جبکہ قبول کرنا منفعت کو شامل ہو اور مہدیؑ کی
علامتوں میں سے ایک علامت یہ ہے جو فتوحات مکی
میں ہے کہ نہیں ہیں مہدیؑ کیلئے دشمن مگر خاصکر فقہا بسبب
اسکے جس کا ذکر ہم نے کر دیا ہے پس بعض علماء کا مہدیؑ
کے دشمن ہونا بھی مہدیؑ کی سچائی کی نشانی ہے پس اگر کہے
تو کہ یہ آیتیں علماء یہود کے حق میں نازل ہوئی ہیں
پس ان کو امت محمدؐ کے حق میں پھیرنے کی کیا طرز
ہے تو میں کہتا ہوں کہ حدیث وارد ہونے کی
وجہ سے چنانچہ عبد اللہ ابن عمرؓ سے مروی
ہے کہا فرمایا رسول صلعم نے کہ البتہ آئے گا میری
امت پر جیسا کہ آیا بنی اسرائیل پر ایسی ہی موافقت
ہوگی جیسی کہ نعل نعل کے ساتھ موافقت رکھتی ہے
یہاں تک کہ اگر یہودیوں میں سے کوئی ماں کے پاس
آشکارا آیا ہے تو البتہ ہوں گے میری امت میں ایسے
لوگ جو وہی کام کریں گے الخ اور ابو سعیدؓ سے مروی
ہے کہا فرمایا رسولؐ نے کہ البتہ پیروی کرو گے تم
ان لوگوں کی جو تم سے پہلے (یہود و نصاریٰ) ہو گذرے
اگر وہ ایک بالشت گمراہی میں چلیں گے تو تم بھی ایک
بالشت گمراہی میں چلو گے اور اگر وہ ایک ہاتھ چلینگے
تو تم بھی چلو گے یہاں تک کہ اگر وہ سوسمار کے سوراخ
میں داخل ہوں گے تو تم بھی انکی پیروی کرو گے حاصل
یہ کہ علماء یہود نے رشوت لیکر توریت کے کلمہ کو
بدل لیا اللہ سے نہ ڈرے اور دنیا کی محبت میں باطل
کی طرف گئے پس اسی طرح جیسے امت محمدؐ کے
علماء نے دنیا کو دوست رکھا اور دنیا کے لئے بادشاہوں

سہ گھوڑپھوڑ

ومعانيه وحقائقه وهي موكدة
بالبراهين من الآيات والاخبار
المنقولة من المشائخ المتقدمين
حملت نفوسهم ببعض ما التمس
منهم مما يوافق عقولهم واهواهم
قالوا نعتقد والقرآن بعدل ظاهره
ثم تنكرون به مما وراء حظوظهم
انه هو الحق من ربهم محققا لما
معهم من العلوم الظاهرة قال الله
تعالى في جوابهم. فلم تقتلون
انبياء الله من قبل ان كنتم مؤمنين
اي فلم تجادلون اولياء الله ان كنتم
معتقدين فانما نطق به الاولياء
فهو من اسرار القرآن وحقائقه
فالذي ينكرها لا يكون معتقدا
للقرآن حقيقة والمقاتل مع الاولياء
يكون مقاتلا مع الانبياء والانكار
هي كما تقدم انكار على القرآن
حقيقة لقوله تعالى واذ لم يهتدوا به
فسيقولون هذا افك قديم. فلو
قصروا اهواءهم وجلبوا انفسهم
الى المقاصد الدينية لكان خيرا
لهم قال الله تعالى وماذا عليهم لو امنوا
بالله واليوم الآخر. ذكر في تفسير
البيضاوي وفيه تنبيه على ان

آیات واخبار کی دلیلوں سے جو مشایخین متقدمین سے
منقول ہیں تو اُنکے نفوس نے انھیں سے بعض کو جو انکی
خواہشوں اور عقل کے موافق تھے بے دھڑک قبول کرلیا
اور کہا کہ ہم اعتقاد رکھتے ہیں قرآن کے ظاہری
عدل پر اور وہ انکار کرتے ہیں اس چیز سے
جو اُن کے حظ نفسانی کے سواے تھی حالانکہ
وہ اُن کے پروردگار کی طرف سے حق تھی اور
اُن علوم ظاہری کی تحقیق کرنے والی تھی جو ان کے ساتھ
تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کے جواب میں فرمایا کہ پھر کیوں
قتل کرتے رہے اللہ کے نبیوں کو پہلے سو اگر تم ایمان والے
تھے یعنی تم اولیاء اللہ سے کیوں جھگڑا کرتے ہو اگر تم معتقد
تھے کیونکہ اولیاء اللہ نے جو کلام کیا ہے وہ قرآن کے اسرار
وحقایق ہیں پس جو شخص اولیاء کا انکار کرتا ہے وہ مقام
حقیقت میں قرآن کا معتقد نہیں اور اولیاء اللہ سے قتال
کرنیوالا پیغمبروں سے قتال کرنیوالا ہے اور اولیاء اللہ کی باتوں سے
انکار کرنا حقیقت میں قرآن کا انکار کرنا ہے اللہ تعالیٰ کے
فرمان سے جب کافروں نے قرآن سے ہدایت نہ پائی تو
کہدیا کہ یہ تو قدیمی جھوٹ ہے اگر وہ اپنی خواہشوں کو کم کرتے
اور اپنے نفوس کو دینی مقاصد کی طرف کھینچ کر لیجاتے تو
البتہ ان کیلیے بہتر ہوتا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اور اُنکا
کیا بگڑ جاتا اگر وہ ایمان لاتے اللہ اور روز آخرت پر
ذکر کیا ہے تفسیر بیضاوی میں اور اسمیں تنبیہ ہے اسبات
پر کہ جب کوئی شخص بلایا جائے کسی ایسے کام
کی طرف جسمیں کوئی ضرر نہیں ہے تو چاہیئے کہ اس
کو احتیاطاً قبول کرلیں پس کیسا ہوگا (حال) نہ قبول کرنے

لایلازم صحبته الامن کان مطلوبه
هو الله تعالے خالصا لقوله تعالى امّن
هو قانت اٰناء الّیل ساجدا وقائما
یحذر الاخرة ویرجوا رحمة ربه
قل هل یستوی الذین یعلمون و
الذین لایعلمون . دلت الاٰیة علٰی
(جزء ۲۳ ع ۱۵) ان المؤمن یجب ان یکون بین
الخوف والرجاء یرجو رحمته لعمله
ویحذر عذابه لتقصیره فی
عمله ثم الرجاء اذا جاوز حده یکون
یأسا وقد قال الله تعالے فلا یأمن
مکر الله الا القوم الخاسرون انه
لاییأس من روح الله الا القوم
الکافرون . فیجب ان لایجاوز حدها
قوله تعالى قل هل یستوی الذین
یعلمون والذین لایعلمون ای
یعلمون ویعملون به کانه جعل
من لایعمل غیر عالم وفیه ازدراء عظیم
بالذین یقتنون العلوم ثم لایقنتون
ویفتنون فیها ثم یفتنون بالدنیا
فهم عند الله جهلة حیث جعل
القانتین هم العلماء کذا فی
المدارک وقال علیه السلام ان
الله تعالى مضر هذا الدین بقوم لا
خلاق لهم فی الاخرة کذا فی

سے اور امید رکھتا ہے اپنے پروردگار کی رحمت
کی کہدے کہیں برابر ہوتے ہیں جاننے والے اور
نہ جاننے والے ۔ آیت شریفہ اس بات پر
دلالت کرتی ہے کہ مومن پر واجب ہے کہ
خوف اور امید کے درمیان رہے یعنے اپنے عمل پر
اللہ کی رحمت کی امید رکھے اور اپنی قاصر العملی پر اللہ
کے عذاب کا خوف رکھے پھر امید اس وقت جبکہ
اپنی حد سے بڑھ جائے (اپنی بخشش کا یقین کرے تو)
خوف کا موجب ہوگا اور تحقیق فرمایا اللہ تعالے نے کہ اللہ
کے جزا دینے سے بے فکر نہوں گے مگر زیاں کار لوگ
نیز فرماتا ہے کہ بیشک ناامید نہیں ہوا کرتے اللہ کی
رحمت سے مگر وہی لوگ جو کافر ہیں پس مومنوں پر واجب
ہے کہ خوف ورجاء سے تجاوز نہ کریں ۔ اللہ تعالے
فرماتا ہے کہ کہدے کہیں برابر ہوتے ہیں جاننے والے
اور نہ جاننے والے یعنے جانتے ہیں اور جاننے
کے موافق عمل کرتے ہیں گویا کہ اللہ نے عمل نہ کرنیوالے
کو جاہل قرار دیا ہے اور تفسیر مدارک میں ہے کہ گناہ عظیم
اُن کے لئے ہے جو علوم سیکھتے ہیں پھر فرمانبرداری نہیں
کرتے اللہ کی اور فتنے پیدا کرتے ہیں علوم میں پھر مبتلا
ہوتے ہیں دنیا میں پس وہ اللہ کے نزدیک جاہل ہیں
جہاں کہ گردانا اللہ تعالے نے فرمانبرداری کرنیوالوں
کو کہ یہ عالم ہیں (نہ وہ جو علوم پڑھکر طالب دنیا ہوئے
بلکہ یہ لصوص الدین اور قطاع الطریق ہیں) ایسا ہی
ہے مدارک میں اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالے
اس دین کو ایسے لوگوں سے مدد دیگا جن کیلئے آخرت

فكذلك علماء امة محمد عليه
السلام لما استحبوا الدنيا ولازموا
صحبة الملوك لاجل الدنيا فلا يخلوا
ان يقبلوا قول من يعطيهم المال
كثيرا وان كان على الباطل ويقولون
لن تمسنا النار الا اياما معدودة (جزء ۱ رکوع ۹)
لان ما ناخذ كبيرة ولا يكفر المؤمن
بارتكاب الكبيرة من
ذنوب الكبائر ولا
يلتفتون الى ان
الكبيرة يميت القلب ومن علاماتها
ان يصير قاسيا قال على رضى الله
عنه القلب اذا قسى لا يبالى اذا
عصى وهو من علامات الكفر
كذا قال الامام الزاهد في تفسير
قوله ثم قست قلوبكم من
بعد ذلك فهى كالحجارة او اشد (جزء ۱ ع ۹)
قسوة - لان الاصرار على الصغيرة
يوجب استخفاف الكبيرة واستحلالها
ومن قام الخوف من ... [illegible]
منه خوف الله تعالى فقد كفر ومن
استخف الكبيرة فقد كفر ومن
استحل الكبيرة فقد كفر فالمهدى
الموعود ينبغى ان لا يكون راشيا
ولا مرتشيا بل يكون فقيرا بحيث

کی صحبت اختیار کی پس خالی نہیں کہ علماء امت اس کی
بات کو قبول کریں جس نے انھیں بہت سا مال
دیا اگرچہ کہ مال دینے والا باطل پر ہو اور کہتے ہیں کہ
ہمکو آگ چھوئیگی نہیں مگر گنتی کے چند روز۔ اسلئے کہ
ہم جو رشوت لیتے ہیں گناہ کبیرہ ہے اور کبیرہ گناہوں
میں سے گناہ کبیرہ کے مرتکب ہونے سے مومن کافر
نہیں ہوتا اور اس بات پر توجہ نہیں کرتے کہ گناہ کبیرہ
دل کو مار دیتا ہے اور دل کے مرجانے کی نشانیوں سے
یہ ہے کہ دل سخت ہو جاتا ہے چنانچہ علی رض نے فرمایا کہ
جب دل سخت ہو جاتا ہے تو گناہ کرنے کے وقت نہیں
ڈرتا اور گناہ سے نہ ڈرنا کفر کی علامتوں سے ہے
اسی طرح امام زاہد نے اللہ تعالیٰ کے قول پھر سخت ہوگئے
تمہارے دل اسکے بعد سو وہ پتھر کی طرح ہیں بلکہ ان
سے بھی زیادہ سخت۔ کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ گناہ صغیرہ
پر مصر ہونا گناہ کبیرہ کو حقیر اور حلال رکھنے اور اللہ تعالیٰ
سے نہ ڈرنے کو واجب کرتا ہے پس جس سے اللہ کا خوف دور
ہوا پس تحقیق کہ وہ کافر ہوا اور جس نے گناہ کبیرہ کو حقیر
سمجھا پس وہ کافر ہوا اور جس نے گناہ کبیرہ کو حلال
جانا پس وہ کافر ہوا پس مہدی موعود علیہ السلام کو
چاہئے کہ نہ رشوت دینے والا ہو اور نہ رشوت لینے
والا بلکہ ہووے فقیر اس حیثیت سے کہ نہ لازم گردانے
ان کی صحبت کو مگر وہ شخص جس کا مطلوب خالص اللہ
کی ذات ہو اللہ تعالیٰ کے قول سے بھلا کافر بہتر ہے یا
وہ شخص جو عبادت میں لگا ہوا ہے رات کی گھڑیوں
میں سجدہ کرتا ہوا اور نماز میں کھڑا ہوا ڈرتا ہے آخرت

الاستعمال كما ورد المثل في حق
من وجد جزاء ما فعل يقال كما
فعل وجد واما ما احتجوا بالحديث
عن ابي سعيد الخدري رضي الله
عنه قال قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم بلاء يصيب هذه
الامة حتى لا يجد الرجل ملجأ يلجاء
اليه من الظلم فيبعث الله رجلا
من عترتي واهل بيتي فيملأ الارض
به قسطا وعدلا كما ملئت جورا
وظلما يرضى عنه ساكن السماء
والارض لا تدع السماء من
قطرها شيئا الا صبته مدرارا و
لا تدع الارض من نباتها شيئا
الا اخرجته حتى يتمنى الاحياء
الاموات يعيش في ذلك سبع
سنين او ثمان سنين او تسع
سنين بان المهديؑ يبعث عند
اصابة البلاء لهذه الامة حتى لا
يجد الرجل ملجأ يلجاء اليه من
الظلم الحديث قلنا في الحديث
ثلثة موانع فكيف يكون حجة لهم
علينا الاول انه حديث حسانی
لا نعتقد قطعا انه صدر عن رسول
الله صلعم والثاني انه لم يذكر فيه

میں نے بیان کی ہو کثیر الاستعمال ہو جیسا کہ وارد ہوئی ہو
مثل اُس کے حق میں جسنے اپنے فعل کی جزا پایا کہا جاتا
ہو کہ جیسا کیا ویسا پایا۔ اور جو حجت لیتے ہیں مخالفان
مہدیؑ اس حدیث سے جو ابو سعید خدریؓ سے مروی
ہو کہا رسول خدا نے ایک بلا کا ذکر کیا جو اس امت کو
پہنچیگی یہاں تک کہ آدمی کو کوئی ایسا ٹھکانا نہیں ملیگا کہ
اس کے ظلم سے بچکر اس طرف چلا جاوے پس اللہ تعالی
میری عترت اور میری اہل بیت سے ایک آدمی کو بھیجیگا
اس کے سبب سے اللہ تعالی زمین کو داد و عدل سے
بھر دیگا جیسا کہ جور و ظلم سے بھری ہوئی تھی اُس سے
آسمان اور زمین کے رہنے والے سب راضی ہو جائینگے
آسمان اپنی بارش کے قطروں میں سے بغیر برسائے
کچھ نہیں چھوڑیگا اور زمین اپنی روئیدگی میں سے بغیر اگائے
کچھ نہیں چھوڑے گی یہاں تک کہ زندہ لوگ مُردوں کی
آرزو کریں گے زندگی کریگا وہ مرد سات سال یا آٹھ
سال یا نو سال۔ مخالفوں نے یہ اعتقاد باندہ لیا
ہے کہ مہدیؑ بھیجا جائیگا اس امت پر بلا پہنچنے کے
وقت حتی کہ آدمی کو کوئی ایسا ٹھکانا نہیں ملیگا کہ اُس
کے ظلم سے بچکر اسطرف چلا جاوے الخ ہم کہتے ہیں کہ
حدیث میں تین مانع ہیں پس یہ حدیث ان کے
لئے کیسے حجت ہو سکتی ہے ہم پر مانع اول یہ کہ
حدیث حسانی ہے ہم قطعی طور پہ یہ اعتقاد
نہیں کر سکتے کہ یہ حدیث رسول اللہؐ سے صادر ہوئی
ہے مانع دوم یہ کہ اس حدیث میں مہدیؑ کا نام
ظاہر نہیں۔ مانع سوم یہ کہ اصحاب آنحضرتؐ نے یہ ذکر

المدارک فی تفسیر قولہ تعالیٰ فکاتبوھم ان علمتم فیھم خیرا فبطل ما احتجوا بالحدیث من حیث حمل معناہ الیٰ غیر ما یوافق حالہ ولئن سلمنا قلنا العطاء الکثیر من المھدیؑ ھدایۃ الخلق الصراط المستقیم خصوصا الذی یطلب منہ الفیض بصدق النیۃ لانہ حدیث حسانی من الاحاد غیر المتواتر لا تحمل معناہ الا علی ما وافق امر الدین ولا یعارض حال المھدیؑ فکان کما قال الامام علم الدین بان الحدیث یبنی عن عدلہ واحسانہ والاحسان ما ذکر فی الحدیث قولہ علیہ السلام ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک الحدیث لانہ خلیفۃ اللہ مبعوث لذلک الامر فان قلت فما معنی انہ یحثی لہ فی ثوبہ قلت الا تری انہ من طلب الفاتحۃ تبرکا عن المشائخ والاکابر فانہ یبسط ثوبہ فاذا قرأ الفاتحۃ یقبض کانہ نشر فیہ شیئا والاخذ فی الثوب عبارۃ عن الاستفادۃ ھھنا اکثر

میں کوئی حصہ نہیں۔ ایسا ہی ہے مدارک میں اللہ تعالیٰ کے قول پس مکاتب بناؤ اگر تم جانو ان میں شائستگی کی تفسیر میں۔ پس مخالفان مہدیؑ کا مہدیؑ کے حال سے موافقت رکھنے والی چیز کے خلاف حدیث کا معنی کرکے حدیث سے حجت لینا باطل ہوگیا اور اگر ہم حدیث کا معنی جو علماء نے سمجھا ہے اس کو سلامت بھی رکھیں تو جواباً کہتے ہیں کہ مہدیؑ کی عطاء بزرگ خلق کو صراط مستقیم (راہ طلب خدا) کی ہدایت کرنا ہے خصوصاً اس شخص کو جو صدق نیت سے مہدیؑ سے فیض طلب کرتا ہے اسلئے کہ حدیث حسانی احاد سے ہے متواتر نہیں سوائے اسکے [illegible] نہوں گے مگر اس طرح کہ امر دین کے موافق ہوں اور مہدیؑ کے حال کے مخالف نہوں پس یہ معنے ایسے ہیں جیسا کہ امام علم الدین سفیان ثوری؟ نے ذکر کیا ہے کہ حدیث مہدیؑ کے عدل و احسان کی خبر دیتی ہے اور احسان وہ ہے جس کا ذکر حدیث میں مذکور ہوا یعنی آنحضرتؐ نے فرمایا کہ تو اللہ کی عبادت اسطرح کر گویا کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہے اور اگر تو نہیں دیکھ سکتا تو یہ سمجھ کہ اللہ تجھکو دیکھتا ہے الخ اسلئے کہ مہدیؑ اللہ تعالیٰ کا خلیفہ ہے اسی کام کیلئے بھیجا گیا ہے پس اگر کہے تو کہ مہدیؑ سوال کرنیوالے کے دامن میں مال ڈالنے کے کیا معنی ہیں تو میں کہتا ہوں کہ کیا تو نہیں دیکھتا ہے کہ کوئی شخص کسی مشائخ اور بزرگ سے تبرکاً فاتحہ طلب کرتا ہے تو پھیلاتا ہے اپنے دامن کو اور جب وہ فاتحہ پڑھ [illegible] تو سمیٹ لیتا ہے اپنے دامن کو گویا کہ کوئی چیز اپنے دامن میں لے لیا ہے اور کپڑے میں لینے سے مراد فائدہ طلب کرنا ہے یہ تمثیل جو

يصدر عنه لانه يأتي به بطوع
نفسه وذلك يدل بان المهديؑ
حقه ان يكون له قهر وغلبة
فيمنع الناس عن الظلم لان الظالم
على الغير لابد ان يكون ذا قهر و
غلبة فمنعه لا يكون الا بمثله قلت
جوابه بوجهين احدهما انا لا نسلم
ان المنع من الظلم مربوط بالقهر و
الغلبة بل يمكن بالحكمة والموعظة
وحسن المعاشرة كما كان لكثير من
الانبياء عليهم السلام وكان اعمهم
اكثر من ان يحصى من غير قتال
مع احدهم والثاني ان القهر و
الغلبة لم يشترط في صدق
النبوة فكيف يشترط في صدق
الولاية والمهديؑ من الاولياء
كما ذكرنا فمن شرط القهر والغلبة
في صدق المهدية فقد افرط في
الخطاء افراطا فاحشا كما ذكرنا من
غير مرة ولئن سلمنا قلنا بانه
ذكرنا جوابه في تفسير قوله تع
وما ارسلناك الا كافة للناس
الاية وفي تفسير قوله تع وما
ارسلناك الا رحمة للعالمين
الاية بانه لا يتوقف الامر على

طرف آتا ہے اور یہ بات دلالت کرتی ہے کہ مہدیؑ کے حق میں
قہر وغلبہ ظاہری ہو اور مہدیؑ لوگوں کو ظلم سے منع کرے
اسلئے کہ ظالم علی الغیر کا صاحب قہر وغلبہ ہونا ضروری ہے
اور اس کو منع کرنے والا وہی ہو سکتا ہے جو اسکی طرح صاحب
قہر وغلبہ ہو میں کہتا ہوں کہ اس کا جواب دو
وجہ پر ہے ایک وجہ یہ کہ ہم تسلیم نہیں کرتے
کہ ظلم سے منع کرنا قہر وغلبہ سے متعلق ہے بلکہ
حکمت، نصیحت اور بایکدیگر نیک زندگی
بسر کرنے سے منع کرنا ممکن ہے جیسا کہ
اکثر پیغمبر علیہ السلام تھے اور عموماً بے شمار
ایسے تھے کہ انھوں نے قتال نہیں کیا اور
دوسری وجہ یہ کہ نبوت کے لئے قہر و
غلبہ کی شرط نہیں لگائی گئی تو ولایت کی
سچائی کے لئے کیونکر شرط لگائی جاتی ہے
اور مہدیؑ اولیاء سے ہے چنانچہ اس
کا ذکر ہم نے پہلے کر دیا ہے پس جس نے
دعوی مہدیت کی سچائی کے لئے قہر وغلبہ کی
شرط لگائی پس تحقیق کہ اس نے خطا کرنے
میں زیادتی کی حد سے زیادہ زیادتی کرنا چنانچہ
اس کا ذکر ہم نے کئی بار کر دیا ہے اور اگر ہم اس
کو تسلیم کریں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اس کا جواب
دیدیا ہے اللہ تعالے کے قول. ہم نے تجھکو بھیجا
ہے تمام لوگوں کے لئے. کی تفسیر میں. اور اللہ
تعالے کے قول. ہمنے تجھکو تمام عالم کیلئے رحمت
بنا کر بھیجا ہے. کی تفسیر میں کہ داد و عدل سے

اسم المهدیؑ والثالث انه لم
یذکر اسمه اسمی واسم ابیه
اسم ابی لیکون احتمالا فی حق
المهدیؑ فلیکن فی آخر الزمان
واحد من اولاد الرسول علیه السلام
یفعل کذا وکذا فلا نسلم هذه
الاقوال لتکذیب من یصلح المهدیۃ
بالحجج الذی ذکرنا ویدعیه و
لئن سلمنا قلنا المراد بالظلم ما
ذکرنا من الاصول الستة فلا بد
من ان یکون بعث المهدیؑ عند
وجود هذه الاشیاء واعراض
الخلق عن الله تعالے والاشتغال
بالملاهی والبدع فیرشدهم
الی الله تع بانواع الحکمة والموعظة
فیجادلهم بالاوامر والنواهی بالنوع
الذی هو احسن لانه خلیفة لهذا
الامر وهو مامور بما امر به رسول
اللهؐ کما فی قوله تع ادع الی سبیل
ربك بالحکمة والموعظة الحسنة
وجادلهم بالتی هی احسن الآیة
فان قلت قوله ع حتی لا یجد الرجل
ملجأ یلجأ الیه من الظلم یدل علی
الظلم علی الغیر لا الانسان لا
یلجأ من الکفر والعصیان الذی عن

نہیں فرمایا کہ اس کا نام میرا نام ہے اور اسکے باپ کا نام
میرے باپ کا نام ہے تاکہ مہدیؑ کے حق میں ہونے کا احتمال
ہوتا پس چاہئے کہ ہووے آخر زمانہ میں ایک شخص اولاد
رسولؑ سے کہ کرے ایسا اور ایسا اس سے یہ لازم نہیں
آتا کہ وہ مرد مہدی موعودؑ ہو پس یہ اقوال اس ذات کو
جھٹلانیکی صلاحیت نہیں رکھتے جو دعوی مہدیت کی صلاحیت
اُن دلائل سے رکھتا ہے جن کا ذکر ہم نے کردیا ہے حالانکہ مہدیؑ
دعوی کرتا ہے امر مہدیت کا اور اگر ہم تسلیم کریں تو کہتے
ہیں کہ ظلم سے مراد وہ ہے جس کا ذکر ہمنے اصول ستہ
میں کیا ہے پس ضرور ہے کہ مہدیؑ مبعوث ہو اصول
ستہ گناہ کبیرہ کے موجود ہونے اور اللہ سے رخ پھیر کر
لہو ولعب اور بدعتوں میں مشغول ہونے کے وقت پس
مہدیؑ ارشاد کریگا لوگوں کو اللہ کی طرف رجوع ہونے
کا اقسام کی حکمت اور نصیحتوں سے اور جدال کریگا انسے
اوامر ونواہی میں بطریق احسن اسلئے کہ مہدیؑ خلیفہ ہے
اسی کام کیلئے اور مہدیؑ کو اسی چیز کا حکم کیا گیا ہے جس چیز
کا حکم رسولؐ کو کیا گیا جیسا کہ اللہ تعالے کے قول میں ہے
کہ بُلا لوگونکو اپنے رب کے راستہ کیطرف حکمت اور نیک
نصیحت سے اور ان کے ساتھ بحث کر جس طرح بہتر
ہو پس اگر کہیے تو کہ آنحضرتؐ کا فرمان ہذا یہاں تک
کہ آدمی کو کوئی ایسا ٹھکانہ نہیں ملیگا کہ اس کے ظلم سے
بچکر اُس طرف چلا جائے ۔ دلالت کرتا ہے ظلم علی الغیر
پر ظلم علی النفس پر نہیں اس لئے کہ آدمی پناہ لیتا ہے
کفر اور گناہ سے جو اس کی ذات سے صادر ہوتا ہے
کیونکہ آدمی اپنے نفس کی رغبت سے کفر و گناہ کی

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم ستکون فتن القاعد فیہا خیر من القائم والقائم فیہا خیر من الماشی والماشی فیہا خیر من الساعی من تشرف لہا تشرفہ ومن وجد فیہا ملجاء او معاذا فلیعذ بہ انتہی ثم یبعث اللہ المہدیؑ فیدعو الناس الی الشریعۃ والطریقۃ والحقیقۃ بحسب استعدادالمرء بتاثیر تبلیغ الیہ میل کل نفس بنعت الشوق والاذعان لہ بسماع کلماتہ المرغوبۃ وصحبتہ المشغوفۃ وذلک ظہور القسط والعدل منہ فیلجاء الیہ المومن المتقی بذکر اللہ تع یحصل الدین واما قولہ لاتدع السماء الاخر حاصل ہذا الکلام انہ لایکون زمانہ زمان قحط ومصیبۃ بل یکون زمانہ زمان رخص و سعۃ ولاشک ان من کان یصلح المہدیۃ یرضی عنہ ساکن السماء وساکن الارض الا الشیاطین والحساد المتمردین الکاذبین الذین یعادون اولاد

والے سے بہتر ہوگا اور اُسمیں چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا جو شخص اسے جھانکے گا تو وہ فتنہ اُسے اپنی طرف کھینچ لیگا اور جو شخص اس سے بچنے کی اور پناہ کی جگہ پا سکے تو وہ ضرور ہی کہیں پناہ لیلے انتہیٰ پھر بھیجیگا اللہ مہدیؑ کو پس مہدیؑ لوگوں کو شریعت طریقت اور حقیقت کی طرف ایک ایسی موثر تبلیغ کے ساتھ بلائے گا جس کی طرف ہر نفس کا میلان صفت شوق ویقین سے اس کے مرغوب کلمات سننے اور اس کی شغف آمیز صحبت میں رہنے کے لئے ہوگا یہ ہیں معنی مہدیؑ سے داد و عدل ظاہر ہونے کے پس پناہ لیں گے پرہیزگار مومن مہدیؑ کے پاس مشغول ہوں گے اللہ تعالے کے ذکر میں حاصل کریں گے خدا کے دین کو۔ اور آنحضرتؐ کا قول آسمان اپنی بارش کے قطروں میں سے بغیر برسائے کچھ نہیں چھوڑے گا الخ۔ اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ مہدیؑ کا زمانہ قحط و مصیبت کا زمانہ نہوگا بلکہ ارزانی اور فراخی کا زمانہ ہوگا بیشک جو ذات دعوے مہدیت کی صلاحیت رکھتی ہے اُس سے زمین و آسمان کے رہنے والے راضی ہوجاتے ہیں لیکن شیطان اور سرکشی کرنیوالے حاسد حق کو جھٹلانے والے جو اولاد رسولؐ سے عداوت رکھتے ہیں کہدیتے ہیں مہدیؑ کی شان میں ایسی بات جو مہدیؑ کے حال کے موافق

المهدیؑ بإملاء القسط والعدل
بل يدوم الحكم عليه وعلى
تابعيه الى نزول عيسى عليه
السلام فاما ما قلت ان لفظ الحديث
يدل على الظلم على الغير قلت
هب ان معناه كما قلت وذلك
ماينبغي وتستدل بالآيات فالله
وفقك ولكن لا نسلّم انثلام
العدل بمثله بالتشبيه فان قلته
منصوص عليه بضرورة منصوصية
كثرة الظلم مطلقا ابدا لما ذكرنا
من الدلائل فثبت التشبيه
بالكيفية حقيقة وفي بعض المطلق
كمية الافراد والحق في هذا
الباب ان يكون معناه حتى لا
يجد الرجل المؤمن المتقي ملجأ
عن كثرة ظلم الظالمين على
كمية الافراد اي كفر الكافرين و
عصيان المذنبين لانه يحترزهم
ويختار عنهم العزلة فلا يجد
موضعا للعزلة بكثرتهم وذلك
عبارة من كثرة الفساد لا نفي
وجود الملجأ حقيقة كما ورد في
الحديث ذكر في متفقات البخاري
والمسلم عن ابي هريرة رضي الله عنه

پھر اسکا حکم صرف مہدیؑ پر موقوف نہیں ہے بلکہ یہ حکم مہدیؑ اور
آپکی پیروی کرنیوالے پر عیسیٰؑ کے اتر آنے تک جاری رہیگا
اور تیرا یہ کہنا کہ حدیث کا لفظ ظلم علی الغیر پر دلالت کرتا ہے
میں کہتا ہوں کہ ہشیار ہو معنی تو وہی ہیں تو جو کہتا ہے اور یہی
سزاوار ہے اور تو اس معنی پر قرآن کی آیتوں سے دلیل
طلب کرتا ہے پس اللہ تجھکو اس معنی کے برداشت کرنیکی
توفیق دے ولیکن ہم تشبیہ میں جور و ظلم کی طرح داد و
عدل سے پھرنے کو تسلیم نہیں کرتے پس تحقیق کہ عدل کی
قلت ضرورۃً منصوص ہے اور کثرت ظلم مطلقاً ہمیشہ کیلئے
منصوص ہے اُن دلائل کی جہت سے جن کا ذکر ہم نے
کردیا ہے پس تشبیہ حقیقۃً کیفیت میں ثابت ہوئی اور افراد
کی کمیت کے لحاظ سے بعض مطلق میں اور حق اس باب میں
یہ معنی ہیں کہ مرد مومن متقی ظالمین کے کثرت ظلم سے
جائے پناہ نہ پائے گا کمیت افراد کی بناء پر یعنی
کافروں کے کفر اور گنہگاروں کی نافرمانی کی بناء پر
اسلئے کہ مرد مومن ان سے پرہیز کریگا اور اُن سے عزلت
اختیار کریگا پس نہیں پائے گا عزلت کیلئے مقام ظالموں
گنہگاروں کی کثرت کے سبب سے اس کے یہ معنی
ہیں کہ فساد کثرت سے ہوگا یہ معنی نہیں کہ حقیقۃً
جائے پناہ کا وجود نہ ہوگا چنانچہ حدیث میں
وارد ہوا ہے متفقات بخاری و مسلم میں ذکر
کیا گیا ہے کہ ابوہریرہ رضہ سے مروی ہے کہا فرمایا
رسول ؐ نے کہ عنقریب بہت سے فتنے
(فساد) ہونگے اُس زمانہ میں بیٹھا ہوا آدمی کھڑے
ہوئے آدمی سے بہتر ہوگا اور اس میں کھڑا ہوا چلنے

رسول اللہ م یخلقه الله متیٰ شاء
ویبعثه نصرة لدینه فقوله قد
تواترت الاخبار واستفاضت
بکثرة رواتها یدل علیٰ ان خبر
المهدیؑ متواترا لمعنی فی خروجه
ومختلف فیه فی علاماته فلذالك
اختلف الناس فی العلامات
فتوقف جماعة لوفور دیاتهم
واحالوا العلم الیٰ عالمه واعتقدوا
بانه من اولاد فاطمة رض یخرج فی
آخر الزمان لتواتر الاخبار وتحقیقها
علی هذا لمعنی دون غیره فان
فیها اختلافا فاحشا والمختلف فیه
لیس بحجة قطعیة فبهذا اظهر فساد
ما روی عن ابن سیرین رحمة
الله علیه ان القحطانی هو المهدیؑ
واما ماقال فی شرح المقاصد
فذهب العلماء الیٰ انه امام
عادل مطلقا من غیر تعین فی
قلة العدل وکثرته فی جمیع الدنیا
او اکثرها وقوله یخلقه الله متیٰ
شاء یحترز به عن قول الشیعة
بانه محمد بن الحسن العسکری
او محمد بن علی الحنفیة فانهم
قیدوا انه خلق وهو فی الغار

راویوں کی کثرت سے، دلالت کرتا ہے اس بات
پر کہ خبر مہدیؑ متواتر المعنی ہے مجی مہدیؑ کے متعلق اور
اختلاف کیا گیا ہے آپ کی علامات میں اسی لئے
لوگوں نے علامات میں اختلاف کیا اور ایک جماعت
نے اپنی کثرت دیانت کی وجہ سے توقف کیا
اور علامات کے علم کو اس کے عالم (خدا تعالیٰ)
کے حوالہ کیا اور اس بات کی معتقد ہوئی کہ مہدیؑ
اولاد فاطمہ رض سے نکلیگا آخری زمانہ میں بہ
سبب پے در پے ہونے احادیث مجی مہدیؑ میں
اور تحقیقات ان احادیث کی اسی معنی پر ہے دوسرے
معنی پر نہیں کیونکہ دوسرے معنی کی احادیث میں
اختلاف ظاہر ہے اور جس چیز میں اختلاف
کیا جاتا ہے حجت قطعی نہیں ہوتی پس اس بیان
سے ظاہر ہوگیا فساد اس کا جس کی روایت ابن
سیرین رح نے کی ہے کہ قحطانی ہی مہدیؑ ہے اور
وہ جو علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں فرمایا ہے
کہ علماء اہل سنت وجماعت کا مذہب یہ ہے کہ
مہدیؑ امام عادل ہے مطلق ہے یعنی تھوڑے
یا بہت عدل یا تمام یا اکثر زمین کے تعین کے
بغیر ہے اور علامہ تفتازانی رح کا قول اللہ تعالیٰ
جب چاہے گا مہدیؑ کو پیدا کریگا پرہیز کرتا ہے اپنے
اس قول سے شیعہ کے قول سے جو کہتے ہیں کہ
مہدی محمد بن عسکری ہیں یا محمد بن علی حنفی ہیں پس
شیعہ نے قید کیا ہے کہ مہدی پیدا کئے گئے ہیں
اور وہ غار میں چھپے ہوئے ہیں دشمنوں کے خوف

الرسول ع ويقولون في شانه ما لا
يليق بحاله وسائر الاحاديث
التي يذكرون في شان المهدي ع
انها ضعاف غاية الضعف لا
يولف بها احد من المتقدمين
ولا يتمسك به الا من تمرد نقول
المهدي ع لاختيار الدنيا على
الاخرة وحب الرياسة كما فعل
اهل الكتاب بنبينا محمد عليه
السلام وما كان قريبا من المعاني
المذكورة تركتها صونا عن التكرار
اما ما اختار السلف واتفقوا
في شانه فقد ذكر القرطبي وقد
تواترت الاخبار واستفاضت
بكثرة رواتها عن النبي عليه
السلام في حق المهدي ع قال
البيهقي في شعب الايمان و
اختلف الناس في امر المهدي ع
فتوقف جماعة لوفور ديانتهم
واحالوا العلم الى عالمه واعتقدوا
انه واحد من ولد فاطمة
بنت رسول الله صلعم يخرج في
اخر الزمان قال في شرح المقاصد
فذهب العلماء الى انه امام
عادل من ولد فاطمة بنت

نہیں اور وہ تمام احادیث جن کو مخالفانِ مہدی ع مہدی کی
شان میں بیان کرتے ہیں نہایت درجہ کی ضعیف ہیں متقدمین
سے کسی نے بھی ان احادیث کو جمع نہیں کیا اور نہ ان احادیث
سے دلیل لی مگر (وہ شخص ضعیف احادیث سے استدلال کیا)
جس نے ظاہری ریاست کی محبت اور دنیا کو آخرت
کے مقابلہ میں اختیار کرکے قول مہدی ع سے سرکشی کی جیسا کہ یہود
ونصاریٰ نے ہمارے نبی ع سے سرکشی کی اور جو کچھ معانی مذکور
سے قریب تھا میں نے اسکو چھوڑ دیا کلام کو تکرار سے بچانے
کیلئے لیکن وہ چیز جسکو علماء سلف نے اختیار کیا اور مہدی
کی شان میں اتفاق کیا ہے اُس کو لیا ہے پس تحقیق کہ ذکر کیا امام
قرطبی نے اخبار متواتر آئی ہیں اور پھیل گئی ہیں راویوں کی
کثرت کی وجہ سے نبی ع کی روایت سے مہدی ع کے حق میں۔ اور
فرمایا امام بیہقی نے شعب الایمان میں کہ مہدی ع کی علامتوں
کے باہمی لوگوں نے اختلاف کیا ہے پس ایک جماعت
نے توقف کیا اپنی کثرت دیانت کی وجہ سے اور علامات کے
علم کو حوالہ کیا اسکے عالم کے (اللہ تعالےٰ کے) اور یا سبات
کی معتقد ہوگئی کہ مہدی ع ایک شخص ہے فاطمہ
بنت رسول اللہ ع کی اولاد سے نکلے گا آخری
زمانہ میں۔ اور امام سعد الدین تفتازانی رح
نے شرح مقاصد میں فرمایا کہ علماء و اہل سنت
وجماعت کا مذہب یہ ہے کہ مہدی ع امام عادل
ہے فاطمہ بنت رسول اللہ ص کی اولاد سے
اللہ تعالےٰ جب چاہے گا مہدی ع کو پیدا
کریگا دین کی نصرت کے لئے۔ پس امام قرطبی
کا قول ہذا۔ اخبار متواتر آئی ہیں اور پھیل گئی ہیں

الله صلی الله علیه وسلم ووصفوا
باحسن الاوصاف ونودید عوا
المهدیة لدیانتهم لان من
وصل هذا المقام لابد له من
دیانته وصدقه فمن ادعی منهم
لم یکن بعثه فی المائة العاشرة
من الهجرة فمن ادعی منهم فی
حال السکر رجع فی الصحو او
بعد زمان لورود ذلك المقام
او كان كذابا لم یدرك عنه
المتابعة الكاملة لرسول الله علیه
السلام فقتل واما من كان منهم
ولیا لم یتصور عنه الكذب و
ادعی المهدیة فهی المغالطة فی
ظنه وذلك لان لكل نبی ولایة
وختم ولایتهم مقدر فی امة
محمد علیه السلام ثم اولیاء
امة محمد ع ارتقوا درجات
ولایة تلك الانبیاء فكذلك
معنی قوله علیه السلام علماء
امتی كانبیاء بنی اسرائیل فعلم
احدهم من الله ومن رسوله
انه خاتم الولایة فظن انه ختم
ولایة محمد علیه السلام لكونه
فی امته وخاتم هذه الولایة هو

دعوی مہدیت نہیں کیا کیونکہ جو شخص اس مقام کو
پہنچتا ہے اس کے لئے دیانت دار اور راست گو
ہونا ضروری ہے پس انہیں سے جس نے دعوی مہدیت
کیا اس کی بعثت دسویں صدی ہجری میں نہوئی پس
ان میں سے جس نے بیہوشی کی حالت میں دعوی
کیا سو اس نے ہشیاری کی حالت میں رجوع کی
یا اس نے زمانہ کے بعد مقام دعوی سے نیچے کے
مقام میں آکر رجوع کی یا وہ شخص اپنے دعوی میں
جھوٹا تھا اس میں رسول کی کامل متابعت نہیں پائی
گئی تو قتل کیا گیا اور جو شخص انہیں سے ولی ہے
اور اس کا جھوٹ بولنا متصور نہو اور اس نے
مہدیت کا دعوی کیا تو یہ دعوی اس کے گمان میں
مغالطہ ہے یہ اس لئے کہ ہر ایک نبی کے لئے
ولایت ہے اور ان کا ختم ولایت امت محمد ع
میں مقدر ہے پس امت محمدؐ کے اولیاء نے
انبیاء کی ولایت کے درجات کی ترقی کی پس
یہی معنی ہیں آنحضرتؐ کے فرمان ہذا کے میری
امت کے علماء انبیاء بنی اسرائیل کے مانند
ہیں پس ایک انہیں سے اللہ اور اللہ کے
رسول سے معلوم کیا کہ وہ خاتم ولایت ہے تو
اس نے امت محمدؐ میں ہونے کی وجہ سے گمان
کیا کہ خود خاتم ولایت محمد ہے اور چونکہ خاتم ولایت
محمدیؐ مہدیؑ ہے لہذا اس ولی نے اپنی ذات
پر گمان کیا کہ میں مہدی موعود ہوں پھر جو کوئی ولی
اسی طرح دعوی کیا تو وہ اپنے دعوی پر مصر نہ رہا اور

مختف لخوف الاعداء وقوله متى
شاء يحترز به عن تعيين الجمع
بعيسى ع فالحاصل ان علامات
المهدى ع مقصورة على انه يكون
من ولد فاطمة بنت رسول الله
صلى الله عليه وآله وسلم و
ان يكون اماما كآبائه من
الائمة من اهل البيت رضوان
الله عليهم وان يكون عادلا
صاحب تاثير يملاء العدل اى
الخصال المحمودة فى قلوب من
يصحبه ويرفع عنه الظلم اى الخصال
المذمومة ويكون متابعا لرسول
الله عليه السلام كل المتابعة لقوله
عليه السلام انه يقفو اثرى ولا
يخطى ويكون بنفسه مجبولا على
القسط والعدل بان لا يجنح الى
الظلم شيئا ويسعى فى ارتفاع
الظلم من اى وجه كان ويصلح
للامامة بالخصال التى ذكرناه ثم
يدعى بانه المهدى الموعود فى
آخر الزمان فى صحو ويصير عليها
الى ان يموت وان يكون بعثه
فى المائة العاشرة من الهجرة والا
فكثير من المشائخ اتبعوا رسول

سے اور علامہ کا قول "جب چاہیگا" پرہیز کرتا ہے
مہدی اور عیسیٰ علیہما السلام کے جمع ہونیکے تعین سے
پس حاصل یہ کہ مہدیؑ کی مہدیت کے ثبوت کے
علامات معین کئے گئے ہیں اس بات پر کہ (۱) مہدیؑ
فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ کی اولاد سے ہو (۲) مہدی
علیہ السلام اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین سے
اپنے آبا و اجداد کے مانند امام ہو (۳) مہدیؑ صاحب
تاثیر عادل ہو بھرے عدل کو یعنے پسندیدہ
خصلتوں کو اس کے دل میں جو آپ کی صحبت
میں رہے اور دور کرے اس سے ظلم کو یعنے
بری خصلتوں کو (۴) مہدیؑ رسولؐ کی کامل
متابعت کرنے والا ہو فرمان رسولؐ سے
کہ مہدیؑ میرے قدم بہ قدم چلیگا اور خطا
نہیں کریگا (۵) مہدیؑ داد و عدل پر بذات خود
بہ طبیعت جبلی ہو کسی چیز کے ظلم کی طرف
رخ نہ کرے جس کسی وجہ سے ہو ظلم دور
کرنے کی کوشش کرے اور صلاحیت
رکھتا ہو امامت کی ان خصلتوں سے جن کا
ذکر ہم نے کر دیا ہے اور (ان علامات کیساتھ)
ہشیاری کی حالت میں دعوی کرے کہ میں مہدی
موعود آخر الزماں ہوں اور اپنے اس دعوے
پر وفات تک مصر رہے (۶) مہدیؑ کی بعثت
دسویں صدی ہجری میں ہو ورنہ بہت سے مشائخوں
نے رسولؐ کی پیروی کی اور بہترین اوصاف سے
موصوف ہوئے اور اپنی دیانت کی وجہ سے

محمداً عليه السلام واصحابه واولاده
بانهم يقاتلون في سبيل الله لاعلاء
كلمة الله ثم فيقتلون ويقتلون
ويخرجون من ديارهم وبلادهم
ومع هذا يجاهدون في سبيل
الله باموالهم وانفسهم ويهاجرون
في سبيله ويصبرون على الفتن
والبلاء ولا يتركون دين الحق
ومتابعة رسول اللهؐ ومتابعة
المهديؑ في جميع احواله و
يلازمون الفقر ولا يلتفتون الى
الاغنياء واموالهم لا يضرهم
من خذلهم ولا من خالفهم
يتمسكون بكتاب الله ويتوكلون
عليه ويفوضون امورهم اليه
ولا يشتغلون بامور الدنيا و
طلب المعاش ولا يتركون صحبة
الاصحاب والاخوان وهم الوف
ذكورهم واناثهم وصغيرهم وكبيرهم
على طريق واحد مطمئنون بالايمان
والفقر لا يسألون الناس الحافا
ويرشدون الناس طريق الحق
والهداية ثابتين على الشرع
لا يتجاوزون الحق ذرة ولا لمحة
ولا طرفة في الاقوال والافعال

راہ میں جنگ کرتے تھے پس قتل کئے اور قتل کئے گئے
